بھاری پن کے سبب اُسکی رانین آپس مین
گھسکناتی ہون - عورت جسکی
خلاف بڑی ہوا اور چوتڑ موٹے موٹے
عضنکہ (فعللہ) بمعنی عضنک
(فعلل) اور موٹی عورت بھینگی بدو
عُضو (فُعل) اندام - بدن - ہر گوشت
جو ہڈی مین جوڑا ہوا ہو ٹکڑے جوڑ
اعضاء (افعال) جمع -
عضو (فعل) (ن) جدا کرنا اور
جوڑ جوڑ الگ کرنا -
عضو (فعول) بالباس ہونا -
خوشحال ہونا - دال روٹی سے
خوش ہونا -
عضوب (فعول) (ک) چرب
زبان ہونا - تلوار کا تیز ہونا -
عضوض (فعول) جو چیز کہ منھ
سے کاٹی جاوے سکھانے
کے لائق چیز - کاٹنے والا - کمان
جسکا چلہ قبضہ پر چسپیدہ ہو -
مشقت مین ڈالنے والا - عورت جسکی فلان
تنگ ہو - بلا عقلمند - زمانہ سخت اور
کاٹنے والا - ملک جسپر بہت سا
ظلم و ستم ہوا ہو - چھوٹے سے
منھ کا کوان جسکی تھاہ دور ہو -
اندرا کوان - عضض (فعل)
عِضاض (فعال) جمع -
عضوم (فعول) اونٹنی سخت
بدن کی مضبوط -
عضہ (فعل) عضیہہ (فعیلہ)
عضہہ (فعلہ) جھوٹ بولنا -
جادو کرنا - سخن چینی کرنی - باتین
بات نکالنی - کانٹون دار درخت کھانا
عضہ (فعل) (س) عضاہ کھانے
سے اونٹون کا بیمار ہو جانا -
اونٹون کا عضاہ کو چرنا - جھوٹ
کہنا - تہمت کرنی - کسی پر جھوٹ
باندھنا اور وہ کہنا جو اُسمین نہین ہے
عضاہ کو قطع کرنا -
عضہ (فعل) خاردار درخت بزرگ
اور لیناب جیسے ببول وغیرہ -
بعیر عضہ عضاہ کھانے والا اونٹ
عضہہ (فعلہ) عضاۃ تاک زمین
عضلۃ (فعللۃ) شیشے کے

عضنک
عضو
عضب
۳۳۹
عضف
عضم
عضہ
عضل
۱۲

مزدور۔ خادم کسی کے پیچھے دوڑنیوالا

عضر (فس) (ض) باز رکہنا چبانا

عضط (فس) (من) وقت جماع کے گوز لگانا۔

عضفوط (فسفس) بمعنی عضرفوط

عضل (فس) عضول (فففس) (ن) تنگ کرنا۔ کسی پر کام کا دشوار ہونا

عضل (فس) عضل (کس) عضلان (کسفس) عورت کو خاوند کرنے سے زبردستی باز رکہنا

عضل (فف) جنگلی چوہا۔ عضلان (کسفس) (منسفس) جمع۔

عضل (فف) (س) عضلہ ناک ہونا یا پنڈلی کے پٹھے کا دلدار ہونا۔

عضل (فک) عضلہ ناک۔

عضل (کس) عقلمند مرد بہت سخت۔

عضلۃ (فسف) بلا و سختی عضل (فف) عضل (فس جمع)۔

عضلۃ (ففف) پٹھا یا سخت گوشت۔ بازو اور پنڈلی کی مچھلیاں جنکو عضلہ کہتے ہین۔ ہر گوشت کہ سخت پٹھے مین پڑا اور مجتمع ہو عضل (فف) عضلات (ففففس) جمع۔

عضم (فس) کمان کا قبضہ عضام (کفس) جمع۔ نشانہ کا سرا۔ بیلچہ جس سے گیہون پاک و صاف کرتے ہین اور اُسے اونگلیون کی مانند بناتے ہین۔ اونٹ اور گھوڑے کا دگزہ۔ اعضمۃ (فسکف)

عضم (فضس) جمع۔ پہاڑی بکرا۔ ہل کے پھالی کی لکڑی کہ جسکے سرے پر لوہا ہوتا ہی۔ پہاڑ مین ایک لکیر جسکا رنگ پہاڑ کے رنگ سے مخالف ہو۔

عضمجۃ (فسفف) مادین العنبری

عضمر (ففتف) بخیل تنگ دل بدخو

عضمز (ففتف) شیر۔ ہر چیز سخت بخیل۔

عضمزۃ (ففتفف) بخیل عورت نہایت بڑہیا جسکا اوپلا سا منہہ اور موٹی موٹی باچھین ہون۔ خوب عقلمند عورت بڑے رخسار کی کمینی عورت ٹھنگنے قد کی۔

عضموز (فضفس) کوئین کی گھرنی

لہ عضر
لہ عضط
لہ عضفط
لہ عضل
لہ عضم

۳۳۸

عضمج
عضمر
عضمز
عضمز

۱۲

عطب (ضس) روئی۔
عطب (فف) (رس) ہلاک ہو جانا
اونٹ اور گھوڑے کا چلنے سے
رہجانا اور تھک جانا۔
عطبۃ (فسف) لتہ کہ جس سے
آگ سلگائیں۔ تھوڑی سی روئی۔
عطبل (ضسف) جوان خوب
صورت عورت۔ پوری پیدائش
کی تنومند گول ہاتھ پاؤں کے
پر گوشت یعنی گردن والی عطبول
(ضسضس) عطبولۃ (ضسضسف)
عیطبول (فسففس) بمعنی عطبل
(ضسفض) عطابل (فضسک) عطابیل
(فضسکس) جمع۔
عطر (زک) خوشبو ملے ہوئے
عطر لگائے ہوئے۔ عطرۃ (فکف)
مونث۔ عطرات (فکفس) جمع۔
عطر (فف) (رس) خوشبودار ہونا
عطر (کس) خوشبو۔ عطور (ضضس) جمع
عطرۃ (فکف) جو کہ بازار میں ساکھ
اور اعتبار رکھتا ہو۔
عطرد (فففس) سخت اور دشوار
سیر سریع۔ روشن رستہ۔ مقبول
اور برگزیدہ مرد۔ یعنی رستی۔ ایام
دراز۔ نیزہ تیز۔ سال تمام۔
عطردۃ (فسففف) نگاہ رکھنا۔
ایک چیز کے لئے ساز و سامان
کرنا اور آمادہ ہونا۔
عطرود (فسفضس) ساز و سامان
یا ساز و سامان کی خوشخبری
عطروش (ضسفضس) اس لفظ
کے کچھ معنی کسی لغوی نے نہیں
بیان کئے۔
عطس (رس) عطوس
(ضضس) عطاس (ضفس)
(رن) مرجانا چھینکنا۔ صبح کا پھٹنا
عطسۃ (فسف) چھینک۔ مشابہ
و مانند۔ مثل۔
عطش (فف) پیاسا۔
عطش (فف) (رس) پیاسا ہونا
عطش (زک) پیاسا۔ کم پانی
کی جگہ۔
عطش (فض) پیاسا۔
عطش (ضس) عطوش
(ضضس) (رن) کسی پر پیاس کھینچا جانا
عطشان (فسفس) پیاسا۔

عطب — عطبل — عطر — عطرد — عطرس — عطروش — عطس — عطش

یہ لفظ شعر فنا دیر کم
اور اسکی تفسیر نہیں کی گئی اور کسی لغت

سر کو باندھنا۔

عضید (کفس) کھجور کی قطار۔ عضیدان (کسفقس) جمع۔ کھجور کا درخت چھوٹا کہ جسپر ہاتھ پہنچے۔

عضیض (کفس) مرد کا ہم عمر اور ہمسر۔ منہ سے کاٹ کھاتا۔

عضیل (کفس) کثیف۔ بدخو۔

عضیلہ (کفست) پیچا یا سخت گو…

عضیوط (کسفس) جو کہ وقت جماع کے حدث کرے اور ہگدے۔

عضیہہ (کفست) (ن) جھوٹا ہونا۔ سخن چینی کرنی (ن) اعضا کو کاٹنا۔

عطّ (فت) (ن) [illegible] میں کپڑے کو چیرنا اور جدا کرنا۔ کسی کو زمین پر پچھاڑ دینا بعد اسپر غالب آنا۔

عطا (فض) بخشش۔ جو چیز کہ بخشی جاوے۔ اعطیہ (کسف) جمع۔

عطار (کفسم) آپس میں بانٹا دینا۔ عطا کرنا۔

عطار (فتفس) خوشبو بیچنے والا گندھی۔

عطارہ (فتفست) وہ کہ بازار میں اعتبار اور ساکھ رکھتا ہو۔

عطارۃ (کفسف) عطر سازی۔ عطار کا…

عطارد (ضفسک) دوسرے آسمان پر کا ایک ستارہ ہے۔

عطاس (ضفس) صبح چھینک۔

عطاش (ضفس) پیاس کی بیماری جسکے سبب آدمی سیراب نہ ہووے جیسے استسقاء۔ پیاس کی شدت۔

عطاط (ففس) مرد دلاور تند…

عطاف (کفس) تلوار۔ چادر۔ عطف (ضس) جمع۔

عطاف (فتفس) جال کہ جسمیں ٹیڑھی لکڑی ہو۔ قمار کا تیر کہ اور تیروں کو مائل ہو اور فائز المرام نکلے یا تیر جس سے نہ فائدہ ہو نہ نقصان۔

عطان (کفس) گوبر۔ نمک۔ جسے چمڑے پر چھڑکیں تاکہ خراب اور سڑنے نہ پاوے یعنی کھاری۔

عطان (فتفس) قوم جو اونٹونکو عطن پر اوتار لاوے۔

عطب (فس) نرمی و نازکی۔ روئی۔

عطب (فس) (ن) روئی کا نرم اور نازک ہونا۔

عرب کی رسم ہے کہ اونٹوں کو پانی پلا کر بٹھاتے ہیں ۱۲ مولوی محمد حبیب الرحمن صاحب مدظلہ ۱۲ ۱۲۱۰

برگ کی خاص ہی کہ درخت پر لپٹتی
ہی اور اُسے گائین کھاتی ہین —
عطل (فف) کالبد — کھجور کا
گچھا — اعطال (فنفس) جمع —
گردن — خالی —
عطل (ضفض) بے زیور عورت
گھوڑا اونٹ بغیر گردنی کے اور بے
رسّی اور بے داغ ونشان ہو —
بے سامان و بے سلاح مرد —
نہتھا آدمی — اعطال (فنفس) جمع —
جو کہ مال سے خالی ہو — بے ادب
قوس عطل بے چلّے کی کمان
عطل (فف) **عطول** (ضضس) (س)
عورت کا بے زیور رہنا — مرد کا نہتّا
ہونا — مال سے خالی ہونا — ادب سے
خالی ہونا — اگرچہ اِس لفظ کا اصل
استعمال زیور سے خالی ہونے مین
ہی لیکن ہر ایک چیز سے خالی ہونے
مین استعمال کیا جاتا ہی —
عطلۃ (ذکف) اچھے بدن کی اونٹنی
برگزیدہ اونٹنی — دودہ دینے
والی بکری — دودہیل بکری — ڈول
جسکا تسمہ ٹوٹتا ہو اور کونا پھٹتا ہوا ہو

عطلۃ (ضنسف) بیکاری — عورت کا
بے زیور پن —
عطلّس (ففقف) لمبے قد کا —
عطم (ضس) پشم رنگین تو می ہوئی
عطم (ضنض) عاطم اور عطیم کی
جمع ہی بمعنے ہلاک شدہ —
عطموس (ضنسفس) بمعنے
عیطموس (فسففنس) عورت
خوبصورت نکلتے ہوئے قد کی
گٹھیلے ہاتھ پانوٗن کی —
عطن (فف) حوض پر اونٹون
کی خوابگاہ — بکریون کی خوابگاہ
پانی کے پاس — اعطان (فنفس) جمع
اور اعطان صرف پانی ہی پر
ہوتے ہین — رجل رحب العطن
بہت اونٹون والا مرد — فراخ دست
توانگر — ضربوا بعطن یعنی سیراب
ہوکر پانی پر جگہ پکڑی —
عطن (ذفف) (س) چمڑے کو
پکانے کے لیئے چھال وغیرہ مین
ڈالا جانا یہان تک کہ وہ بدبودار
اور سڑ جاوے — یا چمڑے کو
پانی چھڑک کر دفن کرنا تاکہ پشم ترم ہو

عطل
معطلس
عطم
عطمس
عطن
۳۴۳

عطشی (فسنف) عطشانۃ (فسفسف) مونث۔ عطاش (کفس) عطشی (فسنف) عطاشی (فسف) عطشانات (فسفسف) جمع۔ ایک چیز کا حریص۔ عطشان نطشان اتباع میں سے ہے۔

عطشۃ (کفف) پیاسی عورت۔

عطشات (فسفس) جمع۔

عطط (فض) پھوٹتی ہوئیں اور قطع کی ہوئیں چادریں۔

عطعط (فسنف) بکری کا ایک برس کا بچہ یا بھیڑ کا بچہ یا گدھے کا بچہ۔

عطعطۃ (فسفف) لڑائی وغیرہ میں پے درپے آواز کرنی۔ یا آپسمیں بلانا قوم کا اس آواز میں یا نڈروں کی آواز کی نقل کہ جب وہ کسی قوم پر غالب ہو دیں اور عیط عیط کہیں۔ آواز کرنی۔

عطعطۃ (فسفف) تکرار کے ساتھ عیط عیط کہنا۔

عطف (فس) (رض) میلان کرنا۔ مہربانی کرنی۔ تکیہ کو دوہرا کرنا۔ کسی پر حملہ کرنا اور پھر آنا۔ لڑکی کو خم دینا۔ کپڑے کو لپیٹنا۔ ایک کلام کو دوسرے پر عطف کرنا۔ جیسے زید آیا اور عمر گیا۔ اول یعنی زید آیا معطوف علیہ ہے اور دوسرا یعنی عمر گیا معطوف ہے۔

عطف (کس) کنارہ۔ جانب۔

عِطفا الرَّجُل مرد کے دونوں پہلو۔ جانب۔ بغل۔

عِطفُ القَوس کمان کا گوشہ۔

عِطفُ الطَّرِیق رستے کا کنارہ۔

وَ ھُوَ یَنظُرُ فِی عِطفِہٖ یعنے وہ اپنے لباس میں اپنے سینے اور شانے کی طرف دیکھتا ہے۔

عطف (فف) پلک کی درازی۔

عطفۃ (فسنف) ایک منکا ہے جادو کا کہ جس سے عورتیں اپنے مردوں کو اگر عورتوں سے بند کر دیتی ہیں وہ درخت جسپر انگور کی بیل چڑھائی ہو۔

عطفۃ (کسف) انگور کی شاخیں کہ درخت پر لٹکی ہوں۔ سو رخت عطفۃ

عطفۃ (ففف) ایک نے شاخ

[Margin notes:] ۵ عطش ۔ ۵ عطط ۔ ۵ عطعط ۔ ۱۲ ۔ ۵ ۔ ۳۴۲

عطید (فقتف) بمعنی عطود ۔

عطیف (فکس) نرم خو فرمانبردار عورت جسمین نخوت نہو ۔

عطیل (فکس) تر کھجور کے درخت کا خوشہ ۔

عطیئن (فکس) چمڑا کہ دباغت کے لیئے دباغت کے برتن مین چھوڑین اور نرم کرین ۔ بری بو بگڑا ہوا چمڑا ۔ مرد جسکا بدن سڑا ہوا ہو

عطینۃ (فکسف) مرد جسکا بدن سڑا ہوا ہو ۔

عظ (فت) عظوان گھاس کے کھانے سے پیٹ کی سوجن ۔

عظ (فت) (ن) عظوظ (ضفضس) کسی کو جنگ مین سختی پہنچی کسی کو زمین سے لگا دینا ۔

عظا (فتف) (س) عیظون گھاس کھانے کے سبب اونٹ کا پیٹ سوج جانا ۔

عظاءۃ (فقسف) ایک قسم کا چوپایہ ہے چھپکلی کی مانند ۔

عظارۃ (کفسف) شراب سے پری اور امتلا ۔

عظاری (فقسف) مذکر

عظاظ (کفس) ایک دوسرے کو کاٹنا آپسمین سختی کرنی ۔ جنگ کی سختی اور شدت و مشقت ۔

عظال (کفس) تضمین کرنی اور کہا گیا کہ قافیہ کو مکرر لانا ۔ کتون اور بھیڑیون وغیرہ کا جفتی کے لیئے مادہ کے پیچھے پیچھے لگا پھرنا

عظام (ضفس) بڑا بزرگ ۔

عظام (ضتفس) بڑا بزرگ ۔

عظامۃ (کفسف) چھوٹا سا تکیہ جسے عورتین سرین پر بڑا دکھلانے کے لیئے باندھتی ہین

عظامۃ (ضتفسف) بزرگی و بزرگ منشی نخوت ۔ ناز ۔ گردن کشی چھوٹا تکیہ جسے عورتین سرین بڑا دکھانے کے لیئے باندھتی ہین

عظایۃ (کفسف) چھپکلی کی مانند ایک چوپایہ ہے چھپکلی ۔ عظاء (کفسم) جمع ۔

عظلب (فکسف) خشک جگہ مین اور تر رہنے والا ۔

عظلب (فسن) (ن) سرعت سے

مادہ

عطد
عطف
عطل
عطن
عظی
عظظ
عظی

عظظ
عظظ
عظل
عظم
عظی
عظب

اونٹ اوکھڑ جاوے -

عَطن (فس) عطون (ضفضس رفن) اونٹوں کا سیراب ہوکر عطن میں سونا - چمڑے کو دباغت کے لئے ٹنکے تاند وغیرہ میں رکھنا - یا بھگا کر چمڑے کو دفن کر دینا - تاکہ اس سے بال جھڑ جائیں - اونٹنی کا پانی پیکر عطن میں پھر لوٹ آنا اور پھر اُسے پانی پر لانا -

عَطنۃ (ففف) اسم مصدر ہے اعطان کا یعنی اونٹوں کو عطن پہ چھوڑنا - گروہ کہ اونٹوں کو عطن میں لائے ہوں -

عطوٌ (فس) (ن) ہاتھ سے پکڑنا - سردست اوٹھا لینا - لینے دینے میں غالب آنا - ہرن کہ درخت کیطرف کھانے کے لئے گردن بڑھائے -

عطو (ضضت) ہرن کہ درخت کیطرف کھانے کے لیئے گردن بڑھائے -

عطوب (ضفضس) روئی کا نرم و نازک ہونا -

عطود (ففقف) سخت - ہر چیز دشوار مشقت کے ساتھ جلدی کی چال جھپٹ - دوڑ - روشن رستہ کہ جسمیں جہاں چاہے جاوے - شریف اور نیک مرد - لمبا پہاڑ اور دن - تیز تیزہ - پورا کامل برس - بجم

عطوس (ضفس) موت -

عطوف (ففس) اونٹنی جو شتر بچہ کی کھال پر کہ گھاس پر کسکے نبائی جاوے مہربانی کرے اور اس ذریعہ سے دو ہیں - جال کہ جسمیں ٹیڑھی لکڑی ہو - قمار کا تیر کہ سب تیروں پر مائل ہو اور فائز المرام نکلے - تیر سے فائدہ و نے نقصان - یا تیر جسے قمار باز بار بار رد کریں - یا مرۃ بعد اخریٰ ڈالیں - چادر - عطف (ضس جمع)

عُطوف (ضفس) بمعنی عُطّان -

عطون (ففس) عطن میں اونٹ سوئے ہوئے -

عَطوی (فسف) کمان نرم -

عطیہ (فکتف) بخشش - سخاوت بخشا ہوا - عطایا (ففسفس) جمع -

اور اعظم (ضسفص) بمعنی اعضا بھی آتا ہے۔

عَظْمُ الرَّحْل تسمے اور سے سامان پالان کی لکڑی۔ عَظْمُ الفَدّان ہل کا چوڑا تختہ۔

عظم (ضس) (ن) کتے کو ہڈی کھلانی۔ بدن کی ہڈی پر مارنا۔

عُظْمُ وَضّاح ایک کھیل ہے اور وہ اصطلاح پر ہوتا ہے کہ ایک سپید ہڈی کو رات میں ایک طرف پھینک دیتے ہیں اور پھر اُسے ہر ایک الگ الگ ڈھونڈھنے جاتا ہے۔

عظم (ضس) بزرگی۔ بڑائی۔ زیادتی اور بیشتری۔ جماعت کثیر۔

عُظْمُ الاَمْر کام کا معظم۔ عُظْمُ الشَّیٔ چیز کا اکثر۔

عَظْمُ الطَّرِیْق میانہ اور کشادہ اور فراخ راہ۔

عظم (کف) عظامۃ (ضسف) (ک) بزرگ اور کلان ہونا۔ بزرگی بڑائی۔

عَظَمَاتُ القَوْم قوم کے سردار اور مہتر لوگ۔

عظمۃ (ضسف) چھوٹا سا تکیہ جسے عورتیں سرینوں کی بڑائی دکھانے کو باندھتی ہیں۔

عظمۃ (کغف) عورت جو بڑے ذکر کی حریص اور مشتاق ہو۔

عظمۃ (ففف) بزرگی۔ ناز۔ گردن کشی اور غرور ونخوت۔

عَظَمَۃُ اللِّسَان زبان میں سے جو چیز کہ دلدار اور موٹی ہو۔

عَظَمَۃُ السَّاعِد جو چیز کہ کھنی متصل گُدی اور عضلہ مائل ہو۔

عَظَمَۃُ الذِّرَاع بازو کی کلائی اور پکاری۔

عظموت (ففقس) بزرگی۔ خود نمائی۔ ناز۔ گردن کشی۔ بزرگ منشی۔ نخوت۔

عَظْمی (ضسف) کبوتر جس کا رنگ سپیدی مائل ہو۔

عظماہ (ن) تلغے کسی کو برا اور قبیح کہنا۔ یا زہر کھلا کر ہلاک کیا نیکی سے پھیر دیا۔ ضیعت کی یا کسی چیز کو زبان سے پکڑ اکھٹا۔

۳۴۷

مادہ

پرندہ کا دُم ہلانا۔

عَظَبَ (ض) عُظُوب ضم ضمہ (ن) لازم پکڑنا۔ اور صبر کرنا۔ کسی مال پر قیام کرنا یعنی اسکی خبرگیری کرنی۔ جلد کا خشک ہو جانا۔ کام کرتے کرتے ہاتھ کا خشک ہو جانا۔

عَظِبَ (فف) (س) ایک چیز کو لازم پکڑنا۔ اور اسپر صبر اختیار کرنا۔ موٹا ہو جانا۔

عَظَّة (فت) نرم نرم باتوں سے نصیحت دینی۔

عَظَّة (فتف) جنگ کی سختی اور شدت۔

عَظِرَ (فعت) (س) ناپسند کرنا۔ پھرنا۔

عَظَرَ (فف) (اسم) حمل۔

عِرق العَظْر ایک رگ ہے جسکے سبب اونٹنیاں حاملہ ہوتی ہیں۔

عَظْرب (کسک) چھوٹا سا سانپ۔

عَظِرَة (فکف) اونٹنی کہ حاملہ نہووے۔ اونٹنی کہ حاملہ ہووے لغات اضداد سے ہے۔

عُظْرُم (کسک) شیر کا گوبر۔

عَظْعَظَة (فسفف) عِظْعَاظ (کسفس) تیر کا لرزنا اور لٹکنا۔

تھرتھر کرتے ہوئے اور دل کھانے ہوئے جانا۔ نامرد اور بزدل کا صف معرکہ سے پیچھے ہٹ جانا۔ پہاڑ پر چڑھ جانا۔ چوپایہ کا دُم کو ہلانا اور پیچھے بچھائے دل سے جانا۔ اور کو نصیحت دینی اور اپنے تئین نہ دینی جیسے مثل مشہور ہے اوروں کو نصیحت آپکو فضیحت۔

عَظَل (فف) عَظْل (فس) عُظُول (ضمضس) (س) کتوں کا جفتی میں ایک دوسرے پر سوار ہونا۔

عَظِل (فض) جنکو علت اُبنہ ہو جو کہ شر و فسا دپر متہم ہوں۔

عِظْلَام (کسفس) گرد و غبار۔

عِظْلِم (کسک) اندھیری رات۔ شیرہ درخت۔ یا ایک گھاس ہے جس سے رنگتے ہیں۔ یا وہ وسمہ اور نیل ہے۔

عَظْلَمَة (فسفف) تاریکی۔

جراد عَظَالیٰ بمعنی عاظل (فسک) یعنی ٹڈیاں اوپر تلے بیٹھی ہوئیں۔

عَظْم (فس) ہڈی۔ اعظم بسنفر عظام (کفس) عظامة (کفسف) جمع

ماده

عُفَارِیۃ (ضفسکف) سخت پلید مرد
قوی شریر سخت پیدائش کا ۔
عُفَاز (فقس) چار مغز ۔ اخروٹ
عفازۃ (فقسف) زمین کا ٹیلا ۔
عفازۃ (ضفسف) روئی کا بائد
عُفَاس (کفس) فساد ۔
عُفَاش (ضفس) گھنی ڈاڑھی
والا آدمی ۔
عُفَاشۃ (ضفسف) بیخیر لوگ ۔
عفاص (کفس) چمڑے کا
ٹکڑا جس سے برتن وغیرہ کے
سر کو باندھیں اور برتن وغیرہ چمڑے کا
ہو یا غیر چمڑے کا کہ جس مین
کھانے پینے کی چیز رکھتے ہین
قارورہ کا غلاف ۔
عفاظ (فقس) کلام مین عاجز ۔
عفاظۃ (فقسف) چیرواہاپن
کرنے والی لونڈی ۔
عفاظی (کفسکت) جو کہ کلام مین
عاجز و درماندہ ہو ۔
عُفَاف (کفس) دارو ۔
عفافۃ (ضفسف) بعض جو اکٹھا ہو گیا ہو
دودھ جو پستان مین باقی رہا ہو ۔

عفاق (کفس) اونٹنی کو بہت
دوہنا ۔ تیز و سریع چلنا ۔
عفاقۃ (فقسف) کون ۔
عُفَال (فسک) قطام کے
وزن پر عورتون سے حقمین گالی ہے
عِفَانُ الشَّیْ چیز کا وقت ۔
عَفَاوَہ (ضفسف) ہانڈی وغیرہ
مین طعام کے اوپر کی چیز جیسے
روغن وغیرہ ۔ اوپر اوپر کا عمدہ شوربا
باقی رہا ہوا کھانا کہ جو ہانڈی کی
پینیدی مین لگا ہو ۔ کھانا جسے لڑکے
بطور ہدیہ کے بھیجین یعنی استاد کا حصہ کھانا
عُفاہم (ضفسک) قوی اونٹنی
چست و چالاک تیز رو ۔ عیش کی
فراخی ۔ عزم و مد کی دوڑ ۔
عفاہن (ضفسک) طاقتدار اونٹنی
چست و چالاک ۔
عُفاہیۃ (ضفسکف) موٹا پر کار گٹھیلا
عَفْت (فس) ٹٹنا ۔ ہڈی کو
توڑنا ۔ بغیر جدا کرنے کے توڑنا
کسی کے ہاتھ کو مروڑنا ۔ لکنت
کے سبب بات کو ٹوٹے ٹوٹے
کہنا ۔ عربیت مین تکلف کرنا ۔

١٢ ١٢
١٢

عظور (فعنس) پرشکم ہر ایک شراب سے کہ کوئی سی ہو عظر (صقص جمع)
عظیان (فنعس) اونٹ جسکا عیظوان گھاس کھانے کے سبب پیٹ سوج گیا ہو —
عظیت الخلق (رمکس) بڑی لاش کا مرد
عظیت الخلق (رمنس) بدخو مرد
عظیر (کسفت) ٹھنگنا - قوی سخت بدنگا - تند - چنچنا - منقبض - بدخو - سرکہ پیشانی -
عظیم (فکس) بزرگ - کلان - موٹا - امیر - حاکم - باریتعالی کی صفات مین سے ایک صفت ہی اس معنی مین کہ جسکی قدر حدود عقل سے متجاوز ہو یہانتک کہ اسکی کنہہ اور حقیقت متصور نہو —
عظیمہ (فکسف) سختی - بلا - سخت
عظیوط (کسفس) جو کہ وقت جماع کے حدث کردے - یا وہ جو قبل از دخول منزل ہو جاوے - یعنے دہوتی مین انذہو -
عظیوطہ (کسفسف) خنگلی چوہا
عف (فت) پارسا - عفہ (فقف) مونث یعنی پارسا عورت - عففہ (ففف جمع)
عف (فت) عفاف (ففس) عفافۃ (ففسف) عفۃ (کتف) (ض) حرام سے رک رہنا - اور پارسائی کرنی - دودہ کا پستان مین جمع ہو آنا - یا اسمین باقی رہنا -
عفا (فف) گدہے کا بچہ - زمین اور شہر جسمین کسی کی ظھوج نہو -
عفاء (ففسم) خاک - سپیدی جو آنکھ کی سیاہی پر ہو - میٹھہ - گدہے کا بچہ - پوشیدگی - ناپدیدگی —
عفاء (کفسم) پشم شتر اور شترمرغ کے پر —
ابو العفاء گدہا —
عفار (ففس) درخت جس سے آگ لیتے ہین - عفارۃ (ففسف) ایک درخت - روٹی بغیر سالن کے - کہجور کے درختون کو نر دینا اور آراستہ اور پیراستہ کرنا - ستو بغیر شیرینی کے گھلا ہوا —
عفار (فتفس) جو خرما مادین کو نر دے —
عفارۃ (ففسف) پلیدی خبثی —

ماده
عظر
عظی
عظب
عظم
۳۴۸
عظط
عظوط
عفص
عفو
عفر
۱۸

عُفْر (ضف) زمانہ وقت ۔ مہینہ ۔
عِفْر (کگت) مرد پلید ۔
عَفْرَاء (سنفسم) مونث اعفر (سنف) سپید عورت ۔ مہینے کی تیرہویں ۔ زمین بے نشان وویران یا زمین کہ سیراب نہوئی ہو ۔ بکری جسکی سپیدی پشم پر سرخی غالب ہو عفر (ضس جمع)
عِفْرَات (کسفس) پلید مرد فریبی پیچ سر کے بال ۔
عِفْرَة (کسف) پلید عورت مونث
عِفْر (کس) گردن شیر کے بال مرغ کی گردن کے بال ۔
عُفْرَة (ضسف) ہرن کی پشت کی سرخی سپیدی مائل ۔ شیر اور مرغے کی گدی کے بال ۔ غیر جا کے بعضے ملگجی ۔
عُفُرَّةُ البَرد جاڑے کا شروع
عُفُرَّة (ضفتسف) جاڑے کا شروع ۔
عُفُرَّةُ الحَرّ گرمی کی سختی ۔
عَفَرْجَع (فسف) بدخو بدسیر مرد
عِفْرِس (کسک) قوی توانا شیر ۔
عَفْرَسَة (فسفف) کسی کو زمین پر پچھاڑنا اور اسپر غالب ہونا کسیکو شیر کا پچھاڑ ڈالنا ۔
عَفَرْفَرَة (فسفسف) پلید شیر بیشہ
عَفَرْنَج (کفس) پلید شیر بیشہ ۔
عَفَرْنَاة (فسفس) سخت اور کھردری شیرنی ۔ قوی اونٹنی ۔ غول
عُفَرْنِس (فسف) سخت اور قوی شیر سخت اونٹ ۔ موٹی اور دراز گردن والا ۔
عَفَرْنَى (فسف) سخت بدنگا شیر مضبوط پیدایش کی شیرنی ۔
عِفْرِنِيَّة (ضفسکسف) خبیث مرد فریبی ۔ کنپٹی کے بال ۔ چندیا کے بال
عِفْرِي (کسکت) بڑا خبیث مرد فریبی
عَفَرِيّ (فسف) مرغے کی گردن کے بال ۔ آدمی کی گدی کے بال چوپائی کی پیشانی کے بال
عِفْرِيت (کسکس) ہر چیز کو نہایت پر پہنچانے والا ۔ مرد جو اسمیں چالاک اور رسا اور انمیں مبالغہ کرنے والا اور عقلمند ہو ۔ عفریتہ (کسکسف) مونث ہے ۔ عِفْرِيت نِفْرِيت اتباع سے ہے ۔ دیو سخت قوی ہیکل دلیر خبیث مرد فریبی ۔

عُفَّۃ (ضتف) پستان مین بچا ہوا دودہ - نہایت بڈہا - ایک مچھلی ہی چھوٹی سپید رنگ بغیر چھلکے کی جب اُسے پکاتے ہین تو اُسمین چاول کا مزہ ہوتا ہی -

عِفْتَانٌ (کتفس) قوی مرد موٹا یا پرگوشت گول بدن کا - یا سخت پیدایش کا طاقت دار -

عِفْتَانِی (کتفسکت) بمعنی عفتان -

عَفْج (فس) (ض) مارنا - جماع کرنا دہوبی کا کپڑے کو پٹرے پر مارنا - قوم لوط کا فعل یعنی اغلام کرنا -

عِفْج (کس) آدمی گھوڑے درندہ کی انتڑی کہ کھانا معدہ سے اُسمین آجاتا ہی - اعفاج (فسفس) جمع

عَفَج (فف) (س) مرد کی انتڑی کا بندگی اور موٹا ہونا -

عَفْجَۃ (فکفت) چھوٹا حوض کہ بڑے حوضون کے پہلو مین ہو اور جب حوض کا پانی بلند ہو اور اُسمین سے بہ نکلے تو اُسمین سے پہوین اور لیوین جیسے جیبچہ -

عَفْد (فس) کبوتر - یا ایک پرندہ ہی کبوتر کی مانند -

عَفْد (فس) عَفَدَان (ففس) (ض) دونون پانؤنکو جوڑ کر کودنا -

عَفْر (فس) (ن) خاک مین لٹانا - خاک مین آلودہ کرنا - یا خاک کے نیچے دفن کرنا - کسی کو زمین پر مارنا -

عِفْر (کس) بڑا خبیث مرد فریبی دغاباز - سخت شیر - نر سؤر یا عام ہی یا سؤر کا بچہ یعنی گھنٹیا -

عُفْر (ضس) مہینے کی ساتوین آٹھوین نوین رات - دلیر - مرد چست وچالاک - موٹا سخت بد نکا قوی مرد - اعفار (فسفس) عفار (کفس) جمع -

عَفَر (فف) خاک - خاک کا چہرہ - اعفار (فسفس) جمع - پہلا پانی جو کھیت کو دیوین - چند تیر جنھین لجاط الشیطان کہتے ہین اور دو پہر کی گرمی مین جو کچھ بخارات سے تملاتے ہوئے نظر آتے ہین - سختگی - اشکال یعنے مشکل ہین -

عَفَر (فف) ہرن کا سپید سرخی مائل ہونا یا سرخ پشت اور سپید شکم ہونا - شپیا سمع لیسمع سے آتا ہی -

اُسکی لونڈی سے —
وَعَفَصَ اَلقَارُورَۃَ شیشے کے
مُنہہ کو چمڑے سے باندہا —
وَعَفَصَ الشَّیئَ دوہرا کیا اُس
شئی کو اور پامال کیا —
اَعفَص (زفک) ٹیڑھا —
عَفَص (فف) ناک کی پیچیدگی
اور گرفتگی —
عَفَضَج (فسف) عَفضَاج
(کسفس) عُفَاضِج (ھفسک)
موٹا گُٹھیلا — اور موٹا کثرت سے گوشت
لغات اضداد سے ہی —
عَفَطَ (فس) بکری کے ناک کا
سنک رینٹھ —
عفط (زفک) گوز مارنے والا —
عفط (فس) عفیط (زفکس)
عفطان (فقفس) (ص)
گوز مارنا — کلام مین عاجز رہنا —
دونون لبون سے پڑپڑی بجانا
بکریون کو بلانا اور اُنکی صاف کرنی
کرنی — چرواہے کا بکریون کو
اُس روش پر ہانکنا کہ وہ چھینکیں —
عَفطَلَۃ (فسفف) ایک چیز کو

ایک چیز مین ملانا اور خلط ملط کرنا —
عَفطِی (کسکت) جو کہ کلام مین
عاجز و درماندہ ہو —
عَفعَف (فسف) کیلے کی پھلی
عَفعَفَۃ (فسفف) کیلا کھانا —
عَفَق (فس) (ص) اپنی خوشی
غائب ہو جانا — اور پھر چلا آنا —
وَعَفَقَہُ بِالسَّوطِ مارا اُسکو
کوڑے سے —
وَعَفَقَہُ عَنِ الاَمرِ روکدیا اُسکو
کاروبار سے اور بند کردیا اُسکا ارادہ
وَعَفَقَتِ الاِبِلُ عَفقًا وَ
عُفُوقًا تر بتر ہو گئے اونٹ
چراگاہ مین چھوڑنیکے بعد —
و نیز عَفَق تھوڑا سا سو کر جا
اُٹھنا — گوز لگانا — کام کو مضبوط
نکرنا — گدہے کا بہت جفتی کرنا —
اونٹون کا پانی پر بہت آنا جانا —
اور بہت رجوع کرنا — ایک چیز کو
جمع کرنا — مارنا — ہوا کا ایک چیز کو
پراگندہ کرنا — اونٹنی کو بہت دوہنا
جلدی چلنا — جھپٹ کر چلنا —
عَفَق (فف) گھاٹ پر اونٹون

عفص
عفصج
عفط
عفع
عفق
۳۵۳

عفر
عفز
عفزر
عفس
عفش
عفشل
عفشنج
عفشلیل
عفص

قوی شیر سخت پیدایش کا۔
عفریتہ (کسکف) پلید مرد فریبی ہر چیز میں مبالغہ کرنے والا ستمگار سخت پیدایش کا۔ شیر سختی شیر اور مرغ کی گردن کے بال۔ آدمی کی گدی کے بال۔ چوپایہ کی پیشانی کے بال۔ چندیا کے بال۔
شیطان عفریۃ (کسکف) دیو سخت قوی ہیکل دلیر۔
عفرین (کلتکس) سخت پیدایش کی شیرنی شیر۔ شیر کا جنگل۔ ایک چھوٹا سا جانور ہی جو بن دیوار کی نرم خاک میں رہتا ہی چھپکلی کی مانند ایک چھوٹا سا جانور ہی اور سوار کے مقابل آتا ہی اور دم سے مارتا ہی۔ مرد کا جثہ۔ قوی ضابط عقلمند رسا۔ ہر ایک چیز کو نہایت تک پہنچانے والا۔
عفز (فس) چار مغز یعنی اخروٹ جسے کھاتے ہیں۔
عفز (فس) (ن) مرد کا اپنی بیوی سے کھیلنا۔ اونٹ کو ٹلانا۔
عفزر (فسنف) سابق سریع و

شتاب۔ مرد جو امر باطل میں بہت شور و غوغا کرے۔
عفس (ضس) (ن) باز رکھنا خوار و حقیر کرنا۔ زور سے دفع کرنا ہانکنا۔ پانو سے کسی کے سرین پر لات مارنی یا ٹھوکر۔
عفش (فس) (ض) جمع کرنا۔
عفشال (کسفس) شوخ مرد نڈر۔
عفشنج (فسعت) لینا پڑ کا ردلدار۔
عفشل (فسنف) ثقیل اور لیچڑ اور بدخو جس کی صحبت سے ناخوش ہوں۔
عفشلیل (فسکس) ثقیل اور لیچڑ اور بدخو نہایت بڈہا لاغر بڑا بہت پشم والا کمبل۔ بچھو یا نر بچھو۔
عفص (فس) مازو جس سے سیاہی بناتے ہیں۔ یا ایک درخت ہی بلوط کا ایک سال بلوط کا پھل دیتا ہی اور ایکسال مازو کا۔
عفص (فس) (ض) لوکھاڑنا۔
وعفص فلانا غالب آیا فلانے پر کشتی میں۔
وعفص یدہ پنجہ مروڑا اسکا
وعفص جاریۃ جماع کیا

اکی فرج مین -
عفلط (کسک) احمق -
عفلط (ففتف) عفلیط (کسکس) احمق -
عفلطہ (فسفف) آمیختہ کرنا -
عفلق (فسف) کس جو فراخ ہو سست پر گوشت - احمق عورت بدزبان بدکردار -
عفلقہ (فسفف) احمق عورت بدزبان بدکردار -
عفلوق (فسفس) احمق کم عقل
عفن (فک) گوشت جسکا بو اور مزہ بدلگیا ہو - ہر چیز گلی سڑی - رسی گلی سڑی خراب کہ پانی سے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی -
عفن (فس) عفون (منفسر ن) بہاڑ پر چڑھنا - گوشت کا سڑ جانا -
عفن (فت) عفونۃ (فضسف رس) رسی کا پانی کے سبب گل سڑ جانا اتنا کہ ہاتھ لگانے سے ٹکڑے ٹکڑے ہو کر ہاتھ مین آجاوے -

عفنجج (ففسف) احمق - گیدا - ولدار - شتاب رو اور سریع اونٹنی -
عفنجش (ففسف) اکھڑ مرد بدمزاج
عفنجل (ففسف) بدخو لیچڑ گران جان کہ جسکی صحبت کو ناخوش رکھین - بہت بیہودہ اور فضول بکنے والا -
عفنشش (ففتف) بڑی عمر کا بڑی گھنی داڑھی والا -
عفنشش اللحیتین مرد جسکی بھوین ہولی ہون -
عفنششہ (فسفف) داڑھی کا گھنا ہونا انبوہ دار ہونا -
عفلشل (ففسف) بمعنی عفشل یعنی گران جان بوجھل -
عفنط (ففتف) کمینہ بدخو - دابۃ الارض کہ ایک جانور ہے -
عفنقس (ففسف) بدخو - کمینہ - ابری اور سخت خو کا -
عفو (فس) سب سے زیادہ پاک مال - ہر چیز چنی ہوئی اور عمدہ اور تحفہ مال کی نیا وتی - اچھی چراگاہ - نیکوئی اور احسان -

۲ عفلط
۳ عفلق
۴ عفن
عفنج
عفنجش
۳۵۵
۶ عفنجل
۷ عفنشش
۸ عفلشل
۹ عفنط
۱۰ عفنقس
۱۱ عفو
۱۲ ۱۲
۱۲

کی آمد و رفت ۔

عُفق (ضض) مکھی ۔

عَفقہ (فسف) غیبت ۔ ایک کھیل ہے جسمین خاک جمع کرین ۔

مَا عَفقَسَہ کیا بدخلق ہے وہ بگڑ جانے کے بعد ۔

عَفَک (ضن) (ضن) کلام کو مضبوط نکرنا اور ناپسندیدہ بات کہنی کسی کو حاجت سے رد کردینا ۔ کسی کے حق مین ظالم کو لالچ کرنا بہت دلیل مین ڈالنا ۔ اجبکل اجبکل کرنا ۔ سخت احمق ہوجانا ۔

عَفَک (زک) احمق ۔

عَفکاء (فسفسم) اونٹنی کہ جسمین تھوڑی سی سرکشی ہو ۔

عَفَکَل (فسف) احمق ۔

عَفَل (نف) مادین کی فنج اور وہ ایک چیز ہے جو عورت اور اونٹنی کی فرج سے نکلتی ہے اُدرہ کی مانند کہ مردون کے خصیہ مین ہوتا ہے یعنے فتق ایک بیماری ہے فتق کی کہ جس سے انتڑیان مردون کے خصیے مین چلی آتین ہین اور عورتون کی فرج مین ۔ بوک اور بیل کے پانؤن مین چربی کی کثرت ۔ اِس لفظ کا استعمال اکثر خصی مین کرتے ہین ۔ دبر اور کیر کے درمیان کی سیون ۔ بوک کے دونون خصیون اور اُسکے گرداگرد کی چربی ۔ بوک اور بکری کی فربہی اور موٹاپے اور دُبلے پن کے دیکھنے کے لیئے ہاتھ پھیرنے کی جگہہ ۔

عَفِل (فف) (س) عورت کا بیماری عفلہ مین مبتلا ہونا ۔

عَفلاء (فسفسم) عورت اور اونٹنی کہ جسکی کس سے فنج نکلا ہو ۔

عَفلاۃ (فسفس) ہنسی کے وقت ہو ٹھونکا لوٹنا ۔

عَفلۃ (ففف) مادین کی فنج اور وہ ایک چیز ہے کہ جو عورت اور اونٹنی کی فرج مین سے نکلتی ہے اُدرہ کی مانند کہ مردون کے خصیے مین ہوتا ہے اور فنج ایک بیماری ہے فتق کی کہ جس سے انتڑیان مردون کے خصیے مین چلی آتین ہین اور عورتون

عفیر (فکس) جلتے ریت پر دھوپ
مین خشک کیا ہوا گوشت۔ گھولے
ہوئے ستو بغیر مٹھاس کے یا بغیر
گھولے ہوے ستو۔ روکھی روٹی
بغیر سالن کی۔ عورت جو ہمسایہ
کو کچھہ نہ دیوے۔
عفیرۃ (فکسف) گوہ گردان
جانور کی گولی۔ عورت جو کسی کو
تحفہ ہدیہ نہ بھیجے۔
عفیط (فکس) بکری کی ناک کا
سینک رینٹھہ۔
عفیف (فکس) پارسا نیکبخت
عفیفۃ (فکسف) پارسا عورت
مونث ہے۔ اعفاء (فکتفسم) عفائف
(ففسک) عفیفات (فکسفس) جمع
عفیقان (فکسفس) عرفج کی
مانند ایک گھاس ہے۔
عفیک (فکس) بڑا احمق
عق (فت) ماں باپ کا نافرمان
اور انکو دکھہ دینے والا۔
شگاف پھٹن۔
عق (فت) (ن) کپڑے کو چیرنا
بچہ کا عقیقہ کرنا۔ سات دن کے
بچے پر قربانی کرنی۔ آسمان کیطرف
تیر پھینکنا۔ ماں باپ کو ستانا۔
عق (ضت) کڑوا پانی۔
عق (کت) زمین مین گہرا گڑھا۔
عقاب (ضفس) ایک پرند
جانور ہے۔ اعقب (فسفس) جمع
قلت۔ عقبان (کسفس) جمع کثرت
کوئین کے اندر کا پتھر جو ڈول کو
پھاڑ ڈالے۔ بڑا پتھر کہ پہاڑ
مین سے زینے کی سیڑھی
کی مانند باہر نکل آیا ہو۔ ایک چیز
نور کے مشابہ جو چوپائے کے
پاؤن مین نکل آوے یعنی بیر بہٹی
ڈورا جو حلقہ گوشوارہ کے ناک سوراخ
مین ہوتا ہے۔ حوض کی نالی جس سے
پانی آوے۔ کوئین کی منڈیر پر
ایک پتھر جس پر سقا کھڑا ہو کر
پانی کھینچے۔ عرب کے چند
گھوڑون کا نام۔ بڑا جھنڈا۔
ٹیلا۔ ہر ایک زمین کی بلندی جو
بہت بلند نہووے۔
عقاب عقنباۃ (ففسفس)
وعقاب عبنقاۃ (ففسفس)

ع عف
ع عفط
ع عفص
ع عفف
ع عفل
ع عفق
ع عقب

۱۲۱۲
۱۲

عفو
عفص
عفق
عفت
۱۲ ۱۲ ۱۲

پینے سے بچا ہوا پانی ۔ جگہہ جو کسی کے قبضہ مین نہو ئی ہو ۔ گدہے کا بچہ
عفوۃ (فسف) عفاء (فسم) جمع ۔ ہر چیز آسان و سہل ۔ شئے سوال و درخواست دینا ۔
عُفو (سن) (ن) اونٹ کی پشم کا بہت اور لنبا ہونا یہان تک کہ اسکے سرین کو ڈھانک لیوے ۔ ایسا ہی چارا وغیرہ کا بڑہنا ۔ ایک چیز کو جمع کر دینا ۔ لازم اور متعدی دونون کے گھر کا ناپدید ہو جانا ۔ ہوا کا گھر کو خاک سے پوشید کر دینا ۔ زکوۃ نہ لینی ۔ ہوا کا ایک چیز کے نشان کو ناپدید کر دینا ۔
عفو (نس) عفاء (فسم) (ن) مرجانا اور ایک چیز کا اثر جاتا رہنا ۔ ہلاک ہونا ۔ نیست و نابود ہو جانا ۔ پانی کا صاف اور روشن ہونا ۔ کسی پر علم مین زیادہ ہونا ۔ یہہ معنے جب کہ علی صلہ ہو ۔ صوف کو قطع کرنا ۔ اچھا اچھا شوربا لینا کچھہ ہانڈی کی پیندی مین چھوڑ دینا ۔ زکوۃ نہ لینی ۔ ہوا کا ایک چیز کے نشان کو ناپدید کر دینا تجسید گناہ سے درگذر کرنا ۔ مستحق عذاب کو عذاب نکرنا ۔
عَفُوُ اللہِ خدا تعالیٰ کا قصور معاف کرنا ۔ لکھے کو مٹانا ۔ بھلائی اور احسان کسی سے چاہنا ۔ کسی کا حال نیک ہونا ۔ موٹا ہو جانا ۔
عفو (فضت) بہت معاف کر دینے والا ۔ خطا سے درگذر کرنے والا ۔ صفات باری تعالیٰ مین سے ایک صفت ہی ۔
عفوۃ (ضسف) برابر اور موافق کرنا ۔ ساری چیز لینی ۔
عفوۃ (فسف) دیت ۔ خونبہا ۔ دیگ کا جھاگ یا ہانڈی مین طعام کے اوپر کی چیز گھی وغیرہ ۔
عفوۃ (کسف) ہر چیز کا برگزیدہ ۔ گدہے کا بچہ مادین ۔ اچھی چراگاہ ۔
عفوصۃ (ضفسف) کڑواہٹ ۔ مزہ کی تیزی ۔ بکٹاپن ۔
عفوتۃ (ضفسف) بدبو ۔
عفیتۃ (کسف) تیابہ کہ ایک قسم کا حلوا ہی ۔

کی رسی جس سے گھوڑی کی زکوۃ - حیوان کا عقب
رسّی جس سے اونٹ کی ساق اور
موٹے کو آپسمین باندھ دیتے ہین -
اعقل (ضفض) جمع -
عقال (ضتفض) چوپایہ کے پانو
کی ایک بیماری ہے کہ جب چلتا ہے ایک
ساعت لنگ کرتا ہے پھر اچھا ہوجاتا ہے
یا یہ بیماری خاص گھوڑے کے لیئے ہے
عقام (ضفض) جنگ سخت - اور
سخت بد خو مرد -
عقام (ضفض) مرد جسکے فرزند نہو
بانجھ عورت - عقماء (ضفففس) جمع
داء عقام بیماری کہ اچھی نہو ضرب
عقام سخت لڑائی رجل عقام بدخو مرد
ناقہ عقام اونٹنی جسکے کلیان نکلی
ہون اور گٹھیلا بدن ہو و نیز عقام
ایک مچھلی ہے یا دریائی سانپ -
عقّان النخیل جو چیز کہ کھجور
کی جڑ سے پھوٹ نکلے - ایسا ہی
عقّان الکرم
عقب (فض) چوپایہ کی روش
اور دوڑ کہ پہلی دوڑ کے پیچھے لاوے
بیٹا - پوتا - ایڑی - جہت و سمت -

چنانچہ مسافر سے کہتے ہین من
این عقبک یعنی کدھر سے آیا -
عقّب (فس) عقوب (ضض
ضن) کمان پر پٹے لپیٹنی - ساڑی
پر ماندنا - کسی کا خلیفہ ہونا -
عقّب فلان علی فلانۃ فلانی پر
فلانا آیا اسکے خاوند کے بعد - درخت کا
خشک پتے کے بعد سبز پتے
نکال لانا - جیسے عقب الشجر -
عقب (ضفض ضس) کام کا انجام اور
بولتے ہین کہ جئت فی عقب الشہر
یعنی آیا مین تمام مہینے کے گذر
جانے کے پیچھے -
عقب (فک) بیٹا - پوتا - ایڑی
اعقاب (فسفس) جمع -
عقب الشہر مہینے مین جو کچھ
تھوڑا سا باقی رہتا ہو -
عقبان (فسفس) کام کا انجام
ہر چیز کا آخر -
عقبۃ (فسف) ایک قسم کے
ہودہ کے منقش کپڑے - سبز پتا
کہ خشک پتے کے پیچھے نکلے -
عقبۃ (کسف) مہینے مین ایکبار

عقل - عقم - عقن - عقب - ایضاً - ایضاً

عقب
عقو
عقر
عقر
۳۵۸
عقص
عقص
عقف
عقف
عقص

دعقاب لعنقاة (ففسفس)
عقاب تیز چنگال اور عقاب کی جمع أعقب
اسوجہ سے آتی ہے کہ مونث ہے -
عقاب (کفس) شکنجے میں کھینچنا
پیوند لگانا -
عقاة (ففس) گھر کا گرداگرد -
منزل پڑاؤ اور اوترنے کی جگھہ -
عقار (ففس) زمین پانی وغیرہ
گھاس جو مواشی کو خستہ و مجروح
کردے بہترین گھاس منزل
کھجور کا درخت - رنگ سرخ گھر کا
اسباب عمدہ سامان اسباب جو
عید بقرعید کو استعمال کریں -
ہر خشک چیز -
عقار (فقس) شراب - ایک
قسم کا رنگین کپڑا -
عقار (فتفس) ایک تر گھاس ہے
کلأ عقار گھاس کہ جو چوپایہ کو
زخمی کردے -
عقار (فقس) گھاس جس سے
علاج کریں - دوائیں - درخت -
عقاقیر (ففسکس) جمع -
حَدِيدٌ حَبِيدٌ العقاقير امیل ور

اچھا لوہا -
عقاریب (ففسک) سخن چینیان
سختیان -
عقارب الشتاء جاڑے کی سختی -
عقاری (ففسف) کونج کٹے
ہوئے گھوڑے -
عقاص (ففس) بکریون کی
ایک بیماری ہے -
عقاص (کفس) ڈورا کہ جس
سے زلف باندھیں -
عقاف (ففس) بکریون کی ٹانگون
کی ایک بیماری ہے جس کے سبب
اسکی ٹانگیں ٹیڑھی ہو جاتی ہیں -
عقافة (ففسف) ٹیڑھی لکڑی
جس سے ایک چیز کو کھینچیں چوگان
عقاق (ففسک) نافرمان -
ماں باپ کا آزار - اسم ہے عقوق کا
عقاق (ففس کفس) اونٹنی کا حمل
عقاق (ففس) کڑوا و کھاری
عقاق (ففس) عقوق (ففس)
عقق (فف) (فن) اونٹنی کا
حاملہ ہو جانا
عقاقیع (کفس) اونٹون بکریون

بغیر استثناء کی قسم کھلانا۔ گرہ ڈالنی لپیٹنا
عقد (کس) گلوبند۔ حمائل۔
موتیون کا ہار۔ عقود (ضسضم جمع)
عقد (فف) ریگ تودہ اوپر تلے
جما ہوا۔ عقدۃ (ففف) ایک ریگ
تودہ۔ زبان کی لکنت۔ زبان کا
لکنت زدہ ہونا۔ کتیا کی جفتی
کے وقت لینڈی جوڑ جانی
عقد (فک) جو کہ کلام مین زبان
بستہ ہو۔ ریگ تودہ اوپر تلے
جما ہوا۔ ٹھنگنے قد کا اونٹ جفتی
سخت پیٹھ والا۔ ایک درخت جسکا
پتا زخم کو بھر دیتا ہے۔
عقداء (فسفسم) لونڈی سکی
کہ گویا دم اسکی گرہ بندی ہوئی ہے
عقدان (ففس) ایک کھجور ہے
عقدۃ (ضسف) حکومت۔
شہر پر قابو پانا۔ گرہ۔ عقد (ضف
جمع)۔ پانی۔ زمین وغیرہ کہ مالک
اسکا اسکی ملکیت کا اعتقاد
رکھے۔ گرہ باندھنے کی جگہہ۔
قوم کے درمیان عہد اور پیمان
بندھا ہوا۔ منفعت ناک جگہہ۔

کھجور کے درختوں کا جنگل۔ گھاس کہ اونٹ کو
کفایت کرے۔ جو چیز کہ مرد کو
کافی ہو اور بس۔ کتنے کا ذکر۔
ہر زمین کہ جسمین فراخی اور ارزانی ہو
نکاح اور بیع اور ہر چیز کا وجوب
اور لزوم۔ چراگاہ کا گوشہ۔
اور ہر جو درخت کی طرف منعطف ہو
تو جیسے ہاتھ کی ٹیڑھی بندش
عقدۃ (ضفف) زبان کی جڑ۔
عقر (فس) گھوڑے اور اونٹ
کے پانوؤن مین شگاف کی مانند
ایک نشان ہے۔ ہر ایک چیز
کی بنیاد۔ اور اصل۔ دو چیزون کے
درمیان کا ہر شگاف۔ کودنے
والے کے پانوؤن کے درمیان
کی کشادگی۔ منزل محل۔ یا
درمیان محل۔ سفید ابر کا ٹکڑا یا ابر
کہ آفتاب کے سامنے پیدا ہووے
اور چشمہ آفتاب اور اسکے گردا
گرد کو ڈھانک لیوے یا ابر کہ
گوشہ آسمان سے اٹھے اور
دور سے گرج کی آواز سنی جاوے
اور نمایان نہووے۔ بناء بلند

ایک کام کو کرنا۔
عقبۃ (فسنف) نوبت یعنی باری
قیدی کا بدلا۔ رات اور دن جو
ایک دوسرے کے پیچھے آتے
ہیں۔ جو کھانا کہ عاریت مانگی ہوئی
ہانڈی کی پیندی میں مالک دیگ
کو بھیجیں۔ ہر چیز کا باقی رہا ہوا۔
اور نشان۔
عُقبۃ الطائر پرند کے چڑھنے
اور اترنے کی مسافت
عُقبۃ الشیطان ایک قسم کی
نشست جو کتے کی نشست سے
مشابہ ہے
عقبۃ (ففف) پہاڑ پر دشواری
سے چڑھنے کی جگہہ۔ گھاٹی
عقاب (کفس) جمع۔ ٹیلا جس سے
چلہ بناویں اور ستی پٹیں عقب
(فف) جمع۔ ٹیلا۔ عقبات (ففس) جمع۔
عقبلہ (فنفکف) پیرو پیچھے آنیوالا۔
عقبول (فسفس) بیماری کا بقیہ
آبلہ جو تپ کے بعد ہونٹھ پر نکل
آوے۔ بقیہ دشمنی۔ عشق کا بقیہ
سختی کا بقیہ۔ عقابیل (فنفکس) جمع۔

عقبولۃ (فسفسف) بمعنی عقبول
عقبی (فنسف) کام کا بدلا اور حق
ایک چیز کا بدل۔
عقعۃ (ففف) آسمان میں لمبی بجلی
کوندنے والی۔ زمین میں گہرا گڑہا
عقعۃ (ففف) ایک چیز جس سے
لڑکے کھیلتے ہیں۔
عقیقۃ (کفف) بمعنی عق (کت) ہر چوپایہ
کے بچوں کے بال جو ماں کے
پیٹ سے ساتھ لیے نکلتے ہیں
یا عقیقہ خاص بچوں کے ہوں اور آدمیوں
کے لیے عقق (کف) جمع۔
عقد (فس) پیمان۔ رائے۔
مکر۔ زاد ناشنقوی پشت۔ مروبستہ
زبان۔ طاق جو مکان میں بناتے
ہیں۔ اعقاد (فسفس) جمع
ہو اہل الحل والعقد یعنے
وہ لوگوں کا معتمد علیہ ہے
عقد (فس) (فن) کسی کیطرف
پناہ لیجانا۔ باندہنا۔ بدی کا آمادہ
ہونا۔ شمار کرنا۔ بہنے والی چیز کا
گاڑہا ہونا۔ گاڑہا اور دلدار کرنا
اونٹنی کا حمل کے سبب دم کو گرہ دینا

کی جگہ یہ چوپال۔
عَقرَبٌ (فسف) بچھو۔ عقارب (ففسک) جمع۔ عَقرَبَۃ (فسفف) مؤنث ہی۔ چپلی کا تسمہ ایک تسمہ جس سے چوپایے کی دمچی کو زین سے باندھتے ہین۔ آسمان مین ایک برج ہی۔ لونڈی یا اچھی خدمت کرنے والی۔ قلابے کی مانند ایک لوہا ہی جسے زین مین لٹکاتے ہین۔
عَقرَبُ الجَرّارِ۔ سخت جاجا اسلیے کہ اونٹ کے بچون کو نقصان پہنچاتا ہی۔
عُقرُبَانٌ (فسففسم) عقرب کی جمع۔
عُقرُبَانٌ (فسففسف) ایک چھوٹا سا جانور ہی جو کان مین گھسجاتا ہی بچھو یا نر بچھو۔
عُقرَۃٌ (فسف) عورت وغیرہ کا بانجھ پن۔
عُقرَۃٌ (فکفف) ڈرتی ہوئی اونٹنی کہ جو مقر مین سے پانی پیوے۔
عَقرَبَۃٌ (فسففف) کاٹ کھانیوالا ذی روح ہو یا غیر ذی روح۔

برج عقرۃٌ زین جو لوٹ کی بچھو کو بھی کردے۔
رجل عُقرَۃٌ مرد خواہ عورتون کو زخمی کردے اور تھکا دے۔
امراۃ عُقرَۃٌ عورت جسکی رحم مین بیماری ہو۔
عَقرَطَلٌ (فسفسف) ہتھنی۔
عَبقَرِیٌّ (فسفا) عرب مین عورتون کو کہتے ہین عبقری ملتی یعنی گھوڑی سر ہنڈی۔ یہ ایک کوستا ہی یا عقری حائض کو کہتے ہین۔
عَقرِیٌّ (فسف) زمین یا پانی وغیرہ۔
عَقعَقَ (فس) (ن) چیونٹی وغیرہ کا آپس مین نزدیک نزدیک چلنا۔ چیونٹیونکا قطار باندھ کر چلنا۔
عَقَشٌ (فس) ایک ساگ ہی جو انگور کی شاخون کے سر سے پیلو کا پھل۔
عَقَشَ العُودَ عَقشًا (فس) (ن) لکڑی کو ٹیڑھا کیا و نیز عقش کہنا کرنا۔
عَقَصٌ (فف) (س) بکھر جاوے میم مقاعلتی کو اسکے علامہ ...

حاشیہ
ن عقص
عقص
عقص
عقص
عقص
عقص
۳۶۳
باب العین
[illegible]

الف نجے اوسکے محل [illegible] سعید
عقر [illegible] بند نکلا جسکے
[illegible] پھڑنا تھا اس کو [illegible]
تا [illegible] سکتے ہیں [illegible] اور
پھر [illegible] کی تمدت نہ ہو [illegible]
وسر گشتہ ہو جاتا [illegible]
عقر [illegible] عقار [illegible]
عقار [illegible] قسمت [illegible]
پانچ [illegible] ذبح کرتا
چوپایہ کا کھونچ کاٹنا - اونٹ کو
قریب ذبح کرنا - کھجور کے درخت کا
سر کاٹنا - چوپایہ کی پیٹھ کو زخمی کرنا
پیٹھ لگا دینا - [illegible]
کرنا [illegible]
عقر [illegible] مہر [illegible]
یا وطی [illegible] جب [illegible]
عورت کا مہر [illegible] قوم [illegible]
کی جگہ [illegible] لانا چوپایہ
کی [illegible] کی جگہ
[illegible] کا [illegible] اور
[illegible] جماع کی جگہ [illegible]
[illegible] اصل [illegible]
ابتدا [illegible] اس [illegible]

[illegible] کا [illegible]
میں سے [illegible]
فرزند [illegible] نے [illegible] کا
پہلا [illegible] یا پچھلا [illegible] زمین [illegible]
کو [illegible] میں [illegible] ہوتی ہے
[illegible] کا [illegible] اس
جگہ [illegible] پڑھنے کو
سے [illegible] ایسی
اپنی جگہ میں [illegible]
پانچ [illegible]
عقر [illegible] عورت [illegible]
جماع سے [illegible] یا نہیں
عقر [illegible] کا [illegible]
ہونا [illegible] کا [illegible] ہونا - [illegible]
[illegible] کو [illegible] اور اسکی
[illegible] کو لینا -
عقر [illegible]
[illegible] کے سبب [illegible]
عقر [illegible] زمین [illegible] یا نہیں
کی [illegible] کرنے - [illegible]
[illegible] کے سبب [illegible]
[illegible] کرنے والا
عقر [illegible] قوم کے [illegible]

عیسے بھلائی ـ برائی ـ اور کمال و
نقصان کی دریافت یا مطلق ہو کہ
علم اُسی قوت کے سبب سے کہ
جو قبیح اور حسن میں تمیز کرنے
والی ہی یا اُن معانی اور علوم کے
سبب سے کہ جو ذہن میں مجتمع
ہین اور اُن سے اغراض و مصالح
انجام پذیر ہیں یا حرکات و کلام
کی ہیات نیک کے سبب کہ
انسان کو حاصل ہی یا عقل ایک
جوہر لطیف اور نورانی ہی کہ
جس سے نفس علوم بدیہیہ اور
نظریہ کو ادراک کرتا ہی اور اُس نور
کے وجود کا شروع لڑکے کے
ختنہ کے وقت سے ہوتا ہی اور
پھر برابر بڑھتا جاتا ہی یہانتک کہ
بچہ کا بلوغ کمال کو پہنچ جاوے ـ
عقول (منفس) جمع ـ دیت خونبہا
پناہ ـ قلعہ ـ دل ـ سجات پناہ
سرخ کپڑا کہ ہودہ پر ڈالتے ہین
یا ایک قسم کا کپڑے کا نقش ـ
عقل (منس) (ض ن) دوا کا
کسی کے پیٹ میں قبض کر دینا ـ

دریافت کرنا ـ جاننا ـ نجاننے کی
ضد ـ سمجھنا ـ اونٹ کی پنڈلی اور
ہاتھ کو آپسمین باندہ دینا ـ مقتول
کی دیت و خونبہا دینا ـ کسی کی
طرف سے دیت دینی ـ قصاص
کو دیت کے سبب چھوڑ دینا ـ
ایک قسم کا تصرف تصرفات شعر
سے اور وہ یاء مفاعیلن کا دور
کر دینا ہی ـ دیت کو آپسمین تقسیم کرنا
عقل (منس) عقول (منفس)
(ض) ہرن کا پہاڑ پر چڑھ رہنا ـ
اور اُسیر پناہ لینی ـ سایہ کا نصف
النہار کے وقت قائم ہونا ـ
کسی کیطرف پناہ ڈھونڈھنی ـ
اونٹ کا عاقول گھاس کو کھانا ـ
شعر یہ پیچ سے کسی کو زمین پر
پچھاڑ دینا ـ عورت کا اپنے
بالون مین کنگھی کرنا ـ
عقل (منفت) (س) اونٹ کے
پانوئن کی موٹائی اور اُسکے
گھٹنون کا آپسمین لگنا ـ
عقلاء (منفسم) اونٹنی جسکی
ٹانگین ٹیڑھی ہوئی ہون ـ

عقص

کروٹ ... کے بعد حذف کر دینا۔
پر جو ہوتا۔ بکری کے سینگ کا پیچیدہ ہونا
عقص (فتص) او جھہ۔ بخیل مرد
عقص (پھٹک) رگ بودہ اور پ
سے جا ہوا سخت جسمین او نشاد ہو
بخیل مرد۔ بد خو
عقص (فتس) (ض) بالون کو
گوندھنا۔ بٹنا
عقصاء (فنقسم) مونث اعقص
عقصة (کسعف) بال جیسے ہوئے
اور گندھے ہوئے عقص
عقیقت) جمع
عقصة القرن حیوان کے
سینگ کی گرہ۔ پیچیدگی
عقط (فتس) (ض) پگڑی کو سخت
باندھنا۔ پگڑی کی سخت بندش۔
عقعق (فتسعف) ایک ابلق
پرندہ ہے کوے کی قسم سے آواز
اسکی عین قاف ہے فارسی مین اسے
کلاغ کہتے ہین جیسا کوا حرام ہے
وہ بھی حرام ہے۔
عقعقة (فتش) لونڈی ...
عقعقت (فتس) (ض) ختم دینا۔

عقفاء (فسفسم) ٹیڑھا لوہا جسکی
نوکین مڑی ہوئی ہون۔ ایک
گھاس ہے جو سداب کے مشابہ
ہے بکری کو مار ڈالتی ہے اور اونٹ کو
کچھ ضرر نہین پہنچاتی اُسے عقیفاء
(فنفسم) بھی کہتے ہین
عقفان (فنسفس) سرخ چیونٹیون کا
دادا اور کالی چیونٹیون کے
دادا کو فارسی کہتے ہین۔
عقفرة (فنسفف) بلا اور سختی کا
کسی کو خاک پر پچھاڑنا۔ اور ہلاک کرنا
عقفنة (فسفف) ایک قوم ... کے پیچھے خو کو بد کر دینا۔
عقق (فنفس) عداوت اور دشمنی۔
عقاق (کفس) جمع۔
عقق (فنف) برق کہ ابر کے
درمیان سے چمکے۔ ماں باپ کا نافرمان
اور آزار دینے والا۔
عقق (فنف) ماں باپ کو
ستانیوالا۔ پیٹ کا حمل ... نافرمان
پیٹ ... پھٹ جانا۔
عقل (فنس) (ض) خرد معاش و
دریافت۔ یا اشیا کی صفات

عقوٹر (ففنس) کٹ کھنا کتا۔
عقر (ضض) جمع۔ یا عقور صرف ذی روح کٹ کھنے کو کہتے ہیں
عقوق (فضس) گائے کا تھن کہ جسکے دودہ کی دوہنے کے وقت سیدہی دہار نہ نکلے۔
عقوق (فضس) گابھن گھوڑی گھوڑی کہ گابھن ہو۔ لغات اضداد سے ہے۔ عقق (ضض) جمع۔
عقاق (کفس) جمع الجمع۔
نوی العقوق نرم کہجور کی گٹھلی کہ اونٹوں کا چارہ ہے۔
عقول (فضس) عقلمند۔ ایک چیز کو سمجھنے والا۔ قابض دارو۔
عقی (فس) (ض) ایک امر کو ناپسند کرنا۔ بچہ کو ایسی چیز کھلانی کہ اُس سے بچہ عقی کرے۔ بچہ کا حدث کرنا۔
عقی (کس) جو چیز کہ پہلے ہی پہل نوزادہ بچہ سے پیشاب وغیرہ نکلے۔ اعقاء (فسفسم) جمع۔
عقیان (کسفس) زر خالص جو زمین سے یعنی کان سے نکلے

عقیب (فکس) دوسرے کے پیچھے آنے والا۔
عقنب (ضتفس) ایک پرند شکاری
عقید (فکس) پیمان کرنے والا گاڑہی دلدار نہنے والی چیز گاڑہا شہد۔
عقیدۃ الرجل مرد کا دین و مذہب جسکا اعتقاد رکھے
عقیر (فکس) مرد جسکے فرزند ہووے۔ خستہ زخمی۔ چوپایہ جسکی کونچ کٹی ہوئی ہو۔ عقری (فسف) جمع۔ جنہیں کہ خوف نا کھانے کے سبب طاقت حرکت کی ہو یا سرگشتہ و متحیر۔
عقیرۃ (فکسف) کونچ کٹا ہوا شکار وغیرہ۔ گریہ کی آواز۔ آواز بلند۔ گوئیے اور قاری کی آواز خشک سر کٹا ہوا کھجور کا درخت۔
عقیصاء (ضفسفسم) چھوٹا بیٹا بڑے بیٹے کے پاس۔
عقیصۃ (فکسف) بٹے ہوئے اور گندہے بال۔ عقاص (کفس) عقائص (فقسک) جمع۔

عقم عقمس عقمق عقمل عقمص
۳۶۷
۵ عقی ۶ عقب ۷ عقد ۸ عقر ۹ عقص
۱۲

عقلہ (ضسف) اشکال رمل مین سے ایک شکل اسکی صورت ☷ یہہ ہی۔ کشتی کے پیچون مین سے ایک پیچ ہی۔

عقم (فس) سرخ کنبل یا سرخ کپڑا۔ ایک قسم کا رنگ نقش۔ دو چیز کے درمیان کا حاجب و حاجز و حائل۔

عقم (فس) عقم (فف) عقم (ضس) (س ض ن ک) عورت کا بانجہ ہونا اور اسکے رحم کا منی کو قبول نکرنا۔

عقم (فف) (س) خاموش ہوجانا

عقم (ضس) بانجہ پن۔ رحم مین ایک شگستگی ہی جس کے سبب حاملہ نہووے۔

عقمہ (کسف) بمعنی عقم (فس) رنگ نقش۔

عقمۃ (ففف) ایک نالہ ہی۔

عقمۃ القمر چاند کا پھر آنا۔

عقمت مفاصلہ اسکے بدن کے جوڑ خشک ہو گئے

عقمی (ضسکت) شرف آبائی کے سبب بزرگ قدر مرد۔ جو امر د سے مخفی و ملتبس و پوشیدہ۔ اور غریب کلام

عقنفرۃ (ففسفف) زمین پر گرا کر مار ڈالنا۔

عقنفش (ففسف) اکھڑ مرد بد خو بری اور دشوار خو

عقنقصہ (ففسفف) ایک چھوٹا سیا جانور ہی۔

عقنقل (ففسف) بڑا بزرگ نالہ وسیع۔ اور پرتلے جما ہوا ریگ تودہ گوہ کی انتڑی۔ بڑا پیالہ بزرگ تلوار

عقاقل (ففسک) جمع۔

عقو (فس) (ن) کوئین کو کھودنا پھر اسکی جانب سے پانی پہنچانا یا چپ و راست سے کوئین کو پانی کے لئے کھودنا۔ جھنڈے کا اونچا ہونا۔ ایک امر کو ناپسند اور مکروہ کہنا۔ باز رکھنا۔

عقوب (ففضس) جو کہ امور نیک مین اپنے اگلون کا نائب ہو۔

عقوۃ (فسف) گھر کی چار دیواری منزل اور راہ اترنے کی جگہہ۔ ایک درخت ہی۔ عقاء (کفسم) جمع۔

جنگ سخت - آدمی کی عقل جو اُسکو نفع نہ بخشے - روز قیامت اسلیے کہ اُسکے بعد دن نہیں ہے یہہ جہان تعنی دنیا کہ آدمی کو نفع نہ پہنچاوے

عَقَیُوں (اکسفس) عرش کے نیچے ایک ہوا کا دریا ہے جسمین ہوا کے فرشتے ہین اور اُنکے پاس ہوا کے نیزے ہین -

یوم عَکّ (فت) روز گرم -

رجل عک موٹا آدمی سخت -

عکہ بالحجۃ (ن) حجت مین اُسپر غالب آیا -

وعک بالسوط کوڑے سے مارا -

وعک علیہ اُسپر میلان کیا اور اور حملہ کیا - اس معنی مین علے صلہ آتا ہے

و نیز عَکّ (فت) (ن) کلام کو دوبارہ کہنے کا ارادہ کرنا - کسی کے حق ادا کرنے مین دیر لگانی - کسی کے ساتھہ بار بار بدی کرنی - کسی کو حاجت سے روک رکہنا - کلام کو بیان کرنا - تپ کا دائمی اور گرم ہونا -

عَکّ (فت) (ض) گرم ہونا -

عُکَاب (ضفس) دہوان -

گرد و غبار -

عُکَابِر (ضفسک) جنگلی چوہے -

عُکَابِش (ضفسک) بہت سارے اونٹ - یا ہزار یا بہت اونٹ

عَکّار (فتفس) بہت حملہ کرنیوالا مرد - بہت پہر آنے والا - لڑائی مین بہت پہر آنے والا اور حملہ کرنے والا -

عُکَّازَۃ (ضتفسف) سنان دار لکڑی - **عکاکیز** (فضکس) جمع - نیزے وغیرہ کی جڑ کا لوہا -

عَکَابِل (ففسکس) شیر کا بچہ

عِکَاس (کفس) رسی جس سے اونٹ کے ہاتھہ کو مہار کے ساتھہ باندہین تا کہ رام اور منقاد ہو جاوے - ایک دوسرے کی پیشانی کے بال کو پکڑنا -

عَکَاش (فتفس) مکڑی یا مکڑ یا اُسکا گھر - جالا جھنڈا جو درخت پر لپٹ جاوے اور منتشر ہو جاوے -

عُکَاک (ضفس) نمی ہوا کے

عقیصیر (فسکس) ایک صحرائی چوپایہ ہی۔

عقیفان (فسفس) سب لینی بانوں کے چھوٹے کہ مقابر اور ویرانون مین ہوتے ہین۔

عقیق (فکس) ایک دانہ ہی سرخ رنگ کا کہ یمن مین پایا جاتا ہی اُسی مین کی ایک قسم کہ سواحل دریا روم مین پیدا ہوتی ہی رنگ اسکا دھندلا جیسے اس پانی کا رنگ ہوتا ہی کہ جو نمک چھڑکے ہوئے گوشت سے بہتا ہی اور اُسمین سفید لکیرین باریک باریک ہوتی ہین۔ عقیقہ (فکسف) ایک عقائق (ففسک) جمع۔

ونیز عقیق — جو کچھ کہ رو زمین مین سے کھود ڈالے اور ڈار ڈالدے۔ بال جو لڑکے کے ساتھ پیدا ہوتے ہین۔ اونٹ کے بوتہ کی پشم۔ چوپایہ کے بچون کے بال جو مان کے پیٹ سے ساتھ لیئے نکلتے ہین

عقیقہ (فکسف) آدمی اور بہائم کے بچہ کے بال جو مان کے پیٹ سے ساتھ لیئے نکلتے ہین اور بھیڑ اور بکری وغیرہ کے بچہ کے یا کسی آدمی کے بچہ کے لیئے ساتوین دن قربانی کرتے ہین۔ برق جو ابر کے درمیان چمکے اور اُس سے تلوارون کو تشبیہ دیتے ہین توشہ دان۔ ندی کا پانی۔ پٹی کہ کپڑے مین سے چیرین اور جدا کرین۔ شپک کے پھنوکا سیرا تیر کہ آسمان کیطرف پھینکین۔

عقیلہ (فکسف) بزرگ عورت نیکبخت۔ پردہ نشین بزرگ قبیلہ کی۔ قوم کا سردار۔ عزیز و گرامی اونٹ۔ ہر چیز عزیز و گرامی۔

عقیلی (فتفسف) کھجور کا مُقل

عقیم (فکس) مرد جسکے فرزند نہووے۔ عقماء (فنفم) عقام (فکفس) عقمی (فسف) جمع۔ بانجھ عورت۔ عقائم (ففسک) عقم (ضفس) جمع۔ رحم کہ حمل کو قبول نکرے۔ ہوا کہ نہ ابر لاوے اور نہ درخت کو پھل دار کرے

یہ آفات جسمین ہوا نہ چلے —
عُکّۃ (ضتف) مسکہ کا برتن گھی کی چھوٹی مشک۔ عُکَک (ضفض) عِکاک (کفس) جمع۔ تپ کی سردی جھرجھری۔ گرم ریگ تودہ۔ آفتاب کی تپش سے ایک رنگ ہی جو گابھن اونٹنی پر طاری ہو جاتا ہے جیسے عورتوں کے چھائیں پڑ جاتی ہیں۔ ہوا کے گرمی کی تیزی اور سختی —
عَکَّث (فس) جمع ہونا۔ دو چیز کا موافق ہونا اس لفظ کا اشتقاق ہرگز نہیں ہوتا
عَکَدَ (فتس) (ض) قادر کر دینا۔ کسی کیطرف پناہ لینی جبکہ اُس کی اصلہ ہو۔
عَکِدَ الضب و البعیر (س) اونٹ اور سوسمار موٹا ہوا۔ عَکِدَ بہ چسپاں ہوا اُسکے ساتھ —
عُکَد (فک) موٹا اونٹ۔ موٹا سوسمار۔ خشک درخت اوپر تلے رکھا ہوا —
عُکدُ الشئ چیز کا سیانہ —
عُکدَۃ (ضسف) دمگزہ کی ہڈی قوت۔ سوسمار کا بل۔
عَکدَۃ (ففف) زبان کی جڑ۔ دل کی جڑ۔
عُکُدَّۃ (ضکف) موٹا اونٹ۔ موٹا سوسمار۔
عَکَر (فک) گدلا پانی۔ شراب تیل تلچھٹ دار۔
عَکَر (فف) اونٹوں کا گلہ پانسو سے زیادہ یا ساٹھ اونٹ کا گلہ یا پچاس سے سو تک کا۔ تلوار کا زنگ۔ ہر چیز کی تلچھٹ تیل اور شراب کی تلچھٹ۔ پانی کا گدلاپن جو حوض کی تھاہ مین ہو
عَکِرَ (فف) (س) پانی وغیرہ کا تلچھٹ دار ہونا۔
عَکرَۃ (فسف) حملہ —
عِکر (کس) ہر چیز کی طینت و اصل
عَکر (کس) عُکور (ضفنس) (ن) ایک چیز پر حملہ کرنا اور اُسپر پھر آنا۔ ایک چیز کی طرف میل کرنا۔ لڑائی کیطرف پھرنا۔ گدہے کا اپنے مالک کو گھر کیطرف پھیر لانا۔
عَکرَۃ (فسف) حملہ —

عکک
عکث
عکد
عکر

۳۷۱

اُگ رہی کی تیزی اور سختی ۔

عکال (کغفین) رسی جس سے اونٹ کے ہاتھ کو بازو سے باندھ دیں ۔

عکالد (ضفسک) پھٹا ہوا یا جما ہوا دودھ ۔ اور کہا گیا ہے کہ لازم ہے

عکام (کغفین) جس سے بوجھ کو باندھیں ۔ عکم (ضغص) جمع

عکامس (مغفسک) بہت سے اونٹ یا اونٹوں کا گلہ ایک ہزار کے قریب ۔

عکان (کفس) گردن ۔

عکث (کفت) ٹھگنے قد کا دلدار موٹا آدمی اور جن سرکش ۔ وہ کہ جسکی مان نے خاوند کر لیا ہو

عکب (رفس) گرد چست سبک روح شادمان ۔

عکب (رتس) (ن) سخت چلنا ۔

عکب (رفت) ہونٹھ کی دلداری اور پرکاری ٹھوڑی کی دلداری اور پرکاری ۔ داانت کی پرکاری

عکب (رفت) (س) پانوں کی انگلیوں کا آپس میں نزدیک

اور چسپیدہ ہونا ۔ د?ین کا بہت ہونا ۔

عکباء (فسفم) مضبوط بدن کی عورت گٹھیلی کہ جسکے ہونٹھ موٹے موٹے اور دانت بڑے بڑے پیدا ور بڑے سے ہون ۔

عکباش (کسنفس) ہرن جسکے سینگوٹیان نکلی ہون ۔

عکبش (کسک) ایک چیز ہے کہ جسے شہد کی مکھی اپنے ران اور بازو سے لاکر شہد مین بجاے شہد کے ڈالتی ہے ۔

عکبرة (منسفف) سخت بدن کی عورت ۔

عکبر (منسفض) ذکر کی سپیاری ختنہ کی جگہہ تک ۔

عکبش (مفغک) بہت اونٹ یا اونٹ جو ہزار کے قریب پہنچ گئے ہون ۔

عکبشة (فسنفف) مضبوط اور محکم بندش ۔

عکبل (فسنفف) ٹھگنا مرد موٹا

عکة (فنف) گرم زمین بہت گرم

عکش (فس) (ض) حملہ کرنا۔ چیز کو جمع کرنا۔ مکڑی کا گھر کو بنانا۔ ایک چیز کو جمع کرنا۔ کدو کا بیل کو گھیر لینا بہت زور سے باندھنا۔

عکش الشعر (س) بال الجھ گئے اور لپٹ گئے اور پتیاں لگ گئیں۔ گھاس کا بہت اور انبوہ دار ہونا اور آپسمین لپٹنا۔

عکشۃ (فکف) بہت شاخدار درخت آپسمین لپٹا ہوا۔

عکص (فس) بدخوئی۔ اعضا کا گھٹا ہوا ہونا۔

عکص (فس) (ض) ایک چیز کو رد کر دینا۔

عکص (فک) بدخو۔

عکصۃ (فکفت) دشوار گذار ریگ تودہ۔

عکض (فف) (س) چوپایہ کا سرکشی کرنا اور چلنے سے ٹھہر جانا۔

عکظ (فس) (ض) کسی کو بند کرنا۔ جدا کرنا۔ بیکار کرنا۔ مغلوب کرنا۔ کسی پر اسکی بزرگی کو رد کرنا۔

عکف (فک) گھونگریالے بال

عکف (فف) (ض) بند کرنا۔ کسی چیز کا ہمیشہ پیش آنا۔ متوجہ ہونا۔ ایک چیز پر مقیم رہنا۔ مسجد مین گوشہ گیری کرنی۔ اپنے تئین نگاہ رکھنا اور اصلاح کرنی دیر لگانی۔ ایک چیز کے گرد پھرنا۔ پرند جانورونکا مرے ہوے کے گرد اڑنا۔ موتی وغیرہ کو ڈورے مین پرونا۔ روکنا

عکک (فف) شدے ہوا کے گرمی کی تیزی اور سختی عکاک (فس) جمع۔

عکل (س) بہت یعنی چراغدانکا چیکٹ بھرا ہونا۔

عکل (کس) کینہ۔ عاکال (فس) جمع۔

عکل فی الامر (ن ض) اٹکل سے بات کہی۔

وعکل علیہ الامر (ن ض) مشتبہ اور دشوار ہوا کام اسپر۔ ونیز **عکل** (فس) جمع کرنا۔ ہانکنا۔ پھیر دینا۔ یا اونٹ کو زور سے ہانکنا۔

۲۷۳

عکص

عکظ

عکف

عکک

عکل

۱۲

عکرۃ (فقف) اونٹوں کے گلہ
مین سے کچھ حصہ - یا اونٹ کا
گلہ پچاس سے سو تک کا - زبان
کی جڑ - عکر (فف) جمع -
عکبد (فسف) موٹا لڑکا تنومند
جسیم یا مراہق لڑکا جو بلوغ کے
نزدیک پہنچا ہو -
عکرد (ضسف) عکرود (فسفس)
بمعنے عکرد (فسف)
عکردۃ (فسفف) موٹا ہو جانا
قوی ہو جانا - اونٹنی کا اپنے
مالک کو اپنی جائے مالوف کی
طرف پھیر لانا حالانکہ وہ اسکو
ناپسند رکھتا ہو -
عکرش (کسک) ایک کھٹی
گھاس ہی اور وہ آفت ہی کھجور کے
درخت کیواسطے یعنی جس درخت کی جڑ
مین اوگتی ہی اوسکو کھودیتی ہی یا وہ
عشبہ مقدسہ ہی - یا ہلسکی ہی -
عکرشۃ (کسک) خرگوش کی
مادہ پر گوشت -
عکرکم (فسفس) گاڑہا دودہ -
عکرم الکلیل رات کی سیاہی -

عکرمۃ (کسکف) معرفۃ وبلا الف و
اللام - کبوتری یا قمری -
عکز (فس) (س) پکڑ - سچہ سے
پکڑنا - سکڑ جانا -
عکز علے عکازۃ (ن)
عکازہ پر تکیہ لگایا - نیزہ کو
زمین مین مارنا اور اوسمین گاڑنا -
ایک چیز کی سبب راہ پانا اور پہچاننا -
عکز (کس) بدخو مرد بخیل بدفال
عکس (فس) (ض) اولٹا کرنا
لفظ اور بات وغیرہ کو پھیر دینا -
ایک چیز کے آخر کو اوسکے اول
مین لانا - ایک چیز کے اجزاء کو
ایک دوسرے کی جگہہ مین کردینا -
چوپایہ کا روکنا - باز رکھنا - گھوڑے
کی باگ کو اپنی طرف کھینچنا تاکہ
پھرے - اونٹ کی مہار کو
اوسکے ہاتھہ پر باندہنا تاکہ رام اور
منقاد ہو جاوے - کھانے پر
دودہ ڈالنا -
عکش (فک) گھونگریالے
بال - مرد کہ اوس سے کبھی نیکی
نہ صادر ہو - ایک چیز کا جمع کرنیوالا

عملتہ (ضنسف) موٹاپے کے سبب پیٹ کی شکن عکن (ضس) عکان (فسفس) جمع۔
عکنکع (فغسف) بھوت نر۔ جسے فارسی مین غول کہتے ہین
عکو (ضس) (ن) ازار کے نیفہ کو بڑا اور سخت بنانا کچھ پیٹ مین سے پلیدی نکل آئی اور کچھ باقی رہجانی۔ اپنی قوم کیطرف سیلان کرنا۔ کسی کو لوہے کی زنجیر سے باندھنا۔ عورت کا بالون کو نہ لٹکانا۔ چوپایہ کا دُم کو بلدیگرہ لگانا۔ خم دینا۔ اونٹ کا سخت اور موٹا ہوجانا۔ دھوئیں کا بہت اونچا ہونا۔ سانڈ اونٹ کا مادہ کو گابھن کردینا۔
عکواء (فسفم) بکری دُم کی سفید سارے بدن کی کالی۔
عکوب (فصس) گرد وغبار۔
عکوب (فتقس) گروہ انبوہ
عکوب (ضتتس)(ن) اونٹون کا حوض پر جمع ہو آنا۔ ٹھہرا رہنا۔ ٹھہرنا۔ آواز و فریاد کرنی۔

ہانڈی کا جوش کرنا۔
عکوۃ (ضنسف) نوبت ہرچیز کا میانہ۔ زبان کی جڑ چوپایہ کی دُم کی جڑ۔ ایک پٹھا جسے چیز کر و وہرا ٹین سخت تیغہ ہرچیز مین سے سخت اور وہ جگھہ کہ بڑی اور ابھری ہوئی ہو۔
عکی (ضفً) عکاء (کفسم) جمع
عکوۃ (ضنسف) مقل کے ستو۔ عکی (ضفً) جمع۔
عکوز (فسف) آہن دار ہاتھہ کی لکڑی جسمین لوہا لگا ہو جیسے کی مانند ایک چیز ہی لوہے کی کہ جسمین جذام والا اپنا پانون رکہتا ہے۔
عکوک (فقتف) ٹھنگنا۔ گول بدنکا۔ پیدایش کا مضبوط جسیم سخت جگھہ یا نرم آسان۔
عکوکع (فضسف) ٹھنگنا۔
عکول (فقتف) ٹھنگنا موٹا مرد
عکوم (ضتفس) پھر جانیوالا پھر جانے کی جگھہ۔ عورت جو ہر بیٹی سکے پیچھے بیٹا جنے۔

مادہ
عکلتہ ۱۲ ...
عکن
عکنکع
عکو
عکوب
۲۷۵
۵ عکو
۵ عکی
۵ عکز
۵ عکک
۶ عکع
۵ عکل
۱۱ عکم
۱۲

اونٹ کے زانو کو باندھنا اونٹ کے دونوں ہاتھونکو بازو سے باندھ دینا۔ بند کرنا۔ روک رکھنا پھیر دینا۔ زمین پر دے مارنا۔ اسباب کو اوپر کھینچنا۔ مرجانا۔ کام مین کوشش کرنی۔

عکلد (ضفک) گاڑھا دودھ جما ہوا لبن محکلط گاڑھا دودھ۔

عکم (فس) پہلو کے اندر کی جانب

عکم (فکس) (رمن) کپڑے مین اسباب کو باندھکر لادنا۔ کسی کی ملاقات سے لوٹایا جانا مجھولا کسی کا انتظار کرنا۔ کسی پر پھر انا جبکہ علی صلہ ہو۱۲ کسی کا قصد کرنا۔ کسی کے گالی دینے سے باز رہنا۔ جبکہ عن صلہ ہو۱۲ اونٹ کا موٹا ہوجانا اور اسکی چربی کا تہ بتہ ہونا۔ گون کو چوپایہ پر باندھنا۔ کسی کے واسطے گون باندھنی۔

عکم (کس) جس سے بوجھ کو باندھین۔ بوجھ کی گون۔

عکمان (کسفس) بوجھ کی دو گونین۔ اعکام (فسفس) جمع جامہ دانی۔ کپڑونکا بقچہ۔ گٹھری۔

عکوم (ضفس) جمع۔ گونین کی گھڑی یا۔ ایک کنبل جسمین عورتین اپنا ذخیرہ جمع کرکھین۔

عکمۃ البطن پیٹ کا گوشہ۔

عکمز (ضسعض) گول بدن نازک اندام پر گوشت عورت موٹا کیر۔

عکمزۃ (ضسفت) **عکموز** (ضسفس) **عکموزۃ** (ضسفسف) بمعنے عکمز (ضسفض)

عکمش (ضفک) بہت سے اونٹ یا اونٹون کا گلہ ایکہزار کے قریب۔ اندھیری رات۔

عکمسۃ (فسفف) رات کا تاریک ہونا۔

عکمص (فنفک) بلا عقلمند۔ ہر چیز سے خوفناک۔

عکموص (ضسضس) گدہا۔

عکناء (فسفسم) اونٹنی جسکے تھنونکا سرا دلدار ہو۔ لڑکی جسکا پیٹ شکن دار ہو۔

عکنان (فسفس) بہت سے اونٹ بہت سے شتر مرغ۔

جسپر لوہا کوٹتے ہین۔ علا (فف) جمع۔ ایک پتھر جسپر پنیر اور دہی کو خشک کرین۔ ایک دوہنی چمڑے کی کہ اُسکے گرد اگرد گوبر لگا دیتے ہین اور اُسمین دودھ دوہتے ہین۔ اونچے قد کی اونٹنی بدنکی مضبوط۔

عُلَاثَہ (ضفسف) گھی پنیر ملا ہوا۔

عِلَاج (کفس) بیمار وغیرہ کے ساتھہ مشقت کرنی۔ ایک چیز کی مزاولت کرنی۔ کسی کو تلوار سے مارنا۔ کسی سے علاج مین مقابلہ کرنا۔ کام اور عمل۔ کسی سے سختی دیکھنی۔

عَلَادِی (ففسف) موٹا تازہ مضبوط اونٹ۔

عُلَاس (ضفس) کھانے کی چیز۔

عِلَاص (کفس) نفع کی شرکت پر کسی کو مال دینا۔

عِلَاط (کفس) گردن کا کنارہ اور وہ دونوں طرف دو ہوتے ہین۔ کبوتر کی گردن کے دونون طرف کا کالا طوق۔ شعاع آفتاب کے خطوط یعنی کرنین۔

عِلَاطُ الْاِبَر سوئی کا دہاگا۔ اونٹ کی گردن کی رسّی۔

اَعْلِطَہ (فسکف) عُلُط (ضض) جمع۔ خصومت۔ بدی۔

عَلَّاف (فتفس) چارہ بیچنے والا۔

عَلَاق (ففس) اسقدر چارہ جسپر چوپایہ دن تیر کرے۔ قوت جس سے دن گذار دین۔ لکڑی کہ جس پر کوئین کی گھرنی لگا دین۔ کوئین کی گھرنی ڈول کی رسی۔ بڑا ڈول۔ ڈول کی گھرنی۔ یا گھرنی مین رسی لٹکی ہوئی۔ خواہش۔ دوستی دوستی۔ گوشت کا ٹکڑا۔ چنگل مارنا۔

عَلَاقِ (ففسک) امر ہے یعنی لٹک جا۔

عُلَّاق (ضتفس) ایک گھاس ہے۔

عَلَاقَہ (ففسف) چارہ اور خوراک جس سے دن گذار دین۔ وہ چیز کہ جسپر کوئین کی گھرنی لگا دین۔ کوئین کی گھرنی۔ ڈول کی رسّی۔ بڑا ڈول۔ ڈول کی گھرنی۔ یا گھرنی مین

رجع عنت | رجع | رجع | رجع | رجع

۵ علص
۷ علط
۸ علف
۸ علق

۱۲ ۱۲
۱۲

عکلی (فتف) بقل کے ستو —
عکلی (فکت) خالص دودھ جسمین
کچھ ملاؤ نہو۔ دودھ کی مشک —
بکری کا دودھ اور چلے دوہا ہوا —
دودھ کہ گاڑھا ہوگیا ہو —
عکلی (رمس) (رمق) ازار کے نیفہ
کو سخت کرنا۔ عرجا
عکیت (فکس) ہاتھی کا پیشاب
عکیس (فکس) دودھ جسے
شوربا اور کھانے پر ڈالین —
ایک قسم کا کھانا جو دودھ اور آٹے
سے بناتے ہین۔ انگور کی شاخ
جسے زمین مین لگائین تاکہ
اوگ آوے۔ تازہ دودھ جسپر
پگھلی ہوئی چربی ڈالکر اُسے پوین
عکیسہ (فکسف) بہت اندھیری
رات۔ بہت سے اونٹ —
عکیشط (فکس) کھنگنا —
عکیک (فکس) اسے ہوا کے
گرمی کی تیزی اور سختی۔ عکاک
(کفس) جمع۔ یوم عکیک گرم دن —
عکل (فت) دبلی کلی یعنی چیچڑی
مرد جسکے ہاتھ پاؤن چھوٹے
چھوٹے ہون۔ مرد جو عورتون کی
صحبت اور اُن سے بات چیت
کرنے کو دوست رکھے —
بڑی عمر کا مرد دُبلا تپلا — ہر ایک
چیز چھوٹے چھوٹے اعضا کی —
ہو لی چیچڑی۔ لغات اضداد سے ہی
بڑے جثہ کا بوک۔ جسکا چمڑا
بسبب بیماری کے سمٹ گیا ہو —
مگر۔ شاید۔ ولعل یعنی مگر وشاید —

عل الضارب المضروب
(ن) اُسکے پے در پے مارا —
عل (ض) بیمار ہونا —
عل (فت) علل (فف) (ان س)
پانی کو دو مرتبہ پینا۔ یا اوپر تلے
پینا۔ پانی کو دوبارہ پلانا کھانے
مین سے کچھ کھایا جانا۔ مجہولاً —
علا (فف) بلند —
علاء (ففم) قدر ومنزلت کی بلندی
علاب (کفس) درازی گردن
مین ایک نشان ہے —
علابی (فسکت) ایک قسم
کی کانسی —
علاۃ (فس) اہرن یعنی

ایسی علامت کہ بسبب اُسکے اُس شئی تک پہنچ جائیں۔
عَلّامِض (فغفسک) مرد جسکی صحبت کو نا پسند رکھیں۔
عَلّامِی (ففسکت) اُلٹا پھاکا آدمی ظریف۔ تیز فہم۔ اسمین یائے نسبتی ہے۔
عَلّان (ففتس) نادان۔ علانہ (ففتسف) ہونٹ۔
عَلّان (کفس) آپسمین آشکارا اور ہویدا کرنا۔
عَلّانی (ففسکت) مرد جسکا کام معروف و مشہور ہو۔ علانیین (ففسکتکس) جمع۔
عَلّانِیَۃ (ففسکف) ظاہر اُکھلم کھلا
رجل عَلّانِیَۃ مرد جسکا کام معروف و مشہور ہو۔ علانیین (ففسکس) جمع۔
عَلّاوَہ (کفسف) کھوپڑی آدمی کا سر جب تک کہ گردن پر ہو یا علاوہ گردن۔ علاوے (ففسک) جمع۔ جو کہ ہر چیز پر بالا ہو
عَلّاوَۃُ الدّار بالاخانہ کی جانب اسکے اسپ کیطرف

عَلّابَیۃ (ففسف) ہر بلند جگہہ۔
عَلَب (فس) نشان۔ علوب (ضضس) جمع۔ سخت جگہہ۔ سرچیز سخت اور ٹھوس۔
عَلَب (فس) (ن ض) قطع کرنا۔ چھیلنا۔ نشان کرنا۔ تلوار وغیرہ کے قبضہ کو اونٹ کی گردن کے پٹھے سے مضبوط باندھنا
عَلِب (کس) وہ شخص کہ جو چیز اُسکے پاس ہو اُسمین کوئی طمع نکر سکے۔ زمین کہ اگر اُسپر مدتون مینھہ برسا کرے تو بھی کچھہ نہ اوگاوے۔ اور علب بوزن کلب بھی آیا ہے۔ اور بیری کے درخت اوگنے کی جگہہ۔ علوب (ضضس) جمع۔
ضب علب (کس) بڑی عمر کا سوسمار۔
عَلَب (فف) ایک بیماری کہ اونٹ کی گردن کے پٹھے مین ہوجاتی ہے سختی۔ کھرا پن۔
عَلِب (کف) (س ن) سخت ہونا۔ سختی کے بعد گوشت کا

مادہ
عمنص ع
عمسر ع
علک ع
عمس ع
عمع ع
عمی ع
۳۷۹
ث علب
۱۲۱۲ ۱۲

رسی لگی ہوئی - خواہش - قیمتی لہا
اونٹ جسے قوم کے ہمراہ طعام
کے لیئے بھیجین - خصومت -
دوستی - دلی دوستی - لغات اضداد
سے ہی - پیشہ وغیرہ جسے مرد
لازم پکڑے - جو چیز کہ زندگانی
کے لیئے کافی ہو - عورت کا مہر -
علائق (فکسک) جمع - سوت -
لٹکائو - جو چیز کہ جس سے گزارا دن رو
عُلاقۃ (کفسف) کمان اور کوزے
وغیرہ کا پھندنا - جو چیز کہ جس سے
ایک چیز کو لٹکا دین - علائق (فکسک)
علاقی (فتفسف) جمع -
عِلاقۃ الصّید شکار کہ جس کے
پانوءن مین رسّی ہو -
علاقۃ (فتفسف) موت - بلا سختی
علاقیۃ (فکسکف) لقب -
علاقی (فتفسف) جمع - جو کہ ایک
چیز مین چنگل مارے کہ اس سے
ہاتھ نہ اوٹھاوے -
علاک (فتفس) تھوڑی سی چیز جو
چبائی جاوے -
عُلاک (ففس) تھوڑی سی چیز
جو چبائی جاوے -
عَلاک (فتفس) گوند بیچنے والا -
عُلاکر (ضفسک) دودہ کہ گھر گیا ہو
عِلال (کفس) معانقہ کا اسم
مصدر ہی -
عُلالۃ (ضفسف) جس سے کہ
غذا و بہانہ کرین - پستان مین
بقیہ دودہ کا - ہر ایک چیز کا باقی -
دن کے بیچون بیچ مین اونٹنی
کے دوہنے کا وقت - بدن
کی قوت کا بقیہ -
عُلام (ضفس) چرغ - باشہ -
اِعلام (کتفس) سکھانا - آگاہ کرنا
عُلام (فتفس) چرغ - باشہ -
حنا - عقلمند - نسب کا جاننے والا -
علامۃ (فضسف) نشان - علام
(فضس) جمع - دو زمین کے بیچ
کی ڈول یا حد فاصل - نشان
جو راستے کی علامت کے واسطے
قائم کرین جیسے پتھر وغیرہ -
علامۃ (فتفسف) بڑا دانا -
آدمیون کے نسب کا جاننے والا
عُلامۃ الشی کسی شے کی کوئی

دن گذر جاوے —

علج (منس) (ن) کسی پر معالجہ کی لڑائی مین غالب آنا —

علج (فت) کھجور کے چھوٹے درخت

علج (کس) گدھا جنگلی گدھا موٹا مضبوط — روئی جسکے کنارے سخت ہون — سننے دین عجمی کہ اسکا کچھہ دین نہو —

علج (فک) سخت پردہ اکل کھرا پچھاڑنے والا کامون کو درست کرنے والا اور اسمین سختی اور مشقت کرنے والا —

علج (ضف)، علج (فتف)، سے علج (منس) —

علجان (منفس) بہت سے خاردار درخت —

علجان (ففس) اونٹنی کی پریشانی — ایک گھاس ہے — ایک درخت ہے جسکی مسواک بناتے ہین

علجانة (ففسف) خاک جمے ہوا درخت کی جڑمین جمع کرے دے —

علجم (فسف) ب لنبے سخت کا —

علجن (فسف) پر گوشت اونٹنی شوخ بے باک عورت —

علجوم (فسفس) بہت درخت والا باغ — نر مینڈک — بہت پانی رات کی تاریکی — دریا کی لہر — پچھڑی — گندم گون ہرن — نر شتر مرغ — بوک — نر کوہی — بیل بڑی عمر کا — بعلجا — اونٹ سخت اور قوی — یا بہت سے اچھے گھنٹے ہوے اونٹ — علاجیم (فسکس) جمع —

علجون (فسفس) اونٹنی سخت اور قوی —

علد (منس) گردن کا پٹھا — ہر چیز سخت اور شدید — سختی — صلابت

علدمی (فسفکت) حریص — پیٹ کا بندہ جو پاوے کھا جاوے —

علز (فف) سبکی — بیقراری — نے آرامی — بیچینی اور خروش کہ بیمار اور قیدی اور حریص اور قریب الموت کو ہو —

علز (فک) دردناک جسے آرام جو ٹھو وسے نہین —

علجم

علجن

علجب

علجیب

ہ علجم
ن علجن
ہ علد
ے علادم
ہ علز

۱۲ ۱۲
۱۲

یو بدلجاتی - تلوار کی باڑہ کا کُرجانا -
عُلُب (فک) ہر چیز سخت اور ٹھوس - بڑی عمر کا پہاڑی بکرا - بڑی عمر کا سوسمار -
عِلباء (کسفسم) گردن کا پٹھا
علابی (فتسکت) جمع
عَلَبیٰ عَبدَہ عَلُباہ اپنے غلام کی گردن کے پٹھے مین سوراخ کیا یا اُسکو کاٹ ڈالا -
علبی الرجل مرد کی گردن کا پٹھا بڑہاپے کے سبب ظاہر ہونے لگا -
علبۃ (کسف) درخت کی سخت گرہ کہ جس سے انگیٹھی بناتے ہین چمڑے کی دوہنی -
علبۃ (ضسف) لبنا کہجور کا درخت چمڑے کی یا لکڑی کی دوہنی - علاب (کفس) علب (ضف) جمع -
عَلَبِط (ضفکف) علابط (ضفضسک) ولدار - بکریونکا ریوڑ پچاس سے لیکر جسقدر ہو -
علبطۃ (ضفکف) دلدار - بکریونکا ریوڑ پچاس سے لیکر جسقدر ہو -

میٹھا ہوا دودہ گاڑہا - ہر چیز سخت بدن کی گرانی -
عُلَبُوتۃ القوم قوم کا سردار -
علبیۃ (کسکف) ہیلی پہلی اونٹنی -
عَلَّۃ (فتف) نیاز - حاجت - سخت حالی -
علۃ (کتف) جس چیز سے کہ بہانہ کرین بیماری - نیا کام کہ آدمی کے اپنے ارادہ سے باز رکھے -
مثل لا تعدم خرقا و علۃ اور یہہ مثل اُس شخص کے حق مین کہتے ہین کہ باوجود قدرت کام سے عذر کرے - سبب - وجہ - باعث -
علث (فس) چقماق کا آگ نہ دینا - ملانا - جمع کرنا - مشک کو اُرطا سے سنوارنا -
علث (فف) لڑائی کی سختی - لڑائی پر ہمیشہ رہنا -
عَلَث (فک) جو اپنے باپ کے سوا اور کی طرف منسوب ہو - کسی کو اپنے حق کے لیئے لازم پکڑنے والا کہ اُس سے چہوڑے نہیں -
علثۃ (ضسف) تھیلا جس سے

علعل (ضنسفس) ذکر۔ ڈھیلا
خایہ۔ ہڈی جو پیٹ پر زبان کی مانند
نکل آوے۔ نرچکاوک۔
علعلان (ضنسفض) ایک اور جڑ ہے
علعول (ضنسفنس) بدی۔
پیوستگی۔ دو دلہ اور تباہ ہوتا۔
لڑائی کرنی۔
عَلف (ض) (ض) بہت پینا۔
چوپایہ کو چارہ دینا۔
علف (کس) اچھا کھانیوالا۔
علف (فف) چوپایہ وغیرہ کا
چارہ۔ علوفۃ (ضنسف) اعلاف
(فنسفس) علاف (کفس) جمع۔
علف (ضتف) طلح کا پھل تازہ
باقلے کی مانند جسے اونٹ
کھاتا ہے۔ علفۃ (ضتفف) ایک پھل ہے
عَلفانی (فسففسکت) بمعنی
علفوت (کسفس)۔
عَلفصۃ (فسففف) رائے مین
اور کام مین سختی کرنی۔ کسی کو
ایک کام پر زبردستی رکھنا۔ کسی کو
کشتی مین لپیٹنا حالانکہ اُس سے
عاجز ہووے۔

علفطۃ (فسفف) خلط ملط کر دینا
علفوت (کسفس) احمق مرد
جو بے سوچے بات کہے اور
ٹھیک نہ ٹھیک کا لحاظ نکرے
عِلفوت (ضسفس) بمعنی عِلفوت
عُلفوف (ضنسفس) سخت
بدن کا مرد بدخو بڑی عمر کا بڈھا
گوشت کا گٹھیلا بہت بالون
والا۔ بڑی عمر کا بڈھا۔ کھوڑا
مضبوط بدنکا ڈرپوک ار۔ اونٹنی
جسکا کوہان پیچیدہ ہو گویا کہ چادر
مین بندھا ہے۔
علق (ضنس) ایک درخت جس
سے چمڑے کو سنوارتے ہین
گالی۔ ہر چیز مین کی بہتر۔ چھوٹی
برتن۔
علق (فس) (ن) کسی کو زبان
سے برا بھلا کہنا۔ اور آزار دینا۔
علقت الابل العضاہ
علقا (ضس) اونٹ نے
عضاہ کی کونپلون کو کھایا۔
عُلِق فلان حج جو نک چمٹ گئی
اُسکے حق مین جھولا

ہسک سے سن عف

١ علفت ٢ علفص ٣ علفط ٤ علفت ٥ علوف ٦ علق
١٢

مادہ

عالس
علسط
علطف
علطا

علس (فس) (فتن) پینا — کھانے کی چیز سے پینے کی چیز
علس (فف) بڑی چیڑی
ایک قسم کا دوگانہ گیہوں جو ایک چھلکے میں ہو مشہور — ایک قسم کی میوہ بھی
علسی (ففکث) مضبوط پیدائش کا آدمی اور اونٹ سخت — ایک گھاس جسکا پھول گل سوسن کے مشابہ ہوتا ہی
علشط (ففقف) بدخو
علص (فس) (فن) ایک چیز کو اوکھاڑ لینے کے لئے ہلانا —
علط (فس) ایک سیاہی جس سے خوبصورتی کے لئے عورتیں اپنے رخسار پر لکیریں کھینچتی ہین
علط (فس) (فن ن) اونٹ کی گردن پہ داغ دینا — کسی کی بدی بیان کرنی — کسی کو تیر سے مارنا
یعیر علط شتر بے مہار —
ناقۃ علط اونٹنی جس کے کچھ نشان اور داغ نہو یا گہنا نہو

اور سے گردن بندھو نہیں — اعلاط (ففس) جمع — اور لنبے قد کی اونٹنیاں بے گھنگرو کے —
علطبیش (ففکس) روشن اور چہرہ پہلوان —
علطات (ففت) گلوبند — بدی — ایک سیاہی جس سے خوبصورتی کے لئے عورتیں اپنے رخسار پر لکیریں کھینچتی ہین
علطستہ (ففف...) ... راہی مین دوڑنا
علطمیش (ففکس) سخت بدن کی اونٹنی لونبے قد کی سخت اسر بالونکا — گوشت بہری لڑکی نازک بدن خوش قامت سخت کھانے والا مرد — تمام ... کرنے والا
علطوس (ففکس) اچھی اونٹنی ہوشیار لنبے قد کا مرد
علع (فس) ایک کلمہ ہی جس سے بکری اور اونٹونکو ڈانٹتے ہین —
علعل (ففکس) اچھی ... ایک کلمہ ہی جس سے بھیڑ کو ڈانٹتے ہین

چارہ کہ ایک دن کی خوراک ہو۔ عوثت جو دن گذار دے۔ درخت جو جاڑے میں باقی رہے اور اونٹ اسکو موسم بہار تک کھاوے۔ گوشت کا ٹکڑا۔ شی قلیل تھوڑی ہر چیز بیش قیمت۔

عَلقم (فسف) حنظل اور ہر چیز کہ کڑوی ہو۔ تلخ مزہ درخت۔ کڑوے بیر کا درخت۔ بہت کڑوا پانی۔ کھانے میں علقمۃ تلخ چیز ڈالدینی۔

عَلقی (فسف) ایک گھاس ہے جسکی شاخ باریک اور سخت ہو اور اسکی جھاڑو بناتے ہیں۔

عَلک (فقف) ایک حجازی درخت ہے جسمیں گاڑھا دودہ ہوتا ہے کہتے ہیں کہ اسے زہر میں ملاتے ہیں۔

عِلک (کس) صنوبر و اَرزہ و پستہ و سرو و ینبوت و بطم کا گوند۔ علوک (ضنضس) جمع۔

طعام عَلِک کھانا جو چبانے میں سخت ہو۔ شی عَلِک لسدار چیز۔

عَلک (فس) (ن ض) چبانا۔ گھوڑے کا لگام کو چباتا۔ دانت پیسنا اتنا کہ انمیں سے آواز نکلے۔ عَلِک گوند چباتا۔

عَلکات (فقفس) کھردرے اور سخت دانت۔

عَلکۃ (فقف) موٹی اونٹنی اچھے بدن کی۔

عَلکۃ (فقف) پھیپھڑے کی مانند ایک چیز کہ اونٹ مستی کے وقت منہہ سے نکالتا ہے۔ زمین جسکا پانی نزدیک ہو۔ یعنی چھچھلی ۱۲

عَلکَد (فسف) سخت کھردرا دلدار۔

عُلکُد (ضسضف) بمعنی عَلکَد (فسف)۔

عِلکِد (کسک) بہت بڑا خوب عَکلَند ٹھگنی عورت گوشت کی گٹھیلی خوار و ذلیل کم چیز۔ سخت مرد سخت بدنکا دلدار موٹا۔

عُلکُد (ضفک) گڑھیا یا ہوا دودہ۔

عَلکَد (کسفت) چربی۔

عِلکِز (کسک) سخت بدن کا مرد دلدار سخت پرگوشت بزرگ جثہ کا۔

عَلکَم (فسف) اونٹ وغیرہ سخت پیدایش کا۔

عَلکمۃ (فسفف) کوہان کی بزرگی۔

عُلکوم (ضسفس) مضبوط بدن کا

ع ل ق م
ع ل ق ی
ع ل ک
ع ل ک ا
ع ل ک د
ع ل ک ز
ع ل ک م

برجیس علاقت القوس البحام ۱۲
برجیس علاک بایدہ ۱۲
مولوی محمد عبدالغنی صاحب ۱۲

علق

عِلْق (کس) ہر چیز بیش قیمت اعلاق (فنفس) علوق (ضفنفس) جمع۔ جھولی۔ یا پاسن۔ انگوری شراب۔ یا پرانی شراب۔ اچھا کپڑا یا ڈہال۔ یا تلوار۔

عِلْقُ عِلْمٍ علم کا دوست۔ علم وہنر کا پیرو۔

عَلَق (فف) خون۔ یا بہت سخت خون۔ یا جما ہوا خون۔ یا گاڑھا خون۔ عَلَقَۃ کچھہ تھوڑا سا خون ہر لٹکی ہوئی چیز۔ اسقدر مٹی کہ ہاتھہ مین چپٹ جاوے۔ دشمنی جو ہمیشہ رہے۔ عشق اور محبت دائمی محبت اور دوستی۔ ایک کالا کیڑا پانی کا جسے ہندی مین جونک کہتے ہین۔ عَلَقَۃ ایک جو اسقدر چارہ کہ چوپایہ کا دن گذار دے۔ لکڑی جسمین کوئین کی گھرنی لٹکائین۔ کوئین کی گھرنی۔ ڈول کی رسی۔ بڑا ڈول۔ گوشہ کر کوئین کی گھرنی کو اسمین لٹکاوین محور یعنی جسپر دائرہ رہے یا گھرنی مین لٹکی ہوئی رستی۔ راہ کا پیچا پیچ۔

عَلَقُ الْقِرْبَۃِ سختی اور شرمندگی اور کوشش سے کنایہ ہی

عَلَق (ضف) بلا سختی۔ شہر ابر گروہ۔ بہت سی موتین۔ بہت سے کام۔

عَلْق (کس) (فف) علوق (ضفس) علاقۃ (ففسف) کسی کو دوست رکہنا۔ اور اسکی خواہش رکہنی یا دل لگانا۔ کسی کے ساتھہ خصومت کرنی۔ ایک کام کو کرنے لگنا۔ دریافت کرنا۔ عورت کا حاملہ ہونا پانی پیتے وقت جونک کا چوپایہ کے حلق مین چمٹ جانا۔ ہرن کا دام مین پھنس جانا۔

عَلَقۃ (فسف) کپڑے کا کھچاؤ۔

عِلْقَۃ (کسف) نئے جنے ہوے بچہ کا کپڑا۔ نے آستین کا کرتا۔ یا لڑکیون کا ایک کپڑا ہی یا جامہ کے نیفہ تک کہ دونون کنارہ اسکے سئے ہوئے نہین ہوتے ہین۔ یا بہتر اور نفیس کپڑا۔ ایک درخت جس سے چمڑے کو سنوارتے ہین۔

عَلاقۃ (فسف) لٹکاؤ۔ اسقدر

عَلَنْدِی (ضفتفسف) مضبوط اور گوشت کا گٹھیلا —
عَلَنْکَد (ففسف) سخت اور ٹھوس —
عَلَنْکَز (ففسف) بمعنی عُلُکز —
عَلْو (فس) کسی کو زبردستی اور سختی سے پکڑنا —
اَتَیْتُہُ مِنْ عَلْوِ آیا میں اسکے گرنے اوپر سے —
عَلْوُ الشَّیْئِ چیز میں کی بہتر اور بلند —
عَلُو (ضس) بلندی۔ اَتَیْتُہُ مِنْ عُلْوِ یعنے میں اسکے پاس جا بلند سے آیا یہاں عُلو بمعنی عال ہے
عُلْوُ الدَّار بالاخانہ —
عُلُو (ضضت) بلندی۔ مرتبہ کی بزرگی
عُلُو (ضضت) (ن) جگہہ کا بلند ہونا۔ بلند جگہہ پر چڑہنا۔ دنکا چڑہ جانا۔ چوپایہ پر سوار ہونا۔ بلند قدر ہونا اور صلہ فی ہوگا کسیکو بلند کردینا جبکہ ب صلہ ہو کسیکو بالاخانہ پر چڑہانا۔ کسی کو تلوار سے مارنا جیسے عَلَوْتُہُ بِالسَّیْفِ یعنے تلوار سے مارا میں نے اسکو —

بزرگ منشی اور تکبر کرنا وصلہ فی جیسے عَلَا فِی الْاَرْضِ
عَلْوَاء (فسفم) بزرگ —
عُلْوَان (ضسفس) خط کا سرنامہ
عُلُوج (ضضس) اعلاج (فسفس) معلوجاء (فسفم) معلوجی (فسضسف) علجۃ (کفف) علجۃ (ففف) جمع ہے علج (کس) کی یعنے گدہے وحشی مضبوط اور روٹی کے کنارے سخت
عُلُوج (ضضس) پیغام یا پیچابر
عَلُود (کسفت) لبنا۔ بزرگ مضبوط پکی عقل کا سردار باوقار —
عِلْوَدُ الْعُنُقِ لمبی گردن والا
عَلُودَّۃ (کسفتف) سرکش گھوڑا کہ جب تک اسے پیچھے سے نہ ہانکیں آگے کو نہ کھینچا جاوے بڑی عمر کا اونٹ —
عَلْوَدَّۃ (فسفف) کسی کا جگہہ کو ایسا لازم پکڑنا کہ اسے وہان سے جنبش نہ لسکیں —
عَلُّوز (کتقس) پیٹ کا درد دیوانگی جھٹ پٹ کی موت —

مادہ
۳۸۷
۱ علکز
۲ علو
۳ علج
۴ علد
۵ علز
۱۲
۱۲

اونٹ وغیرہ - مذکر و مونث برابر ہی - علاکم (ضفسک) بمعنی علکوم اور علاکم (ضفسک) کی جمع علالم (فقسک) ہی

علم (فس) مخلوق یا جو چیز کہ آسمان کے احاطہ مین ہی -

علم (فس) (ن) معالمہ کی لڑائی مین کسی پر غالب ہونا -

علم (فس) (ن ص) کسی پر نشان کرنا

علم (کس) (ص) ہونٹھ کو چیرنا -

علم (ففت) اوپر کے ہونٹھ مین ایک شگاف ہی یا اُسکے ایک جانب مین - دو زلفون کے بیچ کی حد فاصل - قفل - بلندہ - ایک نشان جو راہ پر اُسکی شناخت کے لیئے قائم کردین - نشان - جھنڈا - لنبا پہاڑ - اعلام (ستفسر) علام (کفس) جمع - کپڑے کا نشان و نقش - کپڑے کے پلو پر پھریرہ - قوم کا سردار - وہ نام کہ جس سے مرد مشہور ہو معرفت - اعلام (ستفس) جمع -

علم (ففت) (س) ہونٹھ پھٹا ہونا

علم (کس) جاننا - یقین کرنا -

دریافت کرنا - کام کو مضبوط کرنا -

علمام (ضنفم) عورت جسکا ہونٹھ پھٹا ہوا ہو

علماد (کسکس) سوت کی انٹی

علامدۃ (ففسکف) علامیدۃ (ففسکسف) جمع

علمادۃ (کسفسف) بمعنی علماد -

علمۃ (ضنسف) اوپر کے ہونٹھ مین ایک شگاف ہی یا اُسکی دو جانب مین سے ایک مین -

علمص (ضنفک) انوکھی چیز کہ جس سے تعجب کرین -

علمیص (کسکس) سخت منزل کہ مسافر کو تھکا دے -

علن (فف) علون (ضنفس)

علانیۃ (ففسکف) (ن من ک) آشکار ہوجانا - آشکار کرنا -

علنۃ (ضفضف) جو کہ بھید کو نہ چھپاوے

علندس (ففسنف) نہایت سخت - سخت شیر قوی - علندسۃ (ففسنفف) مونث یعنے شیرنی قوی اور سخت -

علندی (ففسف) ہر چیز دلدار - ایک خاردار درخت ہی - علنداۃ (ففسفف) ایک درخت - علاند (ففسک) جمع

علاہ (کفس) علاہی (فسفف) جمع
نرشتر مرغ —
علہب (فسف) لمبے سینگ کا
بوک گاو وحشی - اونچے قد کا مرد -
علہبۃ (فسفف) ہونٹ -
علہج (فسف) ایک درخت ہے
علہجۃ (فسفف) کھال کو چبانے کے لئے آگ مین نرم کرنا اور حلق مین رکھکر نگل جانا -
علہدۃ (فسفف) بچہ کو اچھی غذا کھلانی
علہز (کسک) بڑی چیچڑی -
ایک قسم کا کھانا کال کے موسم مین خون اور پشم کا بناتے تھے
بڑی عمر کی اونٹنی جسمین کچھ تھوڑی سی قوت رہی ہو - ایک گھاس جو بلاد بنی سلیم مین اگتی ہے -
علہسۃ (فسفف) ایک چیز مین سخت مشقت کرنی -
علہصۃ (فسقف) ایک چیز مین سے ایک چیز پانی - قوم کو زبردستی ایک کام پر رکھنا اور سختی کرنی شیشہ کو نیچے سے پکڑنا تا کہ اسکا سر بند نکال لاوے - کسی کی

آنکھ نکال لینے کی خواہش کرنی - کسی کے ساتھ سخت مشقت کرنی
علہضۃ (فسفف) شیشہ کو ہاتھ مین پکڑنا تا کہ اسکی ڈاٹ نکال لیوے - زور سے پکڑنا محنت و مشقت کرنی - کسی سے ایک چیز پانی
علہم (کسفت) سخت اونٹ بڑی لاش کا -
علہم (کتفس) علاہم (فضسک) بمعنے علہم -
علو (فکت) بلند - بلند نکلا ہوا - سخت و قوی - بڑا - بزرگ - شریف و بلند مرتبہ - علیۃ (کسکف) جمع
علی (کتکت) بالاخانہ - علیین (کتکس) جمع -
علی فی المکارم علاء (ا) بزرگ مرتبہ ہوا -
علی (فس) ہر بلند جگہ -
علی (فس) (ض) بلند چیز پر چڑھنا
علی (ضفت) مرتبہ کی بزرگی اور بلندی اختیار کرنی - مرتبہ کی بلندی
علی (فف) ایک حرف جسکے معنی اوپر کے ہین اور اسم کو جر کرتا ہے

ع علہب
ع علہج
ع علہبۃ
ع علہز
۳۸۹
۵ علہس
۶ علہص
۷ علہض
۸ علہم
۹ علو
۱۰ علل
۱۱ علی
۱۲ ۱۲ ۱۲

عورت کا مٹنا سخت —
علوس (فضس) کچھ تھوڑا سا کھانا
علوش (کتفس) گیدڑ۔ بھیڑیا۔ ایک چھوٹا سا چوپایہ۔ ایک قسم کا درندہ۔ حریص چھچھورا مرد —
علوص (کتفس) بدہضمی۔ پیٹ کا درد
علوض (کتفس) گیدڑ —
علوف (کتفس) بڑی عمر کا۔ پیر فرتوت۔ شیخ فانی —
علوفہ (فضسف) جسے چوپایہ کھاوے چارہ۔ علوف (ضضجمع) اونٹنی اور بکری جسے گھر باندھکر چارہ کھلاوین اور چرنے کو نہ چھوڑین۔ تلخ کھانے والا اونٹ
علوق (فضس) موت۔ بھوت بلا۔ سختی۔ جسے اونٹ چرے ایک درخت۔ جسے حاملہ اونٹنی چرے۔ جو چیز کہ آدمیون کے ساتھ آویزان ہو۔ اونٹنی کہ جو غیر کے بچہ پر مہربان ہو اور سونگھے تو پھر دودھ نہ دے۔ عورت جو اپنے خاوند کے سوا اَور پر مہربان ہو۔ اونٹنی جو سانڈ کی خوگر ہو اور بچہ پر مہربانی نکرے۔ دودھ پلانے والی دائی۔ دودھ پلائی۔ کچھ
علوق (ضضس) بیش قیمت مال اور سب سے بہتر —
علوم (ضضس) جمع ہی علم کی بمعنے دانست —
علونہ (فسففف) خط کا سرنامہ لکھنا
علونہ (فسففف) علوان (ضسفس) خط کا سرنامہ لکھنا —
علہ (فف) سرگشتگی۔ ملامت میں پڑنا۔ خمار سے تکلیف پانی۔ بھوکا ہونا۔ جھگڑنا۔ سرگشتہ اور متحیر ہونا۔ دہشت کھانی۔ خوف کے سبب تردد دکھانا۔ پلید نفس ہونا۔ گھوڑے کی لگام میں شادمانی اور اسکی تیزی اور کوشش۔ نفس کی پلیدی
علہاء (فسفم) دو کپڑے کہ اسمین اونٹ کی پشم بھرتے ہین اور زرہ کے نیچے پہنتے ہین —
علہاص (کسفس) شیشہ کا سربند
علہان (فسفس) گھوڑا جو لگام میں شادمانی اور خوشی کرے بھوکا مرد۔ علہی (فسفا) مونث

علس
علش
علص
علض
علف
علق
علم

ایک منزل ہے جہاں مومنوں کی ارواح رہتی ہیں۔

عَمّ (فت) باپ کا بھائی۔ چچا۔ تایا۔ اعمام (نسفنس) عمومة (ضفسف) اعمّة (فکفتف) اعم (فضت) جمع۔ اعمون (سففنس) جمع الجمع۔ بہت سا گروہ۔ متفرق و پراگندہ۔ عمائم (ففسک) جمع آدمیوں کا گروہ گیلی گھاس یعنی کھجور (عمّ) فت بالفتح میم اصل میں عن ما ہے الف کو حذف کیا اور نون کو میم میں ادغام کیا یہ لفظ استفہام کے لیئے آتا ہے۔

عَمِ (فک) امنا عمیتہ (فکفف) مونث ہے یعنی اندھی ہے۔

عَمِ القلب یعنی جاہل مرد۔

عَمِیَة القلب جاہل عورت

عمون (فضس) جمع۔

عماء (ففم) گمراہی۔ جھگڑا۔ تہ بتہ اونچا چڑھا ہوا ابر۔ یا ابر ہے کہ برسا ہو یا تپلا ابر یا سیاہ یا سفید یا ابر جسنے پانی برسا دیا ہو۔ یا ابر جو پہاڑ پر ہو دھوئیں کی مانند پھیلا ہو

عمّاد (فکفس) لشکر کا ایلچی لڑائی میں جسکی موافقت کریں یعنی سردار۔ مگر۔ اونچی عمارتیں۔

عمّار (ففس) تحفہ ہدیہ۔ ریحان کہ جس سے مجلس شراب کو زینت دیویں اور وہاں رکھیں۔

عمّار (ففنس) بہت روزہ اور نماز والا مرد قوی ایمان اپنے کام میں مضبوط اور ثابت نیک صفات۔ نماز کا ہمیشہ جماعت کے ساتھ پڑھنے والا۔ پادشاہ پر مہربان قول فعل میں صاحب علم و قار۔

عُمّار البیت گھر کے باشندے

عمارة (ففسف) پگڑی تاج ٹوپی وغیرہ جسے سر پر رکھیں

عمار (ففس) جمع۔ قبیلہ سے کم و عمارہ بکسر العین بھی آتا ہے۔ یا قبیلہ بزرگ۔ عمائر (ففسک) جمع چھت بند جسے سایہ بان کے نیچے زینت کے لیئے سیویں تحفہ

عمارة (کفسف) ہے جو چیز کہ جس سے جگہ کو آباد کریں۔ آبادانی۔

عماطی (ضفسکگت) کس بزرگ

اور کبھی اسے اسم بھی کہتے ہین
اور بمعنی فوق کے لیتے ہین۔
عَلیاء (فتسفم) آسمان۔ پہاڑ کا سر۔ بلند جگہہ۔ جو چیز ایک چیز مین سے بلند نکل آوے۔ بڑا بزرگ کام اہم
عُلیا (ضسف) مونث اعلیٰ
عَلیان (فتسفس) لمبا مرد جسیم یعنی عورت جسیمہ۔
عِلیان (کسفس) بڑے ڈیل ڈول کا یعنی قد والا۔ اونچی اونٹنی۔ اونچی آواز۔ نر بجو۔ ہوشیار۔
عِلیان (کتکفس) اونچی اونٹنی اونچی آواز
عِلّیہ (کتکتف) ایک جلو پانی۔ بالاخانہ۔ علالی (ففسک) جمع۔
ایک شخص کی صفت مین کہتے ہین ہُوَ مِن عِلّیَة قَومِہ یعنے وہ اپنی قوم کا برگزیدہ اور بہترین ہے۔
عَلیث (فکس) گیہون کی روٹی یعنی جو گیہون سے ملے ہوئے۔
عَلیس (فکس) بھونی ہوئی چیز یا بکی ہوئی کھال۔
عُلیص (فتفس) ایک گھاس ہے جسکا سالن اور شوربا بناتے ہین۔

عَلیط (فکس) ایک درخت ہے۔
عَلیف (فکس) موٹی بکری۔
عَلیفة (فکسف) اونٹنی اور بکری جسے گھر باندھکر چارہ کھلائین اور چرنے کو نہ چھوڑین۔ علف گھاس کھانے والا اونٹ۔
عَلیق (فکس) چوپایہ کا چارہ جو اور سپست کہ ایک گھاس ہے۔
عُلّیق (فتفس) ایک قسم کا عشق پیچان
عُلّیق الطَّبل ایک گھاس ہے۔
عُلّیق الکلب ایک گھاس ہے
عَلیقة (فکسف) اونٹ جسے قوم کے ہمراہ بھیجدین تاکہ اسپر طعام لادلاوین۔ عورت کا مہر
علائق (ففسک) جمع۔
عُلیقی (فتفسف) ایک گھاس ہے جو درخت پر لپٹتی ہے۔
عَلیلة (فکسف) عورت جسے دوبارہ خوشبو ملی ہو۔
عَلیم (فکس) دانا۔ علماء (ضففم) جمع۔ جسکا علم تمام اشیاء کو محیط ہو۔
عِلّیون (کتکتفس) جمع ہے عِلّی کی۔ اور ساتوین آسمان مین

علامات اعراب ض ف گ ل س ت م ملنے ض ضمہ ف فتحہ ک کسرہ س سکون ت تشدید م | مادہ

عَمَد (ف س) (ن) ایک چیز کے لیے ستون بنانا۔ ایک چیز کو ستون پر کھڑا کرنا۔ قصد کرنا۔ بیماری کا کسی کو سست کر دینا۔ دردناک کرنا۔ کسی کو قرض کا گرانبار کر دینا۔ پچھاڑ دینا۔ عمود سے مارنا۔ کسی کے عمود شکم پر مارنا۔ غمگین کرنا۔

عَمِد (ف ف) (س) غصہ کرنا۔ کسی کے ساتھ چمٹنا جبکہ پہ صلہ ہو۔ سواری کے سبب اونٹ کے کوہان کا اندر سے زخمی اور شکستہ ہو جانا۔ استادہ نا پاک ہو جانا۔ مینھ کا مٹی کو گیلا کرنا یہانتک کہ باندھنے سے بندھ جاوے۔ مٹی کا تر ہونا۔ لازم اور متعدی دونوں آتا ہے یعنی تر کرنا اور تر ہونا۔

عَمِد الثری بہت بھلائی اور احسان کرنے والا۔

عمد (ض ف ت) جوانی میں بھرا جوان۔

عمدان (ض ف ت ف س) اونچے قد کا۔

عمدان (ض س ف س) لشکر کا پیام لیجانے والا۔

عمدانی (ض ف ت ف س ک ت) بمعنی عُمُدّ

عُمدۃ (ض س ف) جس پر تکیہ کریں۔ جس شخص پر اعتماد کریں اور اس پر اپنا کام سونپیں۔ لشکر کا ایلچی۔

عُمر (ض س) عُمر (ض س) عُمُر (ض ض) زندگانی۔ اعمار (ک س ف ج) (جمع)

عَمر (ف س) ترسایوں کی مسجد عبادت گاہ۔ (جمع)

عَمر (ف ف) پگڑی جس سے آزاد عورت سر کو ڈھانکے یا وہ عورت کہ جب اُسکے نہ اوڑھنی ہو نہ سر بند تو سر کو آستین میں ڈھانکے۔

عَمر (ف س) دین و ملت یا مسوڑھے یا استقدر مسوڑھے کہ دانتوں کے بیچ میں ہوں۔ عُمور (ض ض س) جمع۔ کان کا بالا۔ اوپر کا بالا۔ لینا دست گنتا۔ اُدکھڑ

عَمر اللہ لعمر اللہ قسم خدا کی۔ (مر)

عَمر (ف س) عُمر (ض س) عَمارۃ (ف ف س ف) (س ن) دیر تک رہنا جینا۔ جیتا رہنا۔

عَمران (ف س ف س) دو گوشت کے ٹکڑے حلق کے کوتے پر لٹکے ہوئے۔ دونوں آستینوں کی

س ۹۳

بڑی فلاں۔
عماس (فتس) جنگ سخت بلا دشوار کام نے سر دیا۔ روز تاریک خوب اندھیری رات عمس (ضس) عمس (ضض) جمع۔ شیر سخت دن کا سختی۔
عمس الیوم عماسة (فقست) وعموسا (ضضس) عمسا (فف) (ک س) دن سخت اور سیاہ اور تاریک ہو گیا۔
یوم عماص خوب تاریک دن
عماضج (ضفسک) سخت و چالاک اونٹ گھوڑا وغیرہ۔
عماقة (ففست) عمق (ضس) گہرا اور لمبا ہوتا۔
عمالة (ضفسف) مزدور کی مزدوری
عمامہ (کفسف) چھوٹی زرہ جو ٹوپی کے نیچے پہنی جاوے خود۔ سر کی پگڑی۔ عمائم (فف سک) عمام (کفس) جمع۔ لکڑیاں آپس میں بندھی ہوئیں کہ جن پر بیٹھکر دریا اور نہر سے پار اترین یعنی بیڑا امدب کہتے ہیں ارخی عمامته

یعنی نامور اور مرفہ الحال ہو گیا۔
عمادوا اللہ بمعنی اما وا اللہ یعنی قسم ہے اللہ کی۔
عماہج (ضفسک) بمعنی عمہج ہے
عمایة (فقسف) گمراہی جھگڑا اپن تاریکی یعنی شب کا بقیہ۔ ایک پہاڑ ہے
عمت (ضس) (ض) پشم اور صوف کی کاتنے کے لئے پونی بنانی۔ کسی پر غالب ہونا۔ کسیکو روک دینا۔ کسی کو چھڑی سے اے یا کانہ مارنا۔
عمتہ (فقف) باپ کی بہن یعنے پھوپھی
عمتہ (کتف) عمامہ باندھنے کی ہیئات چنانچہ کہتے ہیں ھو حسن العمتہ یعنی عمامہ باندھنے میں وہ خوب ہے۔
عمج (ضس) (ض) جلدی چلنا۔ لپٹوان چلنا۔ تیرنا۔ یعنے جبکہ فی صلہ ہو۔
عمج (فف) سانپ۔
عمجج (ضتف) عوجج (فسف) سانپ
عمد (فک) گیلی خاک۔ اونٹ کہ اسکے کوہان کے اندر زخم اور پوشن ہو
عمد (فس) کوشش۔ ارادہ یقین بیگانی

اُسمین بات سنے اثر کیا۔
وعَمِشَ جسمُ المَرِیضِ مریض کا
جسم موٹا ہو گیا۔
عَمِشَ الرَّجُل کم سوجھ ہو گیا
کم سوجھ ہو گئی آنکھ اور پانی بہنے
لگا کبھی کبھی یا اکثر۔
عَمْشُوش (ضسضس) خوشہ
جسمین سے کچھ میوہ کھا لیا ہو۔
عَمَص (ضس) ایک قسم کا کھانا
عَمِص (زفک) خوشی کا حریص
عَمَضَج (ضسفف) گھوڑا و نٹ سخت
ہے
عَمَطَ عرضہ (ن) کسی کی
عزت و ناموس مین عیب لگایا۔
اور اُسمین رخنہ ڈالا۔
ونیز عَمِطَ (فس) (ن) شکر نکرنا۔
عَمْعَمَۃ (ضسفف) بہت لشکر
والا ہو جانا بعد کمی کے۔
عُمُق (ضس) کوئین اور نالہ
اور پہاڑ وغیرہ کا گہراؤ۔
عَمْق (فس) کوئین اور نالہ اور
پہاڑ وغیرہ کا گہراؤ جنگل کا کنارہ
جو نظر سے دور ہو۔ اعماق (فسفس)
جمع۔ عمق وخرما خشک ہونے کے

لیئے آفتاب مین رکھا ہوا۔
عَمَق (فف) حق چنانچہ کہتے ہین
کہ بغیرہ عمق یعنی اُسکا اُسمین حق ہے
عَمِقَۃ (ففف) چکنائی مشک
مین چربی تیل وغیرہ کا میل کچیل۔
عَمِقَی (کسف) ایک گھاس ہے
عَمَکُوس (فسضس) گدہا۔
عَمَل (ففت) کام۔ حرفت۔
اعمال (فسفس جمع) کام کرنا۔
عَمِلَ بہٖ العَمَلَ (کفکس)
(کسکس) (ضفکس) (س) کسی
سبکے رنج اور آزار مین مبالغہ کرنا۔
وعَمِلَت النَّاقۃ اونٹنی خوب
محنتی اور ہوشیار ہوئی۔ چمکی
عَمِلَ البرق علی الاتصال برق
ونیز عَمِل (فقت) ایک کلمہ کا دوسرے
کلمہ پر اعراب کرنا۔
عَمِل (زفک) کامی آدمی۔ یا مرد کہ
کام کے لیئے معین کیا گیا ہو۔
برابر متصل چمکنے والی بجلی
عُمَّاق (کسفس) جو کہ لوگون کو
خوش طبعی سے فریب دیوے
عَمْلَۃ (فسفف) وعلاؤہ نری ماراٹ

عمم
عمص
عمضج
عمط
٣٩٥
٥ عم
٦ عمق
٧ عملس
٨ عمل
٩ عملق
١٠ عمی
١٢
١٢

ص عمر
ص عمرد
ص عمرس
ص عمرط
ص عمرو

ع عمرس
ع عمس
ع عمش
ع عمس
ع عمش

دونون طرفین - آبادانی -
عُمْرَۃ (ضسف) عمامہ ٹوپی وغیرہ جو چیز کہ سر پر رکھین - ایک منکا جس سے موتیون کی لڑی مین فاصلہ کر دیتے ہین -
عُمْرَۃ (ضسف) ارکان حج مین سے ایک رکن ہے - عورت کا ازالہ بکارت اُسکے گھر مین -
عُمَر (ضف) جمع -
عُمَرِّد (ففتف) ہر چیز لمبی - خوش و خرم - اکل کھرا مرد قوی - بدذات بھیڑیا بڑا فریبی ہوشیار - اصیل و نجیب اونٹ سیر و سفر پر قادر -
عَمَرَّس (ففتف) قوی مرد سخت توانا شتاب و سریع پانی کی باری سیر سخت اور شدید - بدخو مرد قوی -
عِمْرِط (کسک) لبنا -
عَمَرَّط (ففتف) ہلکا پھرتیلا جوان دلیر سخت - لبنا - بلا -
عُمْرُوْد (ضسضس) ہر چیز لمبی -
عُمْرُوس (ضسضس) بکری کا بچہ عماریس (ففسکس) عمارس (ففسک) جمع - تیز و چالاک - بے تکلف سادہ
خوش و خرم گول بدن کا لڑکا - اونٹ کا بچہ موٹا -
عُمْرُوط (ضسضس) چور - عمارطۃ (ففسکف) عماریط (ففسکس) جمع جو کہ کچھ نہ رکھے خبیث - یا سرکش فقیر
عُمْرِی (ضسکت) ایک قسم کا خرما -
عُمْرٰی (ضسف) وہ چیز کہ تمکو کوئی تمھاری عمر بھر کے لیئے یا اپنی عمر بھر کے لیئے دیوے -
عُمْرِیُّ الشجر پرانا درخت یا بیرکا درخت جو نہر پر اُوگا ہو -
عَمَّس (فتس) جنگ سخت - دشوار کام - نے سنوارا -
عَمَس (فس) (ن) ناپدید ہونا - ناپدید و بے نشان کر دینا - پنہان کر دینا - اپنے تئین ایک کام مین نادان ظاہر کرنا حالانکہ اُسمین دانائی رکھتا ہو -
عَمَّش (فتس) بدن کی بہبودی اور بھلائی - ہر چیز کی بہبودی - موافق چیز اور برابر -
عَمَش (فس) (ن) نے قصد کیا -
عَمَش فیہ الکلام (س)

اُگھبر نی رکھیں -
عُمُودُ البَطن پیٹھ -
عُمُودُ السَّحَر دل کی رگ -
عُمُودُ الصُّبح صبح کی روشنی -
عَمُور (ضفضس) عِمَارَہ (کفسف)
(ن ک س) آباد ان کرنا -
مال کو لازم پکڑنا - گھر کو لازم پکڑنا
یعنی اس سے جدا نہ ہونا - خدا تعالیٰ
کی عبادت کرنی - روزہ رکھنا -
خانہ کعبہ کی زیارت کرنی حج کرنا
عُمرہ لانا - آباد ان اور اچھا ہونا
مال کا - آباد ان رکھنا -
عَمُوس (فضفس) نے سروپا کام
دشوار جسکی اصلاح نہو سکے -
سخت بدنکا شیر - جو کہ ایک کام میں
نادانوں کی مانند نے پاکانہ
داخل ہو اور نے راہ چلے -
عَمُول (فضفس) کامی محنتی مرد
یا وہ جو کام کے لیئے پیدا کیا گیا ہے -
عَمُوم (فضفس) عم (فت)
(ن) ہر سر پر عمامہ باندہا جاتا اس
معنے میں مجہولا استعمل ہوتا ہی -
سب کو گھیر لینا -

عُمُومَۃ (ضفضسف) چچا ہو جانا -
عَمُوی (ففکت) عم کیطرف منسوب
جیسے چچیرا بھائی -
عَمَہ (فف) سرگشتگی - دو دلہ ہونا
گمراہی میں تردد یا منازعت میں
سرگشتگی یا راہ حجت نہ پہچاننی -
عَمَہ (فف) (س) زمین کا
بے نشان ہونا -
عَمِہ (فک) سرگشتہ و متردد -
عُمَّہ ون (ضفضس) جمع -
عُمَّہ (ضس) عُمُوہ (ضضفس)
عُمُوہَۃ (ضفضسف) عُمَّہان
(ففضس) (ن ف س) سرگشتہ و
متردد و دودلہ ہونا -
عَمَہا ء (فسفم) زمین جسمیں کچھ نشان نہو
عَمہج (فسف) کاٹ ہاؤ دو دہ -
اترانے والا متکبر مرد - تیز کو
لینا - گوشت اور چربی کا بھرا -
گھنی گھاس آپسمیں لپٹی ہوئی -
عَماہج (ففسک) جمع -
عُمَہوج (ضسفس) گوشت بھرا جسیا لا
عُمہی (ضسفف) عرب میں بولتے
ہیں ذو ہبت ابلہ العمہی یعنی اونٹ

عج
عم
عہ
۳۹۷
[illegible]
۱۲

عمل
عملس
عملط
عملق
عملس
عملص

عمم
عمن
عمو
عمس
عمج
عمد

یا چوری - کام کرنیوالے کی مزدوری
عُمالۃ (کسفف) کیا گیا جو کچھ ہو -
کام کرنے کی ہیئت - ملی فساد
مزدوری - محنت -
عَمَلۃ (فکف) کام - کیا گیا جو کچھ ہو
اونٹنی -
عُملّس (ففففس) جو کہ سیر پر قوی
اور شتاب رو اور جلد چلنے والا ہو -
خبیث بھیڑیا - شکاری کتا -
عملستہ (فسففف) سرعت کرنیوالا -
جلدی اور شتابی کرنی -
عُمَارِط (فسنفف) جو کہ سیر و سفر پر
سخت اور قوی ہو -
عُملّقۃ (فسففف) پیشاب گوبر -
چوپایہ کا گوبر کرنا - مغز سخن کو پہنچ جانا
عملوّستہ (ضسنفنسف) سخت
کمان جلد تیر چھوڑنے والی -
عملیط (کسکس) بمعنی علیطیص
کڑی منزل تھکا دینے والی -
عَمَمْ (فف) آدمیوں کے ڈیل کا
بڑا پن ہے نہایت اور اکٹھا پن اور
پوستے ہیں ہو عمم خیر یعنے اسکی
عطا اور احسان اور دواسے عام ہے -

جسم عمم پورے ڈیل ڈول کا -
استوکمی اعلی عممہ تمام جسم و
مال و شباب میں پورا ہوا
عمن بالمکان (ض س)
ایک مکان میں اقامت کی -
عمو (ضس) گمراہی - خواری
فروتنی - اعماء (فسفسم) جمع -
عمو (فس) (ن) فروتنی کرنی -
تابعدار اور منقاد ہونا - ایک چیز
کی طرف میلان کرنا -
طاعون عمواس و باجو زمانہ
اسلام میں پہلے پہل شام میں پیدا ہوئی
عموج (کسفنس) تیر جو ٹیڑھا ہو جائے
عمود (ضفنس) گھر کا ستون -
اعمدہ (فسکف) عمد (فف) عمد
(ضض) جمع - سردار - تلوار کی پچھیر
کی لکیریں - لشکر کا پیغام کرنیوالا -
جسکے حکم پر لڑیں - پیٹ میں ایک
رگ ہے دامن سینہ کی ہڈی سے
ناف تک - ایک رگ ہے جو جگر
میں پانی پہنچاتی ہے نہایت
غمناک مرد - شتر مرغ کے دونوں
پانوؤں - لکڑی جسپر کوئیں کی

کے سبب سے شکستہ دل۔ بیماری
وغیرہ کے سبب سے بیقرار و
بے آرام
عُمَیْدَرٌ (ضفسکف) نازک اندام
لڑکا بہت مالدار۔
عُمَیْرٌ (ضفکس) آباد جگہ سخت بنا
ہوا گھر۔ کثیر بجیر عمیر اتباع
میں سے ہے۔
عُمَیْرَانِ (ضفسفس) زبان کی
جڑ میں جو چھوٹی ہڈیاں ہیں اسکے
دو شعبے ہیں دونوں نے حلق
کے سرے کا گردا اندر کی طرف
گھیر لیا ہے۔
عُمَیْرَۃٌ (ضفکسف) ایک قبیلہ کا
باپ۔ مومسمیت شہد۔
عُمَیْسٌ (ضفکس) دشوار کام سر...
عُمَیْسَۃٌ (ضفکسف) ناحق قسم۔
عُمَیْسِیَّۃٌ (ضفسکتف) ناحق قسم
عُمَیْقٌ (ضفکس) گہرا یا لینا۔
عُمَیْقَۃٌ (ضفکسف) گہرا کنوان
عُمُقٌ (ضضس) عمائق (ضفسک)
عماق (کفس) جمع۔
عُمَیْمٌ (ضفکس) تمام۔ جو چیز کہ

جمع ہو آوے اور بہت ہو جاوے
ہمی گھاس۔ سوکھا ہوا چارہ۔
عُمَیْمَۃٌ (ضفکسف) لمبے قد کی
لڑکی۔ لمبی کھجور۔ عماء (فتفم)
عُمّ (ضفت) جمع۔
عُمَیْنِیَۃٌ (ضفکسف) نرم سہل زمین
عُمَیْہِیٌّ (ضتفسف) بمعنی عمہی
عَنْ (فس) تین طرح پر آتا ہے
اول حروف جار اور یہہ دس
معنی کے لئے آتا ہے چنانچہ کتب
نحو میں مذکور ہیں۔ دوسرا عن مصدری
یعنے فعل کو معنی مصدر میں کردیتا
ہے جیسا کہ اَنْ ناصبہ۔ تیسرا
اسم بمعنی جانب۔
عَنٌّ (فکت) رنج دیکھے ہوئے
عُنَّ مِنْ اِمْرَأَتِہٖ قاضی کے
حکم سے نامرد ٹھہرایا گیا۔ جادو
کے سبب عورتوں سے روکا
گیا۔ ان دونوں معنوں میں مجہولاً
مستعمل ہے۔
عَنَّنَ الکِتَابَ کتاب کا سرنامہ لکھا
عَنَّنْتُ اللِّجَامَ لگام کی
باگیں بنائیں میں نے۔

عمد
عمر
عمس
عمق
عمی

۳۹۹

۵ عم ۵ عمن ۵ عمہ ۵ عن ۵ عنی ۵ عن ۱۲

عمی ـ عمم ـ عمی ـ عمی ـ عمت ـ عمی ـ عمت ـ عمی

آ سکے گئے لیکن نہین معلوم کہ
اُٹھا نہ سکے
عمی سیلقیہ ضکلتہ عمیّ یعنے
مین نے اسکو سخت گرم دوپہر
مین دیکھا۔
عمی (ضتقتف) قریب المرگ۔
عمی (فتک) اسمین یاء متکلم ہے
یعنے میرا چچا۔
عمی (ضتکت) عوام آدمیون مین
سے ایک آدمی۔
عمی (فتحۃ) قدر۔ درازی۔ گرد
نابینائی۔ اندھاپن
عمی (فتحۃ) (س) اندھا ہوجانا
کام کا کسی پر پوشیدہ کرنا۔
عمی (ضتن) (س) روان ہو جانا
موج کا جھاگ ڈالنا۔ اونٹ کا
بڑبڑانا اور سر وغیرہ پر جھاگ ڈالنا
دل کی بینائی اور بصیرت جاتی رہی
عمیا (لتکتف) مقتول جسکا
قاتل معلوم نہو۔
عمیت (لتکس) ہوشیار
نگہبان دیا سبان۔ احمق سست
جسکی سمجھ راستے نہو اور کسی طرح

راہ بتا وے۔
عمیّہ (ضسف) برگزیدگی اعتماد کا
اسم ہے۔
عمیّہ (فکتف) گمراہی جھگڑا پن جہل
عمیّہ (ضتکتف) تیرگی منشی یا
گمراہی مثل جنگ تعصب ہوا۔
عمیتہ (ضکسف) ابریشم اور صوف
کی پونی کاتنے کے لیے۔
عمیثل (فضسف) بھاری پن
اور لتھ پتھ ہونیکے سبب آہستہ
چلنے والا۔ بہت اچھا گھوڑا۔
اوجھین لیتے ہوئے اٹکھیلون
سے چلنے والا چست وچالاک
خوش وخرم مرد۔ لغات اضداد
سے ہے۔ عمیثلہ (فضسفف) مونث ہے
اور ٹھگنا اور گڑہا ہرن۔ پہاڑی
بکری وغیرہ یعنی دُم کی چھوڑا
دلدار سخت شیر۔ سردار بزرگ۔
اونٹنی حسین خوشنما۔
عمیثلیتہ (ضفسکتف) ناز سے
دامن سنبھالے ہوئے سینہ باہر کو
نکالے ہوئے چلنا۔
عمیشد (فکس) قوم کا سردار عشیرہ

عَنَاقُ الْاَرْضِ چوپایوں میں سے ایک جانور ہے جسکا نام سیاہ گوش ہے۔
عَنَاقَۃ (ففسف) نومیدی۔
عَنَاک (ففس) ریگ تودہ۔
عَنَان (ففس) ابر یا سایہ بادل۔ عنانۃ (ففسف) ایک بادلی۔
عِنَان (کفس) لگام کی باگیں کہ جس سے گھوڑے اور چوپایہ کو روکیں۔ اعنۃ (فکتف) عنن (ضنفس) جمع۔ پشت کی رگ۔ جو چیز کہ آسمان میں سے نظر آوے۔ کھر کا گرد اگرد۔ معارضہ کرنا۔ دو آدمیوں کا ایک خاص مال میں شریک ہونا نہ سب میں۔ یا شرکت کی غرض سے کسی کی خرید میں معاوضہ ہونا۔ یا دونوں شریک کا شرکت میں مساوی و برابر ہونا۔
عَنَّان (فتفس) ڈھیل کرنیوالا۔
عَنَانَۃ (ففسف) نامردی۔
عَنَائِج (ففسک) لٹکنے قد کا۔
عِنَایَۃ (کفسف) ایک کام کا کسی کو اندوہگین اور نے آرام کرنا۔
عَنَایَۃ (کفسف) کام کا کسی کو مشغول کر دینا اور اسکو بے آرام اور اندوہگین کرنا۔ کسی کے سبب رنج دیکھنا۔ کسیکو ایک کام کا دبا لینا اور اسکا پیدا ہو جانا۔ قصد کرنا۔ کسی چیز کو نگاہ رکھنا۔
عِنَبَۃ (کف) انگوری شراب۔
عَنْبَان (ففس) پہاڑی بکرا خوش و خرم ہلکا۔ یا کہ بھاری جسم کا۔ لغات اضداد سے ہے۔ یا بڑی عمر کا آہو۔
عَنْبَج (ضنسف) احمق بھاری جسم کا لٹکا ہوا گوشت۔
عِنَبَۃ (کفف) انگور کا دانہ۔
عَنَبَات (کففس) عنوب ضنفسر عنب (کف) عنباء (کففسم) اعناب (سنفس) جمع۔ چھوٹا سا آبلہ جو آدمی کے بدن میں نکل سے۔
عَنْبَر (فسف) ایک قسم کی خوشبو ہے اور وہ دریائی چوپایہ کا گوبر ہے یا اسکا دریا میں ایک چشمہ ہے۔ یا ایک چیز ہے جو قعر دریا

الفاظ انیکا مطلب
عنق
عنب
عنن
عنج

۱۰۱
۵ عنو
۱ عنی
۱ عنن
۵ عنبج
۹ عنب
۵ عنبر
۱۲
۱ اس ہیں

ہر ایک صفحہ کے الفاظ کی تعداد پر حاشیہ میں لکھے ہیں اس صفحہ کی ۱۰۱

عَنَنْتُ الْفَرَسَ گھوڑے کو باگ سے روکا۔
عَنَنْتَ فُلَانًا اُسکو گالیان دین
عَنَّ (فت) عَنَن (فف)
[illegible]ن (ضفس) (ض ن) پیش آنا۔ آگے دہر لینا ظاہر ہونا
عَنَاءٌ (فضم) رنج ۔ رنج دیکھنا۔ رنج کھینچنا۔
عَنَاءٌ عَانٍ اور عَنَاءٌ مُعَنٍّ بطور مبالغے کے بولتے ہین۔
عَنَّابٌ (فتفس) انگور بیچنے والا۔
عُنَاب (ضفس) بڑا لنکا سیا عورت کی فلان کا ثنہ ۔ چھوٹا سا پہاڑ بڑا پہاڑ گول۔ لغات اضداد سے ہے۔ فرج زن کی بستگی ۔
عُنَّاب (ضتفس) سنجد جیلان
عُنَّابہ (ضتفسف) ایک پیلو کا پھل
عُنَابج (ضفسک) بدخو اکھڑ مرد۔
عُنَابِس (ضفسک) شیر ۔
عُنَابِل (ضفسک) سخت اور دلدار جلد پورے بدن کا مرد۔ دلدار۔
عَنَاتِل (ففسک) ہرن جسکو درندون کے شکار کے لیئے

پارہ پارہ کر کر جگہہ جگہہ لٹکا دین ۔ بچھو جو اپنے شکار کے تکے بوٹی کر ڈالے
عِنَاجٌ (کفس) ڈول کو باندہنا ایک باریک رسی جس سے ڈول کے کنارے کو اسکی لکڑی کے ساتھہ باندہتے ہین ۔ کام اور اُسکا انتظام تامل اور سمجھ
عِنَادِلَان (کفسکفس) دونون خصیے
عِنَاس (کفس) آئینہ ۔
عِنَاش (کفس) دشمن سے جنگ و کارزار کرنے والا۔
عِنَاق (کفس) ایک دوسرے کی گردن مین محبت سے ہاتھہ ڈالنے
عَنَاق (ففس) بھیڑ کا بچہ یا بکری
اعنق (فسض) عُنُوق (ضفسح) جمع ۔
اَلْعُنُوقُ بَعْدَ النُّوقِ یہہ ایک مثل ہے کہ تنگ حالی مین جو بعد فراخی کے ہو بولتے ہین یعنے اونٹنیون کا چرانے والا بھیڑ کے بچون کا چرانے والا ہوگیا بلا و سختی ۔ سخت کام ۔ نومیدی بنات النعش کے بیچ کا ستارہ ۔ دو سال کی زکوۃ ۔

عنتت قرن العتود ایک سال کے بھیڑ کے بچہ کے سینگوٹیاں پھوٹ آئیں —

عنتر (نسف و مسفس) مکھی یا خرمگس —

عنترۃ (نسفف) مکھی کی بھنبھناہٹ سختیون اور شدائد مین جانا جنگ مین دلاوری کرنی نیزہ مارنا —

عنتریس (فنکس) بمعنے

عنتریس (کنکس) مضبوط پیدا شیر کی یا اونٹنی غضبناک —

عنتیل (مسفس) عورت کی فرج کے ہونٹھون کے بیچ مین جو گوشت زائد ہے بعضے کہتے ہیں گوشت ٹکڑا —

عنتاۃ (نسفف) کسی چیز کو پارہ پارہ کرنا ایک چیز کو پارہ پارہ کر ڈالنا

عنثوۃ (منسفف) نفی گھاس خشک — ہر چیز مین کی پہلی پرستوار گذار نشستہ —

عنتر (منسفس) مرد کام مین بہت کوشش اور مبالغہ کرنے والا

عنتہی (منسفکت) کام مین کوشش کرنیوالا امرو —

عنثج (فسفف) نر کوہی سخت بدن کا اور تیار —

عنثوۃ (نسفف) نفی گھاس خشک جبکہ پرانی ہوجاوے عناثی (فنسک) جمع —

عنثوۃ (منسفف) ٹھوڑی کے بال

عنج (نفس) ریاضت شتر کی ایک قسم ہے اور وہ یہ ہے کہ سوار اونٹ کی مہار کو کھینچے تاکہ اونٹ پیچھے کو ہٹے —

عنج (ففف) اسم جمع ہے عنج وغیرہ اور بڑی عمر کا بڈھا —

عنجرۃ الکوفی جو ہو وسے کے دروازہ کا بازو —

عنجج (منسف) بزرگ اور کلان —

عنجج (منسفس) جنگلی ریحان جسکے تلسی نازبو —

عنجد (منسفس و فنسف و فسفف) ایک قسم کے منقی یا انمین کے خراب یا کالے منقے —

عنجدۃ (فسقف) انگور کا حجد منقی ہو جانا —

۴۰۳

عنت
عنتر
عنتہ
عنث
عنج
عنجد

لہ عنبر
لہ عنبلہ
لہ عنبط

عنبل
عنبج
عنت
عنن
عنت

مین پیدا ہوتی ہی اور اُسے حیوانات
بحری کھاتے ہین اور مر جاتے
ہین اور اکثر شکم ماہی مین پائی
جاتی ہی۔ اور بعضے کہتے ہین کہ
ایک قسم کا موم ہی جو بہت دن
گذرنے پر یہ نکلتا ہی اور دریا مین
جا پڑتا ہی اور اُسے موج دریا
کنارے پر ڈالدیتی ہی۔ جاڑے
کی شدت۔ قوم مین سے
خالص النسب لوگ۔
عُنصُرَۃُ القِدر پیاز۔
عَنبَس (ضسف) شیر۔
عَلَنبط (ضسض) ٹھنگنا پُر گوشت
عنبطۃ (ضسضف) بمعنی عُنبُط۔
عَنبَل (ضسض) عورت کی
فلان کا ختنہ۔
عنبلۃ (ضسضف) عورت کی
فرج کے درمیان کا گوشت زائد
عُنبُل عُنبُلۃ وہ چیز کہ گوشت
زائد مین سے ختنہ کرنے والے
نے چھوڑ دی۔ عورت جسکی فرج
کے درمیان کا گوشت لمبا ہو
موسل جس سے اوکھلی مین گیہون

وغیرہ کوٹین۔
عنبلی (ضسفکت) سخت بدکا
حبشی۔ حبشی اس سے لئے کہ سخت
اوپر کار ہوتا ہے۔
علنبوج (ضسضس) بمعنی عنبج (ضسفر)
عَنَت (فک) پیوند لگی ہوئی
ہڈی جو پھر ٹوٹ گئی ہو۔
عنت (فف) (رس) پیوند لگی
ہوئی ہڈی کا ٹوٹ جانا۔ تباہی
گناہ۔ مشیت و نابود ہونا۔ آدمیکو
سختی اور رنج پہنچنا۔ گنہگار ہونا۔
ایک دشوار کام مین پڑنا۔ نافرمانی
کرنی۔ تباہی کرنی۔ ضعیف ہونا گناہ کمانا
عَنَتۃ (ضتف) لکڑی کا احاطہ۔
عنن (ضف) عنان (کفس) جمع
ایک بھٹی۔ بڑا چوطا۔ رسی۔
کسی کی نامردی پر قاضی کا فتوا۔
جادو کا نامرد کردینا۔ ساعت۔
ایسی چیز جسکو نہ پہچانین۔
العنۃ عنین عُنّۃ یہ جب بولتے
ہین کہ جب کسی کو تم عیاناً دیکھو
اور وہ تمکو نہ دیکھے۔
عَنَتۃ (ضسف) روگردانی کرنی

تو ندناف کے پاس۔
عُندل (فسنف) بڑے سرکا
اونٹ مذکر و مونث برابر ہی۔
اگر لمبا قد ہو اور اسکی مونث عندلة
(فسنفف) ہے۔
اِمْرَأَةٌ عَنْدَلَةٌ بڑی بڑی
چھاتیون والی عورت۔
عندلة (فسنفف) پٹھے کا
سخت ہوجانا۔ بلبل کا چہکنا۔
عندلیب (فسنفکس) ہزار
داستان کہ طرح طرح کی آوازین
بولتاہی اور اُسے عندبیل (فسنفکس)
بھی کہتے ہین۔ عنادل (فسنکس) جمع
عندلیل (فسنفکس) ایک قسم کی
چڑیا ہے یعنی بُلبُل۔
عَنْدَم (فسنف) خون سیاوشان
یا چوب بقم ہی۔
عِنْدَمْ زَيْدٌ عِنْدِي أُمُّ زَيْدٍ کا
مخفف یعنی میرے پاس زید کی ماں ہے
عُنْدُوّ (کسفس) دشواری
پیچیدگی۔ ظلم فریب۔ بڑا شجاع
عُنْدُوَّة (کسفسف) دشواری
پیچیدگی۔ فریب۔ ظلم۔ بڑا شجاع

کہ سب سے بدتر بلا۔
عنذیان (کسکفس) بدخو عورت
عنذیة (فسنفف) کسیکو برانگیختہ کرنا
عنز (فس) بھیڑ مادین ہرن
مادین۔ اعنز (فسنفس) عنوز (فسفس)
عناز (کفس) جمع۔ کالاپشتہ۔
عقاب کی مادہ۔ ایک بڑی مچھلی
جسکو چوہا سکے اُسے عنز الماء
کہتے ہین یعنی پانی کی بھیڑ۔ پانی
مین ایک پتھر ہی۔ ایک پرند جانور
ہی آبی۔ مادین سرخاب۔ کرگس
کی مادہ۔ چھوٹا سا پشتہ۔
عنز (فس) (ن) روگردانی کرنی
کسی کو چھوٹے نیزہ سے مارنا۔
عُنْزُب (فسفس) تیم۔
عَنَزَة (کفف) ایک قسم کا چھوٹا
سا نیزہ ہی بڑے نیزے اور عصا
کے بیچ مین کہ جسکی جڑ مین لوہا ہو
ایک چھوٹا سا جانور ہی جو اونٹ
کی کون مین پڑجاتا ہی۔ یا وہ نبو
کی مانند ہے جو بیٹھی ہوئی اونٹنی
کی فرج مین گھس جاتا ہے اور
اونٹنی فوراً مرجاتی ہی کھا لیگی تا

عنجر۔ عنجد۔ عنجش۔ عنجف۔ عنجل

عَنجَرَہ (فسفف) ہولیر عورت بیباک

عنجَہ (فسفف) دونون ہاتھ سکو وراز کرنا اور لپیٹنا ـ یہہ لفظ خاص ہی ہونٹھون کے ساتھہ ـ

عنجرد (فسفک) عورت جو خاوند پر غالب ہو یا پلید بدزبان عورت یا بدخو عورت ـ

عَنجَش (فسفض) بڈہا جو مرنے کے قریب ہو یا جسکے بدن پر جھریان پڑ گئین ہون ـ

عَنجَف (فسفص) لاغر جو لاغری کے سبب خشک ہو ـ ٹھنگنا گٹھیلے بدن کا ـ یہہ لفظ اکثر بوڑھیونکی صفت مین واقع ہوتا ہی ـ

عَنجَف (فسفف) لاغری کے سبب خشک ـ ٹھنگنا گٹھیلا ـ

عَنجَل (فسفض) بڈہا جسکی ہڈیان دبلے پن سے نکل آئین ہون ـ

عنجوج (فسفس) اچھا گھوڑا اچھلا دنث ـ شروع جوانی ـ

عناجیج (فسکس) جمع

عنجور (فسفس) شیشہ کا غلاف

عنجورہ (فسفسف) شیشہ کا غلاف

عنجوف (فسفس) بمعنی عنجف (فسفند)

عنجوک (فسفس) ایک چھوٹا سا جانور ہی ـ

عنجہانیہ (فسفسکتف) بمعنی عنجہیہ (فسفکتف)

عنجہی (فسفکت) احمق متکبر نادان مرد ـ

عنجہیہ (فسفکتف) حماقت کی نادانی ـ بزرگ منشی ـ بیزرگی ـ

طعن عَنجِیب و راست نیزہ مارا ہوا

عَنَد (فف) جانب و طرف ـ

عِند (کسفہ وفسفہ وفسفہ) پاس یہہ ظرف مکان عندان دونون ہی ـ ناحیہ و جانب ـ

عَنداوَۃ (کسفسف) دشواری ـ فریب ـ ظلم ـ

عَندبیل (فسفکس) ایک پرند جانور ہی ممولے سے چھوٹا یا عندلیب (فسکلس) کا ایک لغت ہی

عَندد (فسفت وفسفض) حیلہ و تدبیر ـ چارہ ـ پرانی ہر چیز ـ

عَندرَہ (فسفف) ہیبۃ کا زور پیرا

عندقہ (فسفف) پیٹ کی

اور اسکی خوبصورتی یا لمبائی ہر چیز کی

عَنطبول (فسفضس) لمبے قد کی عورت —

عَنطنط (ففسف) عنطنطة لمبا مرد — (ففسفف) مونث چھاگل یا لوٹا —

عَنطیان (کسکفس) شروع جوانی — اوٹھتی جوانی —

عَنظب (فنسفق) زرد رنگ ٹڈا — یا دَلدار سخت ٹڈا — عناظب (ففسک) جمع —

عُنظب (فسف) عُنظاب (کسفس) عُنظوب (فسفس)

عُنظبان (فسففس) عُنظباء (فسففسم) بمعنی عنظب (فسفر)

عُنظوبة (فسطسف) مونث —

عَنظل (فسف) مکڑی کا جالا —

عَنظلہ (فسفف) ایک قسم کا ڈونا

عَنظوان (فسففس) بدزبان مرد — فحش بکنے والا — ریاکار — ساحر جادوگر — لاف مارنے والا دون کی لینے والا — برانگیختہ کرنیوالا ایک قسم کی کھاری گھاس ہے کہ چوپایہ اسکے پیٹ میں درد کر دیتی ہے

یا سب سے بہت اچھی اشنان —

عُنظوانة (فسففسف) یہہ خاص یا زیادہ ہے عنظوان سے اونٹ کی بیماری —

عِنظیان (کسکفس) مرد یا کا بدزبان — جادوگر لاف مارنیوالا — بدزبان بدخو — شروع جوانی —

عِنظیة (کسکف) کسیکو برا بھلا کہنا —

عَنعنة (فسقف) ہمزہ کو عین سے بدلنا

عُنف (فس) سختی ضد رفق — یا ایک سختی —

عَنف (فس) (ک) سخت ہونا کسی کے ساتھ سختی کرنی — ہر چیز کا شروع —

عَنفقة (ففف) پنچکی کا چرخا جسپر پانی گرنے سے چکی چلتی ہے —

عُنفقة (فسف وفسفف) طبیعت کی کراہیت —

عَنفجیج (فسفکس) اونٹنی جسکے ہاتھ پاؤں کی کشادگی زیادہ ہو تیز اونٹنی کہ پیچھی ہوئی نہو — یا بڑی عمر کی اونٹنی ہو لیکن تازی —

عُنفش (کسک) کینہ ٹھنگنا

۱۲

عنزہوۃ (کسفسف) کبر و نخوت

عنس (فف) بُرا اور ہر ساعت آئینہ دیکھنا

عنس (عنس) سخت بدن کی اونٹنی ۔ خوب دُم دراز ۔ عقاب

عنش (سش) (ن) لکڑی کو خم دینا ۔ اور اُسکو پھیرنا ۔

عنسل (فنعف) تیز رو اونٹنی ۔

عنش (فنس) (ن) ایک چیز کو خم دینا ۔ جگہ سے اُکھاڑ ڈالنا ۔ لے آرام کرنا ۔ جدا کر دینا ۔ ہانکنا ۔ دفع کرنا ۔ دور کرنا ۔

عنشط (فنسف) لمبے قد کا مرد ۔ بدخو ۔ لمبے قد کی عورت ۔

عنشط (فنقف) لمبے قد کا مرد ۔ بدخو

عنشطہ (فنسعف) غصے ہونا ۔

عنشنش (فنسف) لمبے قد کا مرد اور گھوڑا چست و چالاک ۔ شتاب و سریع ۔ عنشنشۃ (فنسفف) ہونٹ

عنشوش (فنسقس) اونٹ باقی رہے ہوئے ۔ بچا ہوا مال تھوڑی سی شئی کچھ ۔ جیسے مالہ عنشوش یعنی اُسکے واسطے کچھ نہیں

عنصر (فنسف، فنسف) بیخ ۔ اصل حسب ۔ عناصر (فعالل) جمع ۔ مصیبت و بلا ۔ ہمت ۔ مقصد ۔ حاجت ۔

عنصل (فنسف) جنگلی پیاز اور نرگسی پیاز جسکو بصل الفار کہتے ہیں ۔ عناصل (فعالل) جمع ۔

عنصل (فنسف) عنصلاء (فنسففہ) یعنی عنصل (فنسل) قرب عنصنص منزل سخت یا وہ منزل کہ جسکے جمع ہوتے پانی پہنچیں

عنصوۃ (فنسعف) تھوڑی سی گھاس کہ کہیں کہیں اُگی ہو ۔ پراگندہ مال ۔ تھوڑا ۔ ہر چیز پراگندہ کچھ تھوڑے سے اونٹ اور بکریاں مال تھوڑا سا بچا ہوا ۔ بقیہ مال حق سے ثلث تک ۔ ہر چیز کا بقیہ ۔ عناصی (فعالی) جمع ۔ اور کہتے ہیں کہ ما بقی من ماله الا عناص یعنی اکثر مال جاتا رہا اور تھوڑا سا باقی رہ گیا

عنصیۃ (کسکف) عنصاۃ (کسفس) یعنی عنصوۃ (فنسعف)

عنط (فف) گردن کی لمبائی ۔

علامات اعراب یعنے ض ضمہ ف فتحہ ک کسرہ س سکون ت تشدید م مادہ

زمین سے اوگے اور تر و تازہ ہو
لخ جب تک کہ سفید ہو یا لخ کی جڑ
اور یہ ایک چارہ ہوتا ہے جو پانی
مین اوگتا ہے - ہر چیز کی جڑ کھجور
کے درخت کا دل - مرد کی
پیدایش و طینت - کسانون کے
اینچے اسلئے کہ ہمیشہ تر و تازہ رہتے ہین

عنقرۃ (ضسسفف) باشہ کی مادین
عنقز (فسف) چھوٹا سا ڈکر -
مرزنگوش کہ ایک قسم کی ریحان ہے
وارۃ العنقز چھوٹا ذکر -
عنقزۃ (فسففف) چھوٹا ا-
بلا سختی - زہر -
عنقبس (فسف) خوب ہوشیار
عقلمند - فریبی - بد طینت -
عنقش (فسف) دبلا پتلا -
عنقشتر (فسففف) ایک چیز
کے ساتھ متعلق ہو جانا اور لٹکجانا -
عنقفیر (فسفکس) بلا و سختی -
بد زبان عورت - بچھو - بڑی عمر کا
اونٹ جسکی پیٹھ بوڑھاپے کے
سبب بازو پر آپڑی ہو -
عنقل (فسف) سوسمار کی انتڑی

عنقود (ضسضس) انگور اور پیلو
اور بطم وغیرہ کا خوشہ - عناقید
(ففسک) جمع - بنّیل کا علم ہے -
عنک (کس) اصل و بن -
(فف) اول تہائی رات یا کوئی
ٹکڑا اسمین کا کہ سخت اندھیرا ہو
یا اسکا ثلث اخیر - (ضس و
فس و کس) ہر ایک چیز مین کا
بزرگ اور معظم - دروازہ -
عنک (فس) **عنوک** (ضضسر
ن) ریت کا بستہ ہو جانا اور
بلند ہونا اتنا کہ اسپر راہ نہ رہے
عورت کی خاوند سے ناموافقت
اور نافرمانی کرنی - دودھ کا جم
جانا اور گڑبیا جانا - اونٹ کا
ریت مین پھسلکر چارون خانے
چت گرنا اور پھر اسمین سے
نکلنا دشوار ہونا - جہان مین سیر
کرتے پھرنا - حملہ کرنا - گھوڑے
کا پھر جانا لوٹ جانا - ریت اور
خون کا بہت سرخ ہو جانا - دروازہ
کو بند کرنا -
عنکبوت (فسففس) مکڑی

مادہ
عفص
عفف

۵ عنقفز
۵ عنقل
۵ عنقز
۵ عنک
۱۲ عنکب
۱۲

مادہ		
	است یعنی چھوٹا اور کھوٹا۔	اور خوبی اور آغاز۔
	عَنفَشُ اللِّحیَةِ گھنی ڈاڑھی والا مرد	عُنفُوَانُ (ضسفضفس) ہر ایک
	عَنفَشَةٌ (فسففف) بمعنی عنفشہ ضفسف	چیز کا شروع اور اُسکی خوبصورتی۔
	عَنفَشِیشُ اللِّحیَةِ و عُنَافِشُ	عُنُقٌ (ضض) گردن اعناق
	اللِّحیَةِ بمعنی عَنفَشُ اللِّحیَةِ۔	(کسففس) جمع۔ آدمیوں کی جماعت
	عَنفَصٌ (کسک) تیز و تند عورت	سردار لوگ۔ پہلی چیز میں کا ٹکڑا۔
	پلید زبان بے شرم دبلی بہت	چوپایہ کے شکم کی جانب اسفل۔
	حرکت کرنے والی۔ پلید عورت	عُنُقُ الدَّهرِ زمانہ قدیم۔
	تباہ کار۔ ٹھنگنے قد کی عورت	وَہُم عُنُقٌ اِلَیکَ یعنی وے
	فریب دینے والی خوشنما۔ لونڈی کا	تیری طرف منتظر اور مائل ہیں کہ
	بچہ مادین۔ بد خُلق اکھڑ۔	دیکھئے کیا ہوتا ہے۔
۸.۴	عَنفَصَةٌ (کسکف) بہت بکنے والی	اَمَانَتُہُ اللّٰہِ فِی عُنُقِکَ یعنی اللہ
	عورت۔ عورت جسمیں سے بدبو آتی ہو۔	کی امانت تیری گردن پر ہے۔
	عُنفُطٌ (ضسفض) دونوں مونچھ کا	عَنَقٌ (فف) چوپایہ کی ایک
	بیچ ناک تک۔ کمینہ مرد بدخو۔ سیاہ	قسم کی رفتار سریع۔ گردن کی درازی
	گوشت۔ عُنفُطَةٌ (ضسفضف) مونث	عَنقَاءُ (فسفسم) سختی و بلا۔
	ہے۔ عَنَافِط (ففسک) جمع۔	اَعنَق کی مونث۔
	عَنفَقَةٌ (فسففف) ایک چیز کی	عُنقَادٌ (کسفس) بمعنی عُنقُود (ضسفضس)
	سبکی۔ ریش بچہ۔ ڈاڑھی کی بچی۔	عَنقَاشٌ (کسفس) کمینہ۔
	عَنفَکٌ (فسف) خوب احمق۔	کنجوس ناکارہ۔ جو کہ اجناس
	مرد ہو یا عورت۔ مرد جسکی	کے بیچنے کے لئے گانو گانو پھرے
	صحبت کو ناپسند رکھیں یعنی ثقیل و ناگوار	عُنقُرٌ (فسف) بالش کی جڑ۔
	عُنفُوٌ (ضسفضت) ہر چیز کا شروع	یا جو چیز کہ اُسمیں سے پہلے ہی

کہ جب اُسکے صلہ مین ب آوے
زمین کا گھاس کو اوگانا - کتے کا
ایک چیز کو سونگھنا - گھاس کا
زمین سے اوگ آنا - کسی بہت
سے کام اوتر پڑنے - کسی پر
کام کا دشوار ہو جانا جبکہ علیٰ صلہ ہو -
عُنواش (کسفض) بہ لمبے
پانون کی اونٹنی -
عُنوان الکتاب و عُنیان الکتاب
(کسفض صسفض) خط کا سرنامہ لیکن
اِسمعنی مین عُنوان اور عُنّان
لغت فصیح ہے -
عَنوة (سسف) پرورش - قہر غلبہ -
عِنوث (صفض) وشور گذاشتہ
عَنود (فصفس) راہ سے پھر
جانے والا - بہت منھ والا ابر -
قمار کا تیر جو فائز المرام نکلے اور
تیرون سے اور طرف کو اونٹنی
گوشہ مین چرنے والی - عُنُد
(صفض) جمع -
عُنود (صفض) راہ سے پھر جانا
میلان کرنا - پسینے کا جاری ہونا
اتنا کہ خشک نہو اونٹنی کا تنہا

چرنا - حق سے دیدہ و دانستہ پھر جانا
حق کے برخلاف ایک کام کرنا -
حق کو رد کرنا - امر باطل پر جھگڑنا -
عُنوس (صفض) **عِناس**
(کفض) لڑکی کا گھر مین دیر تک
بے خاوند رہنا اتنا کہ کنواریون
کی حد سے نکل جاوے - بڑھاپے کا
آدمیون کے چہرہ کو متغیر کر دینا -
عُنونة (صفض) چوپایہ جو سیر
مین سبقت کرنے والا اور آگے
چرنے والا ہو -
عَنونة (فسفف) کتاب کا دیباچہ لکھنا
عَنیٰ (فف) (س) قیدی ہو جانا
قید مین در آویختہ ہونا -
عُنیان (صسفض) بمعنی عُنوان
عَنیّة (فسف) رنج -
عَنیّة (فکسف) اونٹ کے پیشاب
اور گوبر کو ملا کر دھوپ مین رکھتے
ہین اور بعد چند روز گذرنے کے
خارشتی اونٹ کو ملتے ہین -
العنیة تشفی الجرب
اُس شخص کے حق مین کہتے ہین
جو اچھی رائے والا ہو اور اپنی

عنس

الم
عنی
۱۴۱۲
۱۲

اور کبھی یہہ مذکر بھی آتا ہی عنکباة (فسففس) عکنباة (فسففس) عنکبوہ (فسفضس) عنکباء (فسففسم) مونث ہی یا عنکب (فسنف) مذکر اور عنکبتہ (فسنفف) مونث ہی۔ عنکبوتات (فسففسفس) عناکب (ففسک) جمع عکاب (کفس) عکب (فضض) اعکب (فسبض) اسم جمع۔ عنیکب (ضفسک) تصغیر ہی۔

عنکث (فسنف) انبوہ دار پشم اوپر تلے جمی ہوئی۔

عنکد (فسنف) سخت احمق۔

عنکرة (فسنفف) اونٹنی بڑے جثہ کی۔ بڑے ڈیل ڈول کی اونٹنی۔

عنکش (فسنف) جو شخص کہ سر میں تیل ڈالے اور اپنی آرایش کی پروا نرکھے۔

عنکشہ (فسنفف) گھاس کا زرد اور خشک ہوجانا۔

عنکل (فسنف) سخت ٹھہر دہرا پیٹھ کی ہڈی کندھے سے سرین تک۔

عنم (فف) ایک حجازی درخت ہی اُسکا پھل سرخ ہوتا ہی اور اُس سے مہندی لگی اونگلیون کو تشبیہہ دیتے ہین۔ یا وہ خرنوب شامی کی شاخین ہین۔ ایک چیز ڈوری کی مانند کہ جس سے انگور ٹٹی پر چڑہے یعنے رسی وغیرہ جو کچھہ ہو۔ درخت طلح کا کانٹا۔ عنمة (ففف) ایک درخت وغیرہ اور ایک گھاس ہی۔ ایک قسم کی چھپکلی۔ عنمة (ففف) آدمی کے ہونٹھہ کا شگاف پھٹن۔

عنمی (ففکت) خوب صورت سرخ وسفید رنگ کا۔

عنن (فف) ایک چیز کی پیش آمدگی اور پیش گیری۔ جانب۔ ناحیہ۔ ناحق لیا ہوا۔ باطل۔

عنو (کس) آسمان کا کنارہ۔

عنو الناس آدمیونکا گروہ مختلف قبیلون سے۔ اعناء (فسففسم) جمع۔

عنو (ضضت) عناء (ففسم) (ن) قیدی ہوجانا۔ فروتنی وعاجزی کرنی۔ ایک شے کو آشکارا کرنا۔ ایک چیز کو نکال لانا یہہ معنی جب ہین

نکال لین - جو کہ راہ مدت کھیے سست
و بد دل - عوا ور (فسک) جمع -
عوارق (فسک) کھلیان امر رفات
عواری (فتفسمف) ایک درخت
ہی مکہ مین جس سے گردن بند بنتا ہی
عوارب الاظہار خاوند
والی عورتین -
عواسا (فسم) سرگین گردان
حاملہ یا سرگین گردان بچہ والی -
عواستہ (فسمف) دودھ وغیرہ
مین سے ایک گھونٹ -
عواشر (فسک) اونٹ جو
دسوین روز پانی پیوین - اونٹ کہ
جنھون نے ایک عشر پانی پیا ہو
عواشر القرآن وہ آیتین کہ
جنپر عشیر تمام ہووے -
عواشی (فسک) رات کو
چرنے والے اونٹ بھیڑ -
عواص (فس) لومڑی کی
آمد و رفت کے رستے -
عواصر (فسک) تین پتھر مین
جنسے انگور وغیرہ نچوڑا جاتا ہی -
عواف (فس) شکار جسے
شب رات کو شکار کرے اور کھاوے -
جو چیز کہ کسی کو حاصل ہوئی ہو -
عوافیہ (فسف) بمعنی عواف (فس)
عواق (فس) ایک آواز جو قبال
کے وقت چوپایہ کے پیٹ سے نکلے
عوائم النخل کھجور کے چھوٹے پودے
عوام (فس) تیرنے والے گھوڑے
راہوار گھوڑا -
عوامل (فسک) بہت سے پانون
کھیتی اور اناج کاٹنے وغیرہ کے بیل
عوان (فس) جنگ کہ اسمین
ایک مرتبہ قتال وکشش ہوئی ہو
گائے گھوڑی جو پہلون کے
بعد جنے - خاوندوالی عورت - عون
(فس) جمع منہ پڑی ہوئی زمین
زمین جسپر مینہ برسگیا ہو -
عوانہ (فسف) کہجور کا درخت لمبا
ایک چھوٹا سا جانور ہی جو خارپشت
سے چھوٹا ہی ریت کا ایک کیڑا ہی
عوانی (فسک) عورتین -
عوائد (فسک) ترابیع مختلف کے
ساتھ چار ستارہ ہین اور انکے
وسط مین ایک ستارہ ہی جسکا نام ربیع

مادہ
عوف
عوق
عوم
عوم
عوم
عمل
عون

عول
عصر
عوف
عوا
عوم
عمل
عون
عنو
[illegible]

عنو
عنز
عنف
عنق
عنک
عنن
عنی
۴۱۴
عون
عوج
عوجم
عود
عور

فکر سے کام ہونیکو خوب انجام دیوے۔
عَنِید (فکس) جو کہ دیدہ و دانستہ حق سے پھرے۔ امر باطل پر جھگڑنے والا۔ حق کو رد کرنیوالا۔ سرکش۔ عند (ضض) جمع۔
عَنِیز (فکس) آفت رسیدہ۔
عَنِیف (فکس) سخت سخت کام کا مرتکب۔ کلام سخت۔ سیر سخت۔
عَنِیق (فکس) گردن۔ ایک دوسرے کی گردن میں ہاتھ ڈالنے والا۔
عَنِیک (فکس) ریگ تودہ اوپر تلے جما ہوا۔ عنک (ضس) جمع۔
عَنِین (فکس) جو شخص کہ یاد تکلم کو ضبط نکر سکے۔
عِنِّین (کتکس) نامرد جو عورت کی خواہش نہ رکھے۔
عِنِّینَۃ (فکسف) نامردی۔
عِنِّینَۃ (کتکسف) وہ عورت جسکو مرد کی خواہش نہو۔
عُوضس ھاٰی (ضس) سبقی ما یعنے بکری کے جھڑکنے کا کلمہ ہے۔
عُوَاء (ضتفسم) بھونکنے والا کتا۔ آدمی کی کون اور اسکی بن۔ چاند کی

ایک منزل ہے اور وہ پانچ یا چار ستارے ہیں بشکل الف برج سنبلہ میں بڑی عمر کا اونٹ۔
عُوَاء (ضفسم) بھیڑئیے کتے وغیرہ کی آواز
عُوَاش (ضفسک) بہت پشم کا اونٹ
عَوَّاج (فتفس) عاج فروش جو کہ اپنے ساتھ عاج رکھتا ہو۔
عَوَاجِم (فضسک) دانت۔
عَوَّاد (فتفس) رباب بجانیوالا۔
عُوَّاد (ضفس فس کفس) مطلوب۔
عَوَاد (ففسک) امر ہے یعنے عود کر۔
عَوَادَۃ (ففسف) ایکبار کھانا کھانا اور پھر لانا۔ یا طعام جو ایک شخص خاص کے لئے لاویں قوم کے فراغت ہونے کے بعد۔
عَوَادِی (ففسک) رونے والے
عَوَادِی اَلکَرم بڑے درختوں کی جڑیں انگور کے لگانیکی جگہ
عَوَار (ففس) عیب۔ کپڑے کی پھٹن
عُوَّار (ضتفس) آنکھ کا تنکا۔ چکیدہ ... آنکھ میں دوا ڈالنے کے بعد ایک گوشت کا ٹکڑا جو آنکھ میں سے

شخص کے جسکا پیشاب بند ہو جاوے
عُوَان (صنسفس) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا منبر اور عصاے شریف۔
عَوْدَة (فسنف) عَوْدٌ (سن)، ایک حال سے دوسرے حال کی طرف ہو جانا۔ پھر جانا۔ پلٹ جانا۔ رد کرنا۔ پھیر دینا۔
عَوْدَق (فسنف) یعنی عدقہ (فسنف) عدق (ضفف) جمع۔ ایک سرکج لوہا جسکے سر پر گوشت کا ٹکڑا لگا دیتے ہین بھیڑیے کے شکار کے لیے۔
عَوْدَقَة (فسنفف) حوض کے کنارون مین ٹٹولنا یعنی ہاتھ سے ڈال کر ادہر اودہر دیکھنا۔ گمان سے ایک کام کرنا کہ جسکا یقین نہو۔ کانٹے سے کوئین کی چیز کو نکالنا۔
عَوْذ (فس) پناہ لینی۔ پناہ لیجانی اور کہتے ہین عَوْذ باللہ منک یعنی پناہ مانگتا ہون مین ساتھ اللہ کے تجھ سے۔
عَوَذ (ففف) جاے پناہ۔ درخت سے جھڑے ہوئے پتے
کمینہ۔ پنج۔ کراہت۔
افلت بنہ عَوَذاً یعنی ڈرایا اور نہ مارا او تیر (عوذ) ناپسند کہنا۔
عَوْذ (ضتف) کانٹون کی جڑ مین گھاس اوگی ہوئی ہو سخت اور دشوار زمین مین کہ اونٹ اُس تک نہ پہنچ سکے۔ گوشت جو ہڈی پر چمٹا ہوا ہو۔ ایک پرندہ جو ہمیشہ پہاڑ وغیرہ مین پناہ لیئے رہتا ہے۔
عَوْذَة (فسنف) منتر۔ تعویذ۔
عُوَّر (ضک) بدباطن۔ بدذات بدطینت
عَوْر (فس) (ن)، کسی کو ایک آنکھ کا کر دینا۔
عَوْر (فس) (ن)، کسی کو پکڑنا اور لیجانا یا ہلاک کر دینا۔
عَوَر (فف) (س)، کسی کی آنکھ کی بینائی جاتی رہنی۔ کانا ہو جانا
عَوْرَاء (فسنفسم) بُری بات۔ برا کام۔ کانڑی عورت یا وہ عورت جو ایک سو دیکھے یعنی بھینگی۔ بے پانی کا جنگل۔
عُورَان (ضفسفس) لوٹا پھوٹا کوان۔ مذکر و مونث واحد و جمع برابر ہی

عوائر (فسنک) ہر طرح کی ہڈی کے دل

عوائق الدہر زمانہ کی سختیان اور بلائین اور تکلیفین

عوبث (فسف) پہاڑ کے اندر کا رستہ

عوبر (فسف) ہے چیتے کا بچہ

عوبس (فسف) بہت دودہ والی اونٹنی

عوبطر (فسففف) مصیبت و بلا دریا کی موج

عوہ (فتفف وفتنف) کوہ نی بن وفتف فقط آواز و فریاد

عوث (فس) کسی کو ایک کام سے پھیر دینا ایسا کہ متحیر ہو جاوے

عوج (فف) کجی۔ یا سیدہی چیز کا بل جیسے دیوار اور درخت اور ہاتھ کی لکڑی وغیرہ کا

عوج (فف) (س) ٹیڑھا ہو جانا

عوج (کف) کجی۔ یا معیشت اور ادا اور دین اور زمین وغیرہ کی کجی

عوج (فس) (ن) اقامت کرنی کسی کو مقیم کر دینا۔ لازم و متعدی دونون آتا ہی کہڑا رہنا ٹھہرنا

پھیر آنا خم دینا اونٹ کی گردن کو کھینچنے سے موڑنا اونٹ کی مہار کو پچھاڑی کی طرف کھینچنا

عوجاء (فسفسم) دبلا پتلا اونٹ کمان

عود (فس) سرداری میں دوسرا اونٹ اور بکری بڑی عمر کی۔ عودۃ (فسف) مونث ہی۔ عیدۃ (کفف) عودۃ (کفف) جمع اور یہہ مثل ہی زاحم بعود کم واکدع یعنی حرب مین بڈہون با ہر اور آزمودہ کار سے مدد چاہو سرداری قدیم

عود (فس) اعیاد (کفس) عیادۃ (کفسف) عوادۃ (ضفسف) (ن) بیمار پرسی کرنی ایک چیز کا پھیرنا۔ ایک چیز کی عادت کرنی

عود (ضس) لکڑی۔ عیدان (کسفس) اعواد (فسفس) جمع۔ رود جامہ کہ ایک باجا ہی رباب کہ ایک ساز ہی۔ ایک لکڑی ہی کہ جسکا دہوان خوشبودار ہی۔ قسط دریائی زبان کی جڑ کی ہڈی

عود انسر۔ عود صلیب ایک لکڑی ہی کہ رکھی جاتی ہی ہمیشہ پاس

عجعب

عوجب

عجعد

عوعت

عجعج

عوجد

ے جسے وقت نیک وقت دُم او ٹھانے کی عادت ہو۔ اونٹنی جسپر رام ہونے سے پہلے سوار ہوویں۔

عُوسن (فنسف) اونچے قد کا کچھ تھوڑا سا گھبرایا ہوا۔

عَوَص (فف) نشان۔

عوص (فف) (س) کلام و سخن کا دشوار ہو جانا۔ شئی کا سخت ہونا۔

عوصاء (فنفسم) کلمہ غریب۔ دشوار۔ سختی۔ ہر چیز سخت و دشوار۔

عوص (ضنس) جمع۔

عَوض (فنس) ابدا استغراق زمانہ مستقبل کے لیئے ظرف ہی۔ دہر۔

عوض (کف) جو چیز کہ دوسرے کی جگہہ مین آوے۔ بدل۔

اعواض (فسفس) جمع۔

عوض (کف) عوض (فس)

عیاض (کفس) عوض دینا۔

عوطب (فسنف) سختی۔ دریا کا منجدھار۔ موضع کے درمیان ٹھہرا ہوا پانی۔ ایک درخت ہے۔

عوعاء (فنفسم) عوغا شور و غل خرد خشر

عوعاه (فنفس) بکری کو کلمہ عا

وغیرہ سے ڈانٹنا۔

عَوْف (فس) حال۔ شان۔ کام۔ جہان۔ بخت۔ رزق۔ بہرہ نصیبہ۔ شیر۔ مرغا۔ بھیڑیا۔ اونٹ کی اچھی خدمت کرنے والا۔ اہل و عیال کے لیئے کوشش کرنیوالا اور کمائی کرنیوالا۔ ایک خوشبودار گھاس ہی۔ ایک پرندہ ہی۔ ایک بت۔ ایک پہاڑ۔ ذکر۔

عَوُوف (فنس) (ان) پرندہ کا ایک چیز یا پانی وغیرہ کے گرد پھرنا یا اسکا اسپر اوتر آنے کے ارادے سے متردد انہ پھرنا۔ ایک چیز کو لازم پکڑنا

عَوق (فس) نے خیر و برکت قوم کو اعواق (فسفس جمع) جو کہ آدمیون کو خیر سے روکے۔ زمانہ۔ خم داوی عورت کا اپنے خاوند کے دل مین نہ کھینا۔ بند کرنا۔ باندھنا۔ پھیر دینا۔ تاخیر و توقف پر رکہنا۔

عوق (ضنس) عوج کا باپ اور جسنے کہا عوج بن عنق اُس نے خطا کی۔ خیر کا مانع۔ روکنے والا۔

عوق (فف) بھوکھہ۔

عوق (فلف) روکنے والا عوق

عس ع
عوص ع
عوض ع
عوط ع
عوع ع
عوف ع
عوق ع

عور · عوز · عوذ · عوزب · عوزر · عوزم · عوس · عوسم · عوسج · عوسر

عَورۃ (فکف) صاحب عورت - صاحب خلل
عُورۃ (فسف) آدمی کی شرمگاہ اور وہ ناف سے لیکر گھٹنے تک ہے ہر چیز کہ اُسکے دکھانے اور دیکھنے سے شرم آوے - عورات (فسفس) جمع سرحد ملک اور صف اور لشکر اور قافلہ میں رخنہ کہ جس سے خوف اور اندیشہ ہو وہ وقت کہ جسمیں کشف عورت سترلائق ہو اور وہ تین ہیں قبل صلوۃ الفجر اور نصف النہار اور بعد عشاء اخیرہ سکے - پہاڑ کا شگاف اور اُسکا شعبہ کا دڑا پن -
عُورۃ الشمس آفتاب کے نکلنے اور ڈوبنے کی جگہ -
عُوز (فس) انگور کا دانہ عوزۃ ایک
عَوز (فف) حاجت - درویشی -
عَوز (فف، رس) چیز کا نایاب ہونا - نیازمند ہو جانا - درویش ہونا - کام کا دشت اور دشوار ہو جانا
عَوزب (فسف) بہت بڈھا -
عَوزر (فسف) پہاڑی گھاس
عوزم (فسف) بڑی عمر کی اونٹنی کہ جسمیں کچھ بقیہ قوت کا رہا ہو
بڈھی عورت بڑی عمر کی گھٹنے قد کی عورت -
عَوس (فس) اہل و عیال کے لئے کوشش اختیار کرنی اور انکے لئے رنج کھینچنا - اہل و عیال کو قوت دینی - ایک چیز کے گرد اُسکو پھرنا - بھیڑئے کا کھانے کی چیز کے گرد پھرنا - نگاہبانی - مالکی اچھی سیاست کرنی یعنی اونٹوں کی خوب نگاہبانی کرنی -
عوس (ضس) ایک قسم کی بکری
عوس (فف) ہنسنی وغیرہ کے وقت کنج دہن کا اندر گھس جانا -
عوساء (فسفس) عورت جسکا کنج دہن ہنسنے کیوقت اندر کو گھس جاوے
عوسان (ففس) ایک چیز کے گرد رات کو پھرنا -
عوسجۃ (فسفف) کی عوسج (فسف) جمع ہے
عُوسرانۃ (فسففسف) بمعنے عیسرانۃ (فسففسف)
عوسرانی (فسففسکت) علیہ الی (فسففسکت) بمعنی عیسرانۃ (فسففسف)
عوسرانیۃ (فسففسکتف) اونٹنی

عول (فس) عیالہ (فسف) (ن) بہت عیال دار ہونا۔ اپنے عیال کے لیے کافی ہونا یعنی نفقہ اور خورش دینا۔ عیال داری کسی کسی کو اسکی نان کا محتاج کر دینا۔ مغلوب الصبر ہو جانا۔ غالب آنا۔ حکم مین جور و ستم کرنا۔ جیسے فی الحکم۔

عول (کف) مددگار بھی۔ اعتماد۔

عولہ (فس) گریہ و زاری مین بلند آواز سے۔

عولق (فسف) بھوت جیسے کتا۔ بھیڑیا۔ بجوکھہ۔ ورم۔

عوکث (فسف) بولتے وقت زبان کی لڑکھڑاہٹ۔ بچہ دان کی رگ۔ عواکث (فضک) جمع۔ گھوڑی اور بکری اور گدہی کی فرج مین ایک باریک رگ پوشیدہ ہے۔

عوم (فس) (ن) پانی مین تیرنا۔ اونٹ اور کشتی کا چلنا۔ کشتی کو ہانکنا۔

عوم (فسف) عرب مین کہتے ہین سلیمون عوم لطوبا تاکید کے۔

عومۃ (فسف) ایک سیاہ کیڑا جو پانی پر تیرتا ہے۔ ایک قسم کی مچھلی۔ عوم (ضف) جمع۔

عومرۃ (فسفف) خلط ملط کرنا۔ شور و غوغا۔ جمع کرنا۔ ایک جگہہ بند کرنا۔

عون (فس) پشتیبان۔ مددگار۔ واحد و جمع و مذکر و مونث برابر ہے۔ اعوان (فسفس) جمع۔ عورت کا میانہ سال ہو جانا یعنے ادھیڑ۔

عوص (فس) ایک بری جو معلوم نہ ہوسکے ہر چند کوشش کیجاوے۔

عوہبۃ (فسف) کسی کو گمراہی کی طرف نسبت کرنا۔

عوہج (فسف) شترمرغ ہرن اونٹنی لمبی گردن والی جوان اونٹنی۔ لمبے پانون کا شترمرغ ہرنی اور وہ جسکے دونون کھرون پر خط سیاہ ہو۔ سانپ۔ ایک نر اونٹ ہے مہرہ کا۔

عوہ عوہ ایک کلمہ ہے جس سے بلاتے ہین گدھے کے بچہ کو پکارین۔

عوہق (فسف) اونچے قد کا مذکر و مونث برابر ہے۔ ایک سانڈ اونٹ ہے جسکی طرف اصیل و نجیب و برگزیدہ

احمق مرد شرمگین۔

عُوق (ضف) مرد جو حاجت اور نیکی سے روکنے والا ہو۔ درنگی کرنے والا۔ درنگ پر رکھنے والا۔ مانع وباز دارندہ۔ بزدل۔ وہ شخص کہ جسکو اُس کے کام اُسکی حاجت سے روکین۔ وہ شخص کہ جس کام کا ارادہ کرے اُسے کرڈالے۔

عُوق (ضتف) لوگون کو حاجت سے روکنے والا۔ یا بزدل۔

عوقہ (بسفف) جو کہ امر خیر سے آدمیون کو روکے۔

عوقہ (ضفف) حاجت سے باز رکھنے والا مرد۔ درنگی کرنیوالا۔

عوک (فس) چیز۔ حرکت۔

عوک (فس فن) کسی پر مائل ہونا۔ پھر جانا۔ پیش آنا۔ حملہ کرنا۔ عورت کا گھر مین پھر جانا اور جو اُسکا تھا اُسکو کھانا۔ اپنی خوراک کھانی۔ کسی کیطرف پناہ لیجانی۔ اپنے مال پر امیدوار کرنا۔

عوکشۃ (بسفف) کسانون کا ایک اوزار جس سے ناج کو ہوا مین اوڑا دین اور صاف کرین۔

عوکل (فسف) ریگ تودہ کی پشت ریگ تودہ بڑا بزرگ جو عقنقل (فسف) سے کم ہو۔ یا ریت اور پست ملے جما ہو۔ ایک قسم کا سالن۔ گنگنا خرگوش مرد جو ٹھنگنا ہو اور بیابانون کی بیچون کو پاس پاس رکھے اور اونچی کو دور دور۔ احمق عورت رسوائیان۔

عوکلان (فسفس) دوستداری۔

عُول (فس) گریہ وفریاد مین بلند آوازی۔ جو چیز کہ تجھ پر غالب ہو۔ وہ چیز کہ جس سے مدد مانگی جاوے۔ اہل وعیال کی قوت وخورش کھانا پینا۔

عول (فس) (ن) راستی سے میلان کرنا۔ کجی کرنی۔ چیز کا کسی غالب اور بھاری ہوجانا اور اسکو سننے آرام کردینا۔ ترازو کا کم ہوجانا یعنی اوٹھنے لگنا۔ زیادہ ہونا۔ کام کا سخت ہوجانا اور اسکا بزرگ ہوجانا۔ زیادہ ہونا۔ فرضی حصون کا نکال لانا اور انکا زیادہ ہونا۔ گریہ مین آواز اوٹھانی۔ مدد چاہنی۔

وذمیان لکھا جاوے حق کی نگاہداشت حرمت امان و زنہار ملاقات شناخت وہ منزل کہ وہان ٹھہرین جب کسی طرف جائین اور کہین جائین موسم بہار کا پہلا مینھہ ایک مینھہ کے پیچھے دوسرا مینھہ جسکی تری اول کی تری تک پہنچ گئی ہو عہاد (کضس) عہود (ضضس) جمع خانہ وفا ضمانت ذمہ داری عہد اللہ خدائے تعالیٰ کی وصیت اور امر —

عُہِدَ (فس) (ن) زمین کو موسم بہار کا پہلا مینھہ پہنچ جاتا اس معنی مین مجہولاً مستعمل ہے صلح کرنی پہچاننا توحید خدا تعالیٰ کسی کے آگے ایک چیز آنی دوستی کو نگاہ رکھنا نصیحت کرنی

عَہِدَ (فک) جو کہ امور ولایت کی تیمارداری کرے

عَہَدَ اِلَیہِ (س) عہد کیا اسکے ساتھہ نصیحت کی —

عِہدَان (کسفس) ضمانت ذمہ داری —

عُہدَۃ (کسف) موسم بہار کا پہلا مینھہ

عُہدَۃ (ضسف) سوگند نامہ پیمان بیعنامہ نادان سستی خط سستی عقل لوٹنا ذمہ داری —

عِہر (کس) زنا —

عَہر (فس کس وفف) عَہارَۃ (ففسف) عُہُورَۃ (ضضس) عُہُورَۃ (ضضسف) عورت کے پاس فسق وفجور کے لئے آنا اور زنا کرنا بدی کا مرتکب ہونا چورانا —

عَہ عَہ (فس) ایک کلمہ جس سے اونٹ کو دانٹین تاکہ ٹھہر جاوے

عَہعَہَۃ (فسفف) عہ عہ کہہ کر اونٹ کو دانٹنا —

عِہن (کس) بکری کی پشم پشم یا رنگین پشم عُہُون (ضضس) جمع اونٹوں کا اچھا نید و ستیا کرنے والا —

عَہَنَ (فس) (ن) جگہہ پکڑنی اقامت کرنی باہر آنا سفر کرنا لغات اضداد سے ہے کام مین کوشش کرنی عہد پیمان کرنا

مادہ: عہد — عہر — عہع — عہن

اونھوں کو منسوب کرتے ہیں سیاہ
بیل پہاڑی جگنیوڑ سیاہ کوا
لاجوردی لاجورد کے مشابہ ایک
رنگ ہی اور آسمان کے مشابہ ایک
رنگ ہے سیاہ ہی مائل سیاہ اونٹ
خوشنما عجیب لینا شتر مرغ خاکستری
رنگ کا۔ درخت نبع بہتر ایک مرغ ہی
عیوقان (ضففس) فرقدین
یکجی ہوش کے دو ستارہ برج قطبی
کے متصل

عہجہہ (ضسفف) کسی کو گھر ہی
میں ڈالدینا۔
عہوبہ (فسفف) جنگ کا ہنگامہ
جمیں پردے اور نا فریاد کرنی
شور و غل مچانا۔
عہیر (ضفس) نکوہیدہ۔ ناپسندیدہ
خصلت رکھنا
عوکشیر اور ضفسقسم پہاڑ کا سر
عویص (فکس) بہت مطلب کا کلام
جسکے معنی دشوار ہوں کلمۂ غریب
بڑی سخت بلا۔ دشوار کام سخت
خاک سخت جگہ اونچی کنکری ہوئی
نفس۔ قوت۔ حرکت لاغر ہی ...

آمد و رفت کے رستے
عویکہ (فکسف) جنگ کشش
عویل (فکس) گریہ وزاری وفریاد
میں بلند آوازی
عویل (فکس) عویلہ (فکسف) (ن)
گریہ میں آواز بلند کرنی
عوہین (فکس) اسم جمع ... مددگار
عہر رفت ... بے شرم خود پسند
جنگ کرنے والا
عہاب (کفس) موسم بہار کا پہلا حصہ
عہار (کفس) عورت کے
ساتھ بسنجا ہی ... فسق و فجور کرنا
زنا کرنا۔ ... کا ... بھوا پھیلانا
عہان (کفس) خوشہ خرما کی جڑ
عہب (فف) کسی کو نہ جاننا
عہبی الشباب شروع جوانی
عہبی الملک زمانہ پادشاہ
عہخع (ضسفض) ایک درخت ہی کہ
اُس سے اور اُسکے پتے سے
دارو بناتے ہیں
عہد (فض) نصیحت پیمان سوگند
کسی پر ایک چیز میں تقدم عہد نامہ
جو ... حاکموں کے ... والیوں کے

عیاذ (کفس) جائے پناہ پہاڑ وغیرہ مین پناہ لیا ہوا پرندہ —

عیاذ (کفس) (ن) پناہ لینی ہرنی وغیرہ کا بچہ جننا۔ ایک چیز کے ساتھ چپٹنا اور ایسا ہو جانا

عیار (کفس) بچاؤ۔ گریز —

عیار (فتفس) بہت آمد و رفت کرنے والا۔ بھاگنے والا چلتا ہوا مرد۔ شوخ طبیعت۔ بہت پھرنے گھرنے والا چرا گاہ مین ہر طرف جانے والا شیر —

عیارة (کفسف) اشتکارگی شہر

عیازر (فتفسک) گھاس کہ عضاہ سے کم اور دق سے بڑھکر ہوتی ہے لکڑیان۔ درخت کا باقی رہا ہوا —

عیاسة (کفسف) اونٹون کی خوب نگاہبانی کرنی اور اچھی طرح انکی سیاست کرنی —

عیاص (کفس) تحیص (نس) سخن کا دشوار ہو جانا —

عیاف و طریدة دونون عرب کی کھیلون مین سے ہے۔ یا عیاف ایک کھیل ہے کہ عورتین جس سے بازی کرتی ہین —

عیافة (کفسف) پرندہ سے فال لینی

عیال (فتفس) ناز سے چلنے والا گھوڑا۔ ناز سے چلنے والا مرد

عیال الرجل مرد کے اہل و عیال۔ جو روٹی کھاتے اور جو ایک چھوٹے مرد کے ذمہ کھاتے پیتے ہون — عالة (فسف)

عیائل (ففسک) جمع —

عیالة البرذون چوپایہ کا چال

عیالة (فتفسف) ناز سے چلنے والی مائل عورت اور رفتار مین ناز کرنے والی —

عیام (فکس) (ن)

عیان (فتفس) کام اور کلام مین عاجز

عیان (کفس) یقینی دیکھنا۔ ہل مین ایک لوہا ہے۔ اعینة (فسففف) عین (ضفض) جمع۔ کسانون کا ہل

عین (کس) جمع۔ حقیقی بھائی ہونا انکھ سے دیکھنا —

عیانة (کفسف) جاسوس خبر لانیوالا

عیایاء (فتفسم) کام اور کلام

ن عثی
ن ماعو
ف ماعد
ف عوی
ف عمی
ف عبر
ن عرت
ن عود
عہ عہ
سر

کسی کا مطلب جلد پیو نکالنا —
عُجنۃ (کسف) ایک درخت ہی جسکا پھول سرخ ہوتا ہی — تھوڑی سی پشم — اون —
عُجنۃ (کمنسف) درخت کی شاخ کا سو کھکر دوہرا ہو جانا یا اُسکا ٹوٹ جانا بغیر اس بات کے کہ جدا ہو جاوے —
عُجو (کس) گدہے کا بچہ — مضبوط اور توانا اونٹ شانے کا خوشنما نازک پشت —
عہید (فکس) ہم پیمان — ہم نگاہ — ذمی — قدیم و دیرینہ —
عہیدی (فتنسف) بمعنی عہدان
عحی (فت) عواء (فنضم) عوۃ (فتف) عوتیۃ (فکتف) کتے کا منہ لپیٹ کر بھوں بھوں کرنا — یا بُری بھونڈی آواز نکالنی — ایک چیز کو خم دینا — ٹیڑھا کرنا — تیس برس کی عمر مین پہنچکر مرد کے بچے مین ایسا زور آجانا کہ آدمیون کا پنجہ مروڑ ڈالے — کسی کے ہاتھ کو مروڑنا کسی کی بات کو جھوٹ کر دینا لعوا اُسکو پھیر دینا — کسی کو فتنہ کی طرف بلانا — بال اور رسّی کو بٹنا — اونٹنی کی گردن کو ٹیڑھا کرنا —
عحی (فت) کام اور کلام مین عاجز
عحی (کت، دس) کام مین عاجز رہنا — تھک جانا — یا اپنی مراد تک نہ پہنچنا اور کچھ اُس سے بن نہ آنا — گفتگو یا بات چیت کرنے مین بند ہو جانا اور بیان نکر سکنا — نجانتا —
عیاء (فضم) بیماری جو اچھی نہو — سانڈ اونٹ جو جفتی سے عاجز ہو یا جو جفتی کا ڈھب نجانے اور کبھی جفتی نکھائی ہو — مرد جس نے عورت سے صحبت کبھی نکی ہو یہانتک کہ صحبت کرنا نجانتا ہو —
عیائب (کفس) بہت سے سینہ بہت سے دل — وہنے کی مینگی
عیاب (فقفس) مرد بہت عیب کرنیوالا آدمیون کا —
عیابۃ (فتقنسف) بمعنی عیاب ذکر فقفس
عیاث (فقفس) شیر —
عیاد (فض) سرداری مین وعسا

ما عجت بالدواء نہ اچھا ہوا میں دوا سے۔

عجلوف (فسففس) ایک چیونٹی کا نام ہے جسکا ذکر قرآن شریف میں آیا ہے۔

عید (کس) ایک شیٔ کا خوگرفتہ جو چیز کہ اندوہ اور بیماری اور غم اور اندیشہ وغیرہ کے بعد پھر آئے قوم کے جمع ہونے کا دن۔ اہل اسلام کا روز جشن۔ اعیاد (فسففس) جمع۔ ایک پہاڑی درخت ہے۔ ایک سانڈ اونٹ ہے۔

عیدان (فسفس) کھجور کے درخت سب لینے عیدانہ (فسف) ایک درخت۔

عیدانہ (فسففف) بلند خرما بن

عیدان (فسفس) جمع۔

عیدہ (فسف) بدخوئی عورت اونٹ وغیرہ بدخو بزرگ مرتبہ سخت مرد

عیدشوق (فسففس) ایک چھوٹا سا جانور ہے۔

عیدشون (فسففس) ایک چھوٹا سا جانور ہے۔

عیدف (فسف) تھوڑی سی ہر چیز

عیدھور (فسففس) تیز رو اونٹنی۔

اعیذان (فسفس) بد خلق۔

عیر (فس) گدھا اہلی ہو یا وحشی اور اکثر گورخر کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ عیرۃ (فسف) مونث جسمیں کچھ خیر و نفع نہو وہاں بولتے ہیں۔

ہو کجوف عیر یعنی اُسمیں کچھ خیر و نفع نہیں ہے اسلئے گدھے کے پیٹ میں کوئی شیٔ فائدہ نہیں کرتی۔ اعیار (فسفس)، عیار (کفس)، عیور (ضفس)، عیورۃ (ضضسف)، معیورا (فسفسضم) جمع۔ عیارات (کفسفس) جمع الجمع ہڈی بیچ سے اوبھری ہوئی۔ ہر چیز ہموار کا اوبھراپن۔ پیکان کے بیچ کا اوبھراپن۔ پشت پا کا اوبھراپن۔ آدمی کے کان کے اندر کی جانب کا اوبھار۔ آنکھ کا گویا یا پپوٹا یا پتلی۔ یا کن انکھیوں سے دیکھنے والے کی نگاہ۔ پہاڑ۔ قوم کا سردار۔ یا دشاہ۔ ڈھول۔ رگ پشت کا اوبھار۔

۱ عجج
۲ عجلف
۳ عد

۴۲۵

۱ عید
۲ عدہ
۳ عیدشق
۴ عیدشن
۵ عیدف
۶ عیہر
۷ عیذ
۸ عیر
۱۲

مادہ: عیب، عیتم، عیث، عیثم، ۴۲۴، عیب، عیت، عیثم، عیثی، عیج

مین عاجز۔ ساند اونٹ جو جفتی مین عاجز ہو یا ساند جو اس نے کبھی جفتی نکھائی ہو۔ ایسے ہی مرد کو کہ جس نے کبھی عورت سے صحبت نکی ہو اور صحبت کرنا بھی نجانتا ہو عیایاء کہتے ہین۔ اعیاء (فتسکسم) جمع۔

عَیب (فس) مشہور ہی خلاف ہنر۔ عیوب (ضضس) جمع۔

عَیب (فس) (ن) عیب دار ہونا۔ کسی کو عیب دار کردینا۔ مشک کا دودہ کو گاڑہا کردینا۔

عَیبہ (فسف) چمڑے وغیرہ کی تھیلی۔ جامہ دانی۔ عیب۔ آدمیون کے بھید کی جگہہ یعنی جس سے آدمی اپنا بھید کہین۔ عیب (کق) عیاب (کفس) عیاب (فسفس) کی جمع۔

عَیبّہ (ضضف) مرد جو آدمیون کا بہت عیب کرے عیب چین۔ جو شخص ہر ایک مین عیب نکالا کرے۔

عَیثوم (فسضس) آہستہ چلنے والا اونٹ۔ دلدار گھٹیلا مرد۔

عَیث (فس) (ض) تباہ کرنا بھیڑئے کا کسی جگہہ مین نقصان پہنچانا۔

عَیثام (فسفس) ایک درخت ہی ایک کھانا جو ٹِڈی سے بناتے ہین۔

عَیثَبہ (فسفف) نرم زمین۔ ایک شئی کا کالبد اور وجود۔ نشان یعنی پتلا کیچڑ۔

عَیثَرہ (فسفف) اوڑتے ہوئے پرندہ کو ڈانٹنا۔

عَیثم (فسف) قریب۔

عَیثمی (فسفف) گورخر۔

عَیثوم (فسضس) بجو۔ ہاتھی یا ہتھنی یا ہاتھی کا بچہ۔ بڑا اونٹ یا بڑے قدم کا اونٹ۔ موٹی اونٹنی۔ ہر چیز سخت وقوی۔

عَیثی (فسف) اچھا انوکھاپن۔ عیثی جعار پہلے جیم مع العین وہین گذر چکا۔

عَیج (فس) (ض) کسی کا ڈر اور پروا رکھنی چنانچہ کہتے ہین ما اعیج بہ کسی سے خوشنود ہونا چنانچہ کہتے ہین ما عجت بہ یعنی مین خوش نہوا۔ پانی سے سیراب ہونا۔ دوا سے سود مند ہونا جیسے

عیشتہ انہ (فنسففنسف) مونث
عیشیران (فنسفنس)
عیشوی (کسفکت) عیسی (کسکت) منسوب بسوے عیسیٰ –
عیش (فس) زندگانی تے کھانے کی چیز۔ جو چیز کہ جس کے سبب جیئیں۔ روٹی۔ کھانا۔ غذا خوراک۔ رزق۔
عیش (فس) عیشتہ (کسف)
عیشوش (فنسفنس) جینا –
عیش ایلہ زندگانی با ناز و نعمت
عیشیم (فنسف) خشک بوٹی –
عیشومتہ (فنسفسف) ایک درخت ہے درخت ثجر کے ساتھہ ہوا چلتے وقت اُسکی ایک آواز ہوتی ہے جس سے آواز شتر کو تشبیہ دیتے ہیں خشک گھاس شتو۔ گیاہ جو خشک ہوگئی ہو
عیشوم (فنسفنس) جمع –
عیص (کس) آپسمین لپٹے ہوے درخت بڑے گھن کے
عیصان (فنسفس) اعیاص (فسفس) جمع بیخ و بن خار

درخت اُکٹھے گھیچ پیچ یا کھجور کے درخت گھن کے لپٹے درخت کے اوگنے کی جگہہ
عیصوم (فنسفس) بمعنی عصوم (فنفنس)
عیضفوط (فنسففس) بمعنے عضفوط (فنسفس)
عیضموز (فنسففس) نہایت ہا سخت اونٹنی ہوئی کہ اُسکی چربی کی کثرت اُسکے حمل کی مانع ہو یعنی بزرگ جثہ کی ناقہ۔ یا گوشت کی سخت بدن کی گول یا سخت اونٹنی گٹھیلے بدن کی کہ نظرین پر خشم معلوم ہو۔ بزرگ لبنا پتھر۔
عیضوم (فنسفس) بہت کھانے والا خوب کاٹ کھانیوالا –
عیط (کس) پہنچے ہوے اور چھٹے ہوے اونٹ جوان –
عیط (کسکس) کلمے ہیں تیلے جوانون کی آواز جب آپسمین ایک دوسرے کو آواز دین۔ یا ایک کلمہ ہے کہ جس سے مستی انگیزی اور غلبہ کے وقت آواز اور شور کرین
عیط (فف) (س) گردن کی دراز

عیج
عیج
عیجب
عیج
عیص
٤٢٧
٥ عظم
٥ عنفظ
٥ عظم
٥ عظم
١٠ عیط
١٢

مادہ | علامات اعراب ضفکستم یعنے ض ضمہ ف فتحہ ک کسرہ س سکون ت تشدید

پیچ - گندہے کے سر کا اُوبھرا ین پٹ کے بیچ کا سپید خط - مقدم ہودج مین ایک لکڑی ہے - ایک پرندہ ہے کبوتر کی مانند اُسے عجیر المشراۃ بھی کہتے ہین -

عیر (فس)، (ض)، گھوڑے وغیرہ کا جانا - چلا جانا یعنے زمین مین پھرنا - اونٹنی کا مست ہو کر سانڈ کی آرزو مین ایک طرف کو نکل آنا گھوڑے کا چرنے کے لیئے ہر طرف پھرنا -

عیر (کس)، گروہ سفر سے پھرا ہو یا اونٹون کا قافلہ جو غلہ کشی کرتے ہین یا چوپایہ جسپر باہر سے طعام کھانے کے لیئے لاد کر لاتے ہین اونٹ ہو یا گدہا یا خچر -

عیران (فسفس)، بمعنی عوائر کلمہ

عیران الحجر اد ٹڈی دل -

عیرانۃ (فسفسفسف)، تیز رو اونٹ جو سرعت وشتابی مین شادمانی کے اندر گورخر کے مشابہ ہے -

عیزار (فسفس)، ہر چیز سخت اور مضبوط - پھرتیلا لڑکا نازک بدن - ظریف - ایک قسم کا شیشے کا پیالہ - ایک درخت ہے -

ابو العیزار ایک لمبی گردن کے پرند جانور کی کنیت کہ ہمیشہ پانی مین رہتا ہے - یا وہ ایک بھیڑ یا ہے شیطان کی کنیت -

عیز عیز (کس کس)، ایک کلمہ ہے کہ جس سے بکری کو ڈانٹتے ہین

عیس (فس)، سانڈ کا نطفہ -

عیس (فس)، (ض)، اونٹنی سے جفتی کرنی -

عیس (کس)، سپید اونٹ سرخ بالون والے - اعیس (فسف) واحد مذکر - عیساء (فسفسم)، واحد مونث

عیساء (فسفسم)، ٹڈی مادین

عیسان (فسفس)، بہت سے مرد - مردون کا ہجوم -

عیسجور (فسفس)، مضبوط اونٹنی قوی تیز رو - غول -

عیسران (فسفس)، اونٹ جسپر اول ریاضت مین رام کرنیکے لیئے سوار ہووین -

عیسران (فسفس)، ایک گھاس ہے

عیق (کس) ایک کلمہ ہی کہ جس سے ڈانٹتے ہیں -

عیق (فتک) حاجت سے خوب روکنے والا مرد - درنگی کرنے والا - عیق لیق اتباع ہی -

عیقہ (فسف) دریا کا کنارہ اور ناحیہ گھر کا گوشہ اور اسکا ناحیہ

عیقص (فسف) عقیص (کتکس) بمعنی عقص (ضف)

عیکان (ففس) کند ہلاتے ہوئے جانا -

عیکتہ (فسف) لپٹے ہوئے درخت گھن کے - ہر کوئی درخت بیریون کا باغ -

عیل (فف) جو کہ سنا نہ جاہے اور جس کی شان نہ سنا ہتے جیسے کہ ہوا اسکے آگے حدیث و کلام بیان کرنا -

عیل (فتک) مرد کے اہل و عیال اور ہر کوئی جو اسکی نفقہ اور موونت میں ہو عیال (کفس) جمع عیائل (ففسک) جمع الجمع

عیل (فسن) عیلہ (فسف) عیول (ضفس) حاجتمند اور درماندہ ہو جانا - چیتے کا شکار ڈھونڈہنا -

عیل (فس) (ض) ایک چیز کا کسی کو حاجتمند کر دینا - درماندہ اور عاجز کر دینا - خرامان اور خمیدہ اور نازان چلنا -

عیل (فس) عیول (ضفس) (ض) چلا جانا -

عیلان (فسقس) نر کفتار -

عیلہ (فسف) درویشی - فاقہ احتیاج - مفلسی - اور یہ باب ضرب یضرب سے آتا ہی -

عیلم (فسف) دریا - بہت پانی کا کنوان یا کھاری پانی - پانی جسپر زمین ہو - موٹا نازک بدن مینڈک بجو

عیم (فسن) بمعنی عیمہ (فسف)

عیمان (فسقس) دودھ کا آرزومند ہونا - عیمی (فسف) مونث -

عیمان ایمان مرد جسکی جورو اور اونٹ مر گئے ہوں

عیمہ (فسف) کسی کو دودھ پینے کی خواہش ہونی - از فعل ضرب

عیمہ (کسف) اچھے برگزیدہ اونٹ

عین (فس) آنکھ - مونث - اعیان

عیط (فس) عورت کا لمبی گردن والا ہونا

عیط (فس) عیاط (کفس) (ن من) بغیر بانجھ پن کے اونٹنی اور عورت کا حاملہ نہ ہونا۔

عیطاء (فسفسم) لمبی گردن والی پشتہ بلند۔

عیط عیط (کس کس) ایک آواز ہے کہ گیر کھیل کے وقت آپس میں کرتے ہیں اور نڈر غلبہ کے وقت اِس لفظ کے ساتھ شور کرتے ہیں

عیطل (فسفس) عورت گھوڑا اونٹ لمبی گردن کا اچھے بدن کا ہر چیز لمبی۔ لمبی گردن والا۔ نر کھجور کے درخت کا خوشۂ طلع۔

عیطموز (فسفس) اونٹیوں میں سے لمبی اور بڑی ہی زبردست

عیطموس (فسفس) پورے بدن کی عمدہ سڈول ہیکل اونٹ پوری پیدائش کا اچھی صورت کی عورت یا خوبصورت عورت جسکی گوشت دیکھنے والی بڑی عمر کی اونٹنی عیطاموس (فسکفس) عیاطمس (فسکس) جمع ہے

عیقاۃ (فسفس) عیعاء (فسفسم) بمعنی عوعاۃ (فسفس) یعنی بکری کو کلمہ عا کے ساتھ جھڑکنا جیسے عیعی عیعاۃ وعیعاء۔

عیف (فس) پانی یا مردار کے گرد پرندہ کا پھرنا اور اُسپر اُسکا اوترنا چاہنا۔

عیف (فس) عیفان (فف) عیافۃ (کفسف) عیاف (کفس) (فس ض) تنگ رکھنا۔ کھانے کو ناپسند رکھنا اور اس سے الگ رہنا

عیفان (کفکفس) مشکل اور جسکی ہر چیز سے کراہت ہونے کی خو ہو

عیفۃ (کسف) برگزیدہ چھٹے ہوئے اونٹ۔

عیفۃ (فسف) پرند کا پانی وغیرہ کے گرد پھرنا۔ عورت جو عیوف (فضس) عورت سے کنے [illegible]

عیفش (کسف) گھنگنے قد کا

عیق (فس) مرد جو عاجزی کے سبب رو کرنے والا ہو یا خیر کے [illegible] سے خیر و منفعت مردہ یا جس سے سود کرنے والا پانی کا ایک حصہ

٥ عیط

٥ عیطل

٥ [illegible]

٢٢٨ [illegible]

٥ عیی

عوف

٥ [illegible]

عیف

اور آنسو کا رواں ہونا کوئی تنکا وغیرہ کھودنے میں چشم تک پہنچ جانا - تمام اذن کا مائل ہونا - قوم کا ویران ہونا -

عَیِنَ (کس) عَیْنَۃً (کسف) (رس) کشادہ چشم ہونا بہت سیاہ چشم والا ہونا -

عِیْن (کس) گاو وحشی

عَیْن (رفت) گھر کے باشندے جماعت

عَیِّن (زفتک) پانی بہانے والی مشک یا نئی مشک کیونکہ نئی مشک کی درزوں میں جب تک چربی وغیرہ نہیں بھر جاتی تب تک ٹپکا کرتی ہے

عَیْنَاءُ (سفس) مشک جو اب تک بھیگی ہیں پہلی بار بھی ٹپکتی ہو - قافیہ ماخذ گائے وحشی فراخ چشم عورت

عِیْن (کس) جمع

عَیْنَات (سفس) پانی بہانا آنسو کا بہنا ہونا -

عِیْنَۃ (کسف) قرض کہ جس میں قرض دینے والے کو کچھ نفع ہو

پیشگی قیمت دے کے برگزیدہ اونٹ جنگ کا اسباب بہو مادہ - بکری کی آنکھ کا گرداگرد سفید حلقہ -

عَیْنُوْم (سفس) نر ہینڈگی -

عِیْنِیٌّ (کسف) کو مشیر کا اور پردار

عَیُوبٌ (فنس) بہت عیب کرنے والا

عَیُوثٌ (فنس) شیر

عَیُوفٌ (فنس) پیاسا اونٹ جو پانی کو سونگھے اور پیوے نہیں عورت کہ جسکا خفنہ کرتے تھے وہ دو بند ہو جاوے اور دوسری عورت اُسکا دودھ چوسے تاکہ اُسکے سوراخ پستان کشادہ ہو دودھ جاری ہو

چڑنے والا مرد یعنی بہت کراہیت کرنے والا آدمی

عَیُوقٌ (فنس) ایک چھوٹا ستارہ ہے

رَجُلٌ عَیُونٌ مرد نظر بد کرنے والا - عِیْن (کس) مع عین مشغول

عُیُوْنُ الْبَقَر ایک قسم کے انگور کی کو لونگ گردی سیاہ اور بڑے گول ہوتے ہیں - شیرینی ان میں کم ہوتی ہے - سیاہ آلو

عَیْهُمٌ (کس) (رض) ہلال کا آفت سیدہ ہونا

مادہ

عین

باب عین

۱۲

۱۲

(فتحتین) اعین (بسکون) اعیون (ضمتین) را
جمع - اعیانات (فتحتین) جمع الجمع
عیینة (فتحتین) تصغیر چشمہ -
اعین (فتحتین) اعیون (ضمتین) جمع
زانو چشمہ آفتاب چشمہ ترازو
یعنی ترازو کی چوٹی شہر کے باشندے
گھر کے مقیم - آدمی - دیدبان -
جاسوس - جماعت - بعین غلیل کے
غلہ ڈالین گروہ - بینائی کی قوت
حاسہ - ہر چیز موجود - حقیقت قبلہ
ہر چیز کی بہترین اور برگزیدہ سونا
زر درست - مال پیدا شخص اور
نفس ہر چیز کا - رئیس و سردار -
ابر قبلہ کیطرف کا یا قبلہ عراق کی
طرف کا یا عراق کی جانب راست
کے قبلہ کا ابر - آفتاب یا اسکی
شعاع - اونٹ جو موجود اور مہیا ہو
انگور - قوم کا بزرگترین - مال
پانی کا رساؤ - بہنے کی جگہ
چند روز کا مینہ کہ نہ ٹھہرے -
کنوئین سے پانی کی پریشان
ہونے کی جگہ - نظر کا منتظر و
ترازو کی جھونک - کنارہ - ساعت

دینار مین سے آدھا دانگ - نگاہ -
حقیقی بھائی - قوم کا شریف و گرامی
اعیان (فتحتین) جمع - حروف
حلقیہ مجہورہ مین سے ایک حرف -
پوست پر چند دائرے چھوٹے چھوٹے
ایک پرندہ ہے - بولتے ہین
فعلتہ عمدًا عین و عمدًا عینین یعنی
ایک چیز کو یقین اور کوشش اور
ارادہ سے کیا مین نے - ایسا
ہی فعلتہ عمدًا علی عین و صنعت
ذلک علی عین و عینین - لقیتہ
اول عین یعنی ہر چیز سے پہلے
مین نے اس سے ملاقات کی
اور بولتے ہین نظرت البلاد
یعنین و یعینین یعنی آنکھ گھاس
اوگ آئی - اور کہتے ہین
انت علی عینی بوقت تعظیم و
حفظ مراتب - ہو عرض عینین یعنی
قریب ہی اور ایسا ہی ہو منی
عین غنیۃ - ہو عبد عین سے یعنی
نظر مین غلام کی مانند ہے -
عین (فتحتین) (ض) دیکھنا
نظر بد لگانی - آنکھ پر مارنا - پانی

باب الغین المعجمہ

غب
غبغب
غبن
غثاء
غدد
غدر

غجم غاب (فسست) ایک رات پہرکا گوشت غیر غاب باسی بعض معنی –

غابہ (فسفسہ) پست زمین ہموار آدمیون کا گروہ نیزہ لمبا لٹکتا ہوا نیزہ – بیشہ – درختستان جسمین بہت گنجان درخت ہون – غاب (جمع)

غابیہ (فسکف) اونٹ جو غب کو پانی پیوین غواب (فسست) جمع –

غابر (فسک) باقی – ٹھہرنے والا – گذرجانے والا – غبر (جمع)

غابرہ (فسکف) باقی رہا ہوا –

غابش (فسک) خائن – فریب دینے والا (فسست) جھپانی والا –

غابط (فسک) کسی کے حال کا آرزومند – خواہش زوال رشک کرنیوالا – غبط (ضفض) جمع

غاش (فسک) ستم کا مرکب نیوالا

غاتیہ (فسکف) احمق عورت بیعقل

غادر (فسست) دنبا کا آیا ہوا اونٹ

غادر (فسک) عہد توڑنیوالا مرد –

غادق (فسک) کشتیبان –

غادوف (فسفس) کشتی کا چپو

غادی (فسک) شیر –

غادیہ (فسکف) صبح کا ابر صبح کا

غاذ (فسست) ناسور ہر کہیں کا ہو آنکھ کے پانی کی رگ کہ ہمیشہ جاری ہو – حس –

غاذیہ (فسکف) بمعنی غاذہ (فستف)

غاذہ (فستف) بچہ کے سر کی وہ جگہ جو حرکت کرتی ہی –

غاذی تمال اونٹون کا نگاہبان اور اصلاح کرنے والا –

غاذیہ (فسکف) ایک رگ ہی وہ قوت جو غذا کو تحلیل کرے اور جزو بدن کردے –

غار (فست) ناچیز – باطل غرور (ضفض جمع) غافل سکوان بہجو نیوالا

غار (فس) گڑھا جو پہاڑ میں ہو یا پہاڑ میں جائے نشیب پست ہموار یا سطور زمین

۴۳۳

عیہابی (بکسرتین) جیسکو گمراہی کی طرف منسوب کریں۔
عیہاق (بفتحتین) گمراہی۔
عیہامہ (بفتح) عیاہمہ (بفتحتین) تیز رو اونٹنی۔
عیہب (بفتح) مرد سست و ضعیف یعنی طلب قصاص اور کینہ سے عاجز۔ اگلے زمانہ کا ایک بہت نشیم والا گھیل۔
عیہرن (بکسرتین) تیز غول۔
عیہرجمع۔
عیہرہ (بفتح) ایک عورت بدکار۔ شیطان۔ غول سفید بدن کا اونٹ یعنی بہت چابک اور بدکار ہو تاکہ ناچنا کا ہو تجھ۔
عیہق (بفتح) شادمانی۔
عیہقعہ (بفتح) ایک پرندہ جانور۔
عیہکہ (بفتح) جنگ کرنی۔ اور زمین پر پیر سے مارنا۔ فریاد کرنی۔ شور و غوغا کرنا۔
عیہل (بفتح) تیز رو اونٹنی۔ برگزیدہ اونٹنی سفید بدن کی قوی۔ عیہلہ اونٹ تیز رو برگزیدہ۔ ہر تیلا مرد جو جلے پھیر کر بلی

کی طرح ایک جگہ قرار نہ پکڑے۔ تند ہوا۔ بلند قد کی عورت۔
عیہلہ (بفتح) بڑھیا عورت۔
عیہم (بفتح) ہر چیز مضبوط و تیز رو اونٹنی۔ تیز بابھی۔
عیہمان (بفتحتین) جو کہ شروع میں راہ نہ چلے اور رستے کو بے نشان چھوڑ کر سو جائے۔
عیہمہ (بفتح) سرعت اور سخت ناپائداری۔
عیہمی (بفتح) ملا رہتے قد کا۔
عیہول (بفتحتین) عیہال (بکسرتین) برگزیدہ اونٹنی مضبوط بدن کی قوی۔
عیہوم (بفتحتین) ایک سخت کی سخت۔
عیہون (بکسرتین) ایک خوشبودار گھاس۔
عیہیہہ عیہی یعنی ہمارہ ہمارہ۔
عیی (بکسرت) کلام اور کلام میں عاجز۔ عیاء (بفتحتین)
اعیاء (بالکسر) جمع۔
عییر وحدہ (بفتحتین) اپنے خود بین و متکبر مغرور۔ اکیلا کھانے پینے والا۔ اکیلا کھڑا۔

عیہاب
عیہق
عیہم
عیہب
عیہر
عیہرہ
عیہل
عیہلہ
عیہم
عیہمان
عیہمہ
عیہمی
عیہول
عیہوم
عیہون
عیی
عییر

عزنی (ضمہ عربی) (فتکت)
عرمتو (ضمہ اعراب منسفسم) جمع -
غماس (فسک) بہرا فالج -
غماسق (فسک) چاند یا شب
غروب شفق کے وقت یا تاریکی
غروب شفق کے بعد
غماش (فتت) خیانت کرنے
والا - کینہ ور فریبی -
غماشیہ (فسکف) قیامت آگ
پوشش - عمل کی پوشش - زمین کی
پوشش - چمڑا جیسے تلوار کے
میان پر قبضہ کے نیچے سے لیکر
پہلے تک لگادیں - چمڑے کا
ٹکڑا جس سے قبضہ شمشیر کو
ڈھانکیں - وسو وچیت کی تیاری
چلنے لوا سبے جو تمہارے پاس
آویں - ملاقات کرتے ہوئے
دوست تو بیت سے آیا لے
پالان او سند تن کو کھسکنے یچھے لوہا
غملص (فست) جسکے گلے
میں کچھ اٹک جاوے - جگھنہ
لوگون سے بھری ہوئی -
غماص (فسک) اچھی چیز جمع

ہو آئی ہوئی - انبوہ - خوش حال مرد
مرد جو اپنے عیال کے لیئے کافی
اور بس ہو - عضاہ کھانے والا اونٹ
غماضیہ (فسکف) ہونٹ غواض
(فسک) جمع - اندھیری رات -
روشن رات - لغات اضداد سے ہے
غماضب (فسک) خشمگین -
غماضر (فسک) اپنی حاجت میں جلد
آنے والا اور امثمین صلح کرنیوالا
اچھا سیدوار ا ہوا چمڑا -
غماضف (فسک) خوش حال
نازک زندگانی خوش کتا جسکے
کان آگے کی طرف لٹکے ہوئے ہون
لیلۃ غماضیۃ اندھیری رات
نار غماضیۃ جلتی ہوئی روشن آگ
غماط (فسک) گروہ پست و فراخ زمین
غماطیۃ (فسکف) انگور کی بیل
غماع (فس) پھوہڑ
غماغماء (فسفسم) پہاڑی چمگیدڑ
کا شور اور آواز یا پہاڑی کالے
کوے کی کائیں کائین -
غمانعہ (فستف) آدمیون کا
انبوہ ملا ہوا - ٹڈی جسنے نیا باز و

مادہ
غمع
غمنع
غمسق
غمش
غمشی
غمص
غمضی
غمضب
۴۳۵
۵ غمضر
۷ غمضف
۱۰ غمضی
۱۱ غمط
۱۲ غمطل
۱۳ غمغ
۱۴ غماغا
۱۵ غمغی

بڑا گروہ یا گلہ جس میں جانور وحشی جگہ
بکثرت ہے - غوار (فسنفس) غیرات
(فسکسفس) جمع - آدمیوں کا
بہت گروہ - لشکر - غلہ جو ایک
جگہ سے دوسری جگہ لیجاویں
اشک - گرد - انگور کے درخت
کے پتے - دہن کی جانب اعلیٰ
جو چیز کہ پتلی ہڈی کے پیچھے ہو یا
بعد نون جبا ڑوں کے درمیان کا
شگاف - یا دہن کا اندرونہ - ایک
بڑا درخت ہے روغن دار - اہل لغت کا
ایک پیمانہ ہے سو گون کے مقدار کا
غماران (فسنفس) دہن اور
فرج - یا شکم اور فرج - دونوں
گڑھیاں آنکھ کے گھر کی -
غمارب (فسنک) کندھا یا کوہان
اور گردن شتر کا یا ہین غوارب (فسک)
غمارۃ (فسنف) ناف - لوٹ
مار کرنے والے گھوڑے غمارگری
حبل شدید الغمارۃ
خوب ہے جسکو ہمیشہ رستی
غمارۃ (فسنف) ایک قسم کی مچھلی ہے
غمارز (فسک) کم شیر اونٹنی

ٹڈی جو اپنی دم کو انڈا دینے کے
لیئے زمین میں دبا دے - اسکو
کہتے ہیں ہو غمارز - وہ کا سیر ہی سنتہ
یعنی وہ نادان اور جاہل ہے
غمارزۃ (فسنکف) کم شیر اونٹنی
ٹڈی جو اپنی دم کو انڈا دینے
کے لیئے زمین میں دبا دے -
غمارض (فسنک) یعنی ناک والا
صبح پانی پر آنے والا -
غمارفۃ (فسنکف) تیز رو اونٹنی
غوارف (فسنک) جمع -
غمارق (فسنک) پانی میں نیچے
جانے والا - ڈوبا ہوا
غماریقون (فسنکسفس) ایک
گھاس کی جڑ ہے - ایک چیز ہو کہ
سوس لگے درخت میں پیدا ہوتی
ہے یا وہ غماریقون (فسنکسفس) ہے
زہر کے لیئے تریاق ہے -
غمارکۃ (فسنکف) کاتنے والی
عورت - غزل (فسنف) غوازل
(فسنکسک) جمع
غمارنی (فسنک) جنگلی قلاوز
دشمن میں سے لڑائی کرنیوالا

علامات اعراب ف فتحہ ک کسرہ ض ضمہ س سکون ت تشدید

غوار و بیقدر - مرد کی اصل و نسب
کہ مشہور نہو - پازیب جو پنڈلی کو
پکڑ دبے - ایڑی اور پنڈلی تیار
دائر غاشیۃ (فسفت) کھر جو رستے
کے سرے پر ہو -
غاصیاء (فسکفسم) جنگلی چوہے کا بل
غانقۃ (فسنف) کمان کے چلے کا
پھندا جس سے کمان کے سرمین
چلے کو اٹکاتے ہین -
غانذ (فسک) نرخرہ آواز کا مخرج
غانی (فسک) مالدار دولتمند -
غانیۃ (فسکف) عورت جو اپنے
حسن و جمال کے سبب زیور سے
بے نیاز ہو یا وہ عورت جو اپنے
خاوند سے جمع پونجی کے سبب
بے نیاز ہو - یا عورت جو اپنے
میکے مین ہو اور اسپر گرفتاری
نہ واقع ہوئی ہو - یا جوان عورت
پاک دامن سہاگن ہو یا بے
خاوند ہو - یا بے نیاز عورت کہ
جسکی لوگ خواہش کرین اور
وہ بے پروا ہو - غوانی فسکفسم جمع
غاوی (فسک) ٹیڑھی - گمراہ

تو سید شیطان -
راس غاو چھوٹا سا سر -
غاویۃ (فسکف) توشہ دان
مشک کہ جسمین باقی ہو -
غایب (فسک) ناپدید پوشیدہ
غیب (فتضف) غیاب (فسکفس)
غیب (فف) جمع - جو چیز کہ پوشیدہ
و پنہان ہووے -
غایۃ (فسنف) زمان اور مکان
مین ہر ایک چیز کی نہایت کمال کا
نشان اور جھنڈا - غای فسجمع
غایۃ (فسنف) (ضن) جھنڈا کھڑا کرنا
غاترۃ (فساف) دوپہر یعنی ڈھلتا بیچ
غائص (فسک) اچانک
ایک چیز پر آنے والا -
غائصۃ (فسکف) عورت جو
جماع کے اشتیاق مین خاوند کو
حیض کی خبر نکرے تاکہ وہ پرہیز کرے
غائط (فسک) گڑھیلی زمین
پست فراخ - غیطان (کسفس)
غیاط (کفس) اغواط (فسکفس)
غوط (ضنس) جمع - آدمی کی
پلیدی - گوہ - یا خانہ -

مادہ
غمص
غمی
غین
غمن
غنی
غوی
غیب
غیی
۵ غور
۳ غوص
۱۰ غوط
غائط کے لغوی معنی پست زمین کے ہین کنایہ

پھوکی تھی ایک گھاس ہی -
ثماف (فس) ایک قسم کا درخت
جسکا میوہ خوب شیرین ہوتا ہی
یا وہ ینبوت ہے -
ثمافصتہ (فسکف) زمانہ کی سختیان
ثماق (فس) ایک پرندہ ہی آبی -
ثماق (فسک) کوے کی آوازکی نقل -
ثماقتہ (فسف) ایک آبی پرندہ ہی کوا
ثمال (فست) پست زمین
درخت ناک - درخت سلم اور طلح
کے لگنے کی جگھہ - ایک گھاس
ہی - ثملال (فتفس) جمع - سب معنون
مین یہی جمع آتی ہی -
بعیر ثمال پیاسا اونٹ - ونیز
ثمال (فست) گرگٹ یا چھپکلی کا گھر -
ثمالی (فسک) بھاری نرم موٹا
گوشت - نہایت قوت سے تیر کو
دور پھینکنے والا - اور بمعنی دودہ
بلغت یونان مین -
ثمالیتہ (فسکف) ایک خوشبو ہی
مشک و عنبر وغیرہ سے مرکب سیاہ
رنگ کہ بالون کو اس سے
خضاب کرتے مین یہہ نام اسکا

سلیمان عبد الملک کے بیٹے کا رکھا ہوا ہی
بعض کہتے ہین کہ مخترعات
جالینوس سے ہی -
ثمالیون (فسکفس) ایک گھاس ہے
کہ فوراً دودہ کو جما دیتی ہے یا یہہ
ثمالیون عین مہملہ سے ہی -
یوم ثمام تیرہ اور روہند لادن
دن جسمین گرمی کے سبب بس
پھوٹے - نہایت گرم دن -
لیلتہ ثمامتہ بہت گرم اندھیری رات
ثمامد (فسک) اٹا ہوا کوان -
بوجھہ سے لدی ہوئی کشتی -
ثمامدہ (فسکف) اٹا ہوا کوان
بوجھہ سے لدی ہوئی کشتی -
ثمامر (فسک) ویران زمین
زمین پانی مین ڈوبی ہوئی - خلاف
عامر یعنے آباد -
ثمامرۃ (فسکف) کھجور کا درخت
کہ پانی دینے کا محتاج نہو -
ثمامض (فسک) زمین پست نرم
گڑہیلی زمین - غوامض (فضسک)
جمع - سست حملہ مرد - سخن بعید و
پوشیدہ و مخفی خلاف واضح - گمنام مرد

گذر جانا - لغات اضداد سے ہی -
ایک شئی کا گدیلا ہو جانا -
غبیر (فک) خراب زخم - بھریا پھوڑا -
غبیر (فف) خاک - ایک بیماری ہی جو اونٹ کے شکم میں عارض ہوتی ہی
غبیر (فف) (س) زخم کا اچھا ہو کر تھوڑے دنوں پیچھے پھر بہنے لگنا اور خراب ہو جانا -
غبیر (کس) کینہ -
غبیر (ضس) پستان میں جو دودھ باقی ہو - ہر چیز کا بقیہ اغبار (فضس جمع)
غبیر (ضف) ایک قسم کی مچھلی -
غبیرا (فسفسم) زمین کبک ماذین - یا مالی - درخت ناک زمین ایک رنگی گھاس ہی یا اس گھاس کا پھل - نئی چیز یا پرانی یا ناپدید پاہا سال قحط خشک سال -
غبران (ضسفس) ایک غلاف میں دو کھجوریں غبارین (فضسکس جمع)
غبرة (ضسف) گرد - دہند لاپن -
غبرة (ففف) گرد درختناک زمین
غبرة العینین بڑی بڑی اور سیاہ آنکھوں والی عورت -

غبرون (ضسفس) ایک پرند جانور ہی - ایک قسم کی چھوٹی چڑیا -
غلبش (فف) تاریکی - خاکستر گونی
غبس (فف) (س) تاریک اور خاکستر رنگ ہونا -
غبسة (ضسف) تاریکی اور خاکستر گونی
غبش (فف) رات کا بقیہ یا آخر شب کی تاریکی اغباش (فسفس جمع)
غبش (فف) (س) شب کا آخر تاریکی کو پہنچ جانا -
غبش (فک) شب تاریک -
غبشة (ضسف) بمعنی غبش (فف)
غبص (فف) (س) آنکھ کے میل کا رواں ہونا یعنی چیپڑ کا زیادہ ہونے - آنکھ کے میل کا بہت ہونا اور آنکھ کا اندر کو گھس جانا -
غبط (فس) کٹی ہوئی کھیتی کا ایک مٹھا غبوط (ضضس) جمع - رشک -
غبط (فس) غبطة (کسف) (ض س) رشک کرنا کسی کے حال کی آرزو کرنی بغیر اس بات کے کہ صاحب حال سے اسکا زوال چاہے - بکری کی دم اور

غب
غبت
غبب
غبب
غبب
غبب
غبص
غبط

۴۲۹

۱۲

مادہ

غائکۃ (فسکف) احمق عورت بیعقل۔
غائلۃ (فسکف) کینہ پوشیدہ۔ بدی۔
غائلۃ الحوض جو چیز کہ حوض مین
سے ٹوٹ پھوٹ جائے۔
غب (کت) ہر چیز کی انتہا۔ اونٹ کا
ایک دن بیچ دیکر پانی پینا یعنے
تیسرے دن پانی پینا۔ تپ کا ایک
دن بیچ دیکر آنا۔ یعنی تپنا۔
غب (کت) غبوب (ضفس)
ایک دن بیچ دیکر تپ کا آنا تیسرے
دن آنا یعنی تپنا۔ ایک دن بیچ
اونٹون کا پانی پر آنا۔ گوشت کا
بدبودار ہونا۔ کسی سے کے پاس شب
گذارنی۔ کام کا انتہا کو پہنچنا۔
غب (ضفت) دریا چڑھا ہوا اتنا کہ
بہتے بہتے جنگلون مین پھیل جاوے
پست زمین۔ پانی کے ٹھہرنے
کی جگہہ۔ اغباب (ضفس)
غبوب (فضس) جمع۔
غبد (رنس) (ن) کسی کی
طرف قصد کرنا۔
غبا (رفت) غباوۃ (فضسف)
(رس ن) احمق ہوجانا۔ غبیا کرنا

جبکہ عن صلہ ہو۔ یا صلہ ہی نہو۔ ایک
چیز کا نہان ہونا۔ نہ پہچانا جانا جبکہ
من صلہ ہو۔ و نیز غباوۃ
(ففسف) بیوقوفی۔ حمق۔
غباء التراب اونچی اوٹھی ہوئی گرد
غباشیر (ففسکس) رات و دن
کے بیچ کی روشنی۔
غبب (فف) مرغے اور گائے
اور آدمی کے گلے کے نیچے کا
طوق جسکو ہنسلی کہتے ہین۔
غبتہ (ضفت) تھوڑی سی معیشت۔
غبث (فس) (ن) مسکہ اور
پنیر کو آپسمین خلط ملط کرنا۔
غبج الماء (رس) پانی کو
گلے سے اوتارنا۔
غبجۃ (ضفسف) پانی اور شراب
مین کا ایک گھونٹ۔
غبر (ضفتف) ایک چیز کا بقیہ
استعمال اس لفظ کا غالباً بقیہ
خون حیض مین آتا ہے۔ بیماری
اور رات اور ہر چیز کا بقیہ۔
غبر (فس) غبور (ففس) (ن)
درنگ کرنا۔ باقی رہنا۔ چلا جانا۔

غب
غبب
غبث
غبج
غبر

غبی (ئکت) احمق کم فہم کند ذہن
غبیبۃ (ئکسف) صبح کا دودہ
جسپر رات کا دودہ دوہین اور
وہی بناوین –
غبیۃ (ئفسف) تھوڑا سا مینھہ
یا مینھہ کا ایک چھینٹا یعنی مینھہ کہ
ایک دفعہ زور برسکر رہجاوے
پانی او تازیانہ کی بہت سی ریزش –
غبیۃ التراب دبی اوٹھی ہوئی گرد
غبیثۃ (ئکسف) اسم غبث غبث
یعنی غبث پنیر اور مسکہ ملانا او غبیثہ
پنیر اور مسکہ ملے ہوئے کو کہتے ہین –
غبیر (ئکس) ایک قسم کا خرما –
غبیراء ضمضفسم ایک قسم پینے کا
پانی جو مست کردے ایک قسم
کی ریگستانی گھاس یا اُسکا پھل
او غبیراء اُسکا درخت یا بالعکس
غبیس (ضفس) بھیڑیا –
غبیط (ئکس) ایک قسم کا پالان وغیرہ
جیسے پالان بختی یا اونٹ کا
پالان جسپر ہودہ باندہین یا چھوٹا
پالان کہ جسکا قتب اونچا
ایک ہو غبیط (ضفض) جمع زمین بلند

سکے پانی کا بہاؤ اور رستہ زمین ہموار
فراخ جسکے کنارے اونچے ہون –
غبین (ئکس) سست عقل والا احمق
غبینۃ (ئکسف) نقصانی بیعقلی
خرید مین فریب کھانا فریب –
غت (فت) (ت) کسی کو ایک
کام مین رنج دینا جیسے غتہ بالامر
غتاً کسی کو پانی مین غوطہ دینا
جیسے غتہ فی الماء کسی کو کلام
سے سرزنش کرنا جیسے غتہ بالکلام
پانی کو تھوڑا تھوڑا پینا پیالہ کو
منھہ سے جدا کئے بغیر غمگین کرنا
گلا گھونٹنا چوپایہ کو تہکا دینا
ایک چیز کو ایک دوسرے سکے
پیچھے لانا خندہ کو پنہان کرنا –
غترفۃ (فسفف) بزرگ
منشی تکبر کرنا غرور کرنا
غثل (ئکت) درخت ناک جگہہ
غثل غثل کہجور کے درخت
آپس مین سے لپٹے ہوئے –
غثل المکان جگہہ بہت
درخت ناک ہوگئی –
غتم (فس) گرمی کی سختی کہ دم

غعب
غعب
غنب
غنب

۱۴۴۱

۵ غر
۶ غبر
۷ غبط
۸ غبن
۹ غتر
۱۰ غثرن
۱۱ غثل
۱۲ غم
۱۲

کو ٹٹولنا پر ہاتھ پھیرنا تاکہ معلوم کریں کہ موٹی ہے یا دبلی پیٹھ پر ہاتھ پھیر کر جاننا کہ چربی دار ہے یا نہیں ۔
غبطۃ (کسف) شادمانی ہمیشہ خوش حالی ۔ رشک ۔
غبیطۃ (فنسف) ایک تسمہ ہے جس سے توشہ دان کے چمڑے کے اطراف کو مضبوط سیتے ہیں ۔
غبطی (ففقف) ابر علی الاتصال برسنے والا ۔ مینھ کی جھڑی ۔
غبغب (فسنف) آدمی کے جباڑے کے نیچے کا گوشت کا ٹکڑا لٹکا ہوا ۔ گائے اور مرغ کے گلے کے نیچے کا طوق ۔
غبق (فس) غبوق (فضفس) (ن) شام کے وقت کی شراب پینی اور پلانی ۔
غبقاء (فسفسم) غبوق پینے والی
غبقان (فسفس) غبوق پینے والا
غبقۃ (ففف) رسی جو ہل یا رہٹ یا پانی کھینچنے وغیرہ کے وقت لکڑی کے سرے بیلوں کے کوہان کے عرض پر باندھتے ہیں

غبن (ففاس) دھوکے سے خرید نا ۔ لینے میں کسی شئے کے دھوکا کھانا ۔ غلطی میں ڈالنا ۔ جہل دینا ۔ یا یہ تسکین بیع میں مستعمل ہے اور بتحریک رای میں ۔ فریب کھا جانا اس معنے میں مجہولاً مستعمل ہوتا ہے ۔ کپڑے کو لپیٹنا ۔ کپڑے کو ٹانکنا تاکہ تنگ ہو جاوے ۔ طعام کو حاجت کے وقت کے لئے اوٹھا رکھنا ۔ چھپا رکھنا ۔ فراموش کرنا ۔ چھوڑ دینا غلطی کرنی ۔ دھوکا کھانا ۔
غبن (فف) سستی فراموشی ۔
غبن (فف) غبانۃ (فسف) (س) سست عقل ہو جانا ۔ خبر کو نہ جاننا ۔ سستی عقل ۔
غبوۃ (فسف) حماقت غفلت ۔
غبوۃ (ففسف) غبی (فسکت) بمعنی غبوۃ (فسف)
غبوط (ففس) اونٹنی کہ جب تک اسکی پشت پر ہاتھ نہ پھیرو تب تک اسکی فربہی کو معلوم نہ کر سکو ۔
غبوق (ففس) شام سے کے وقت کی شراب ۔

غبط ۔ غبر ۔ غبغب ۔ غبق ۔ غبن ۔ غبو ۔ غبا ۔ غبن

غثمہ (فسف) سیاہی تیرگی مائل یا اُسکی مانند ایک کدور رنگ ۔
غثمہ (فکف) اوجھہ کا ہزار خانہ یعنے گائے اونٹ وغیرہ کے پیٹ کی وہ چیز کہ جسمین سوراخ سوراخ بہت سے ہوتے ہین ۔
غثمرۃ (فسفف) مال کو تباہ کردینا ۔
غثو (فس) پانی کی رو مین جھاگ آجانی ۔ چراگاہ کو خلط ملط کرنا ۔
غثوثر (ففسف) شیر ۔
غثی (فس) (ض) سیل کا غثاء لے آنا ۔ سیل کا چراگاہ کو بدمزہ کردینا اور خلط ملط کردینا ۔ دل کا اوپر تلے ہونا ۔ مالش کرنا اور متلانا ۔ آسمان کا ابر کو بہم پہنچانا ۔
غثی (فف) غثی (فس) (س ض) کلام کو خلط ملط کرنا ۔
غثیت الارض بالنبات (س) زمین بہت گھاس والی ہوئی ۔
غثیان (فففس) دلکا مالش کرنا و متلانا ۔
غثیث (فکس) دبلا کم گوشت دبلا گوشت ۔ زخم کی پیپ ۔
غثیلتہ (فکسف) زخم کا خون اور پیپ یعنی کچ لہو ۔ اور مردار گوشت ۔ فساد اور خرابی ۔ احمق سے خیر فساد عقل ۔ کہجور جسکی کہجورین پک جاوین اور شیرین نہووین ۔
غثیمہ (فکسف) ایک کھانا ہی جو بدویون کا طیار کرتے ہین ۔
غجوم (فضفس) غموج (ضفس) کا مقلوب غمج کی جمع بمعنی شیربچہ ۔
غد (فت) غدو (فضفس) (ن) اونٹ کا دبا کا ماسا ہونا ۔
غد (فس) کل جو آویگی ۔
غداء (ففسم) طعام چاشت دوپہر کا کھانا خلاف عشاء ۔
اغذیۃ (فسکف) جمع ۔
غداۃ (ففس) غدیۃ (فسف) بمعنے غدوۃ (فسیف) غدوات (فففس) غدیات (قففس) غدو (فضفت) غدایا (ففسف) جمع اور غدایا (ففسفس) مستعمل نہین ہوتا مگر عشایا کے ساتھ ۔
غدائد (کفس) غدائد (ففسک) ۔
غدار (ففسک) بروزن قطام عورت کے حق مین گالی ہی موضع

مادہ
غثم
غثم
غثم
غثم
غثو
غثی
غثی
غثث
۳۴۴
۷ غجم
۸ عجم
۹ غدد
۱۰ غدو
۱۱ غدو
۱۲ غدد
۱۳ غدر
۱۲

علامات اعراب ضفکستم علامت مضموم قفتحہ ک کسرہ س سکون ت تشدید م مادہ

متن	متن	مادہ
گھیرادے - زور کی دم رکنے والی گرمی	غثث (فف) شیر -	
غثمۃ (ضسف) تحمیت - اغتم	غثر (فس) غثور (ضفس ل)	
(فسف) اسم مصدر ہی -	زمین کا سبز گھاس سے لہراتا -	
غثمی (ضسکت) مرد جو صاف	غثر (فف) کپڑے کا روان -	
بات نہ کہہ سکے - ہکلا - گونگا -	کپڑے کے پکٹو -	
چیاص غتیم کنایہ ہی مرگ سے	غثرا (فسفسم) مونث اغثر (فسف)	
غث (فت) دبلا کم گوشت	یعنی نادان اور کمینی عورت - بجو -	
غثۃ (فتف) مونث - دبلا گوشت	ہر نوع آدمیوں کا گروہ ملا جلا تیرہ	
خراب کلام -	بہت پشم والا کنبل -	
غث (فت) غثیث (فکس) (ف ض)	غثرۃ (ففف) کمینہ نیچ آدمی -	
زخم سے پیپ جاری ہونی -	غثرۃ (فسف) ارزانی فراخ سالی -	
غثا (فتفسم) بمعنی غثاء (ضفسم)	غثرۃ (ضسف) سیاہی سرخی ملی	
غثاء (ضفسم) کوڑا وغیرہ جسکو	جلی - تیرگی جو سبزی مائل ہو -	
پانی بہا لایا ہو - جھاگ - درخت کا	آدمیوں کا گروہ -	
پتا خراب اور سڑا ہوا جو سیل کے	غثری (ففکت) جنگل جو مینھ	
جھاگ میں آلودہ اور خراب ہو گیا ہو	سے سیراب ہو -	
اغثاء (فسفسم) جمع -	غثغثۃ (فسفف) انسے سازوسامان	
غثاثۃ (ففسف) غثوثۃ (ضضسف)	سست جنگ کرنی - ایک جگہ میں	
(ف ض) گوشت کا دبلا ہونا - بات کا	قرار پکڑنا - کپڑے کو اسکی جواب	
خراب اور فاسد ہونا -	سے لپیٹنا - دھونا -	
غثاف (ضفس) بجو کا علم ہے -	غثم (فس) (ض) مال جید اور اچھا	
غثاغث (ضفسک) شیر -	کسی کو ایکبارگی دے ڈالنا -	
غثمۃ (ضتف) قوت جو دن گذار دے	غثم (فس) آوٹی کا ٹکڑا جو کھایا جاوے	

مادہ کالم: غثم / غثر / غثو / غثث / غثی / غثغث / غتم / غثث / غتمر

غمدر (فس) غمدران (ففس) (ن ض س) بیوفائی کرنی -
غمدر (فس) (ض) تالاب مین سے پانی پینا -
غمدراء (فسفسم) تاریکی -
غمدر (فس) بیوفائی -
غمدر (ضف) بیوفا مرد یہہ لفظ اکثر موضع ندا مین بمقام شتم مستعمل ہوتا ہی اور جمع مین کہتے یا آل غمدر یا ورچیانہ وغیرہ کے پیچھے ایک گڑھا کہ جسمین پانی کثیف ہوتا ہی - پانی نے جسے رو پیچھے چھوڑ آوے -
غمدراء (فسفسم) تاریکی -
غمدرۃ (ضسف کسف) جو چیز کہ جسے پیچھے چھوڑین غمدرات (ضسفس جمع)
غمدرۃ (ففف) بمعنی غمدر (فف)
غمدرۃ (فکف) شب تاریک -
غمدق (ففت) ارزانی - فراخ حالی - فارغ البالی نعمت بخشنا
غمدق (فس) (ن) بہت از حد سخاوت کرنی -
غمدف (کفت) شیر -

غمدفل (کفس) اور نیز غمدقد کا مرد پورے بدن کا اونٹ بزرگ جثہ فراخ زندگانی - پرانا کپڑا -
غمدافل (ففسکس) جمع -
غمدفلۃ (کفسف) کثیر چنانچہ رحمۃ غمدفلۃ بولتے ہین یعنے رحمت کثیر - فراخ چنانچہ ملاءۃ غمدفلۃ بولتے ہین یعنے چوڑی کھلی چادر
غمدفلۃ (فسفف) ارزانی اور خوشحالی مین داخل ہونا -
غمدفس (کفس) پورے بدن کا -
غمدق (فف) بہت پانی -
غمدق (فف) (س) بہت پانی والا ہونا چشمے کا
غمدن (فف) دسترس - نیکی - نرمی - نازکی - سستی - خواب - دو پیغمبرون کے درمیان کا زمانہ جسمین کوئی پیغمبر نہو -
غمدن (فف) (س) سوجانا لڑ بڑا اور نرم ہو جانا -
غمدنۃ (ضسف) سستی - نرمی لڑبڑاپن
غمدنۃ (ضفتف) گوشت کا ٹکڑا سخت کان کی لو کے نیچے - نرمی - لڑبڑاپن -

مادہ:
غمدر
غمدف
غمدل
غمدن
غمدق
غمدن
[illegible]

مادہ

غدر
غدن
غدف
غدفل
غدن
غدب
غدد
غدر

نداء مین استعمال کرتے ہین اور کہتے
ہین یا غدار یعنی اے بیوفا عورت ـ
غدار (فتقس) بے وفا مذکر
و مونث برابر غدارۃ (فتفسف) مونث
غدار (کفس) چھوڑ دینا اور باقی رکھنا
غدارۃ (ضفسف) جس چیز کو پیچھے چھوڑین
غداف (فتقس) زاغ سیاہ ـ
پرون بہراگکس ـ غدفان (کسفسر)
جمع ـ سیاہ یعنی بال سیاہ گھنے
غدافل (ضفسک) جسکی
دم مین پشم بہت ہو ـ
غدان (کفس) شاخ جسپر کپڑا لٹکا وین
غدانی (ضفسکت) نرم و نازک
اندام جوان ـ اچھی جوانی نازک ـ
غدب (ضفسف) سخت مرد
کھنگنا بہت سپٹے والا ـ
غدبۃ (ضفسف) آدمی کے زرہ
گوش کے نیچے جو ابھار ہے اسمین
ایک گوشت کا ٹکڑا قدر سخت ـ
غدۃ (ضفتف) گوشت کی گرہ
بدن کی گرہ چربی بھری ـ ہر گوشت کا
ٹکڑا سخت پٹھے کے درمیان
ہر بستہ خون جو گوشت اور پوست

کے درمیان ہو یعنی غدود ـ غدد (فف)
جمع ـ اونٹون کی وبا جس سے وے
مرین ـ غداد (کفس) کی جمع ـ مستہ جو
بدن پر نکل آوے اور پیچھے درد کرے
جیسے چیز کہ چربی اور کوہان کے
درمیان ہو ـ اونٹون کا گلہ ـ
غداد (کفس) غدائد (فضسک) جمع ـ
غدور (فف) اونٹون کی بیماری ـ
غدر (فف) سخت جگہ جسمین کنکری
پتھر بہت ہون ـ زمین جس مین
سوراخ اور دڑار ہون اور چوپایہ
اسمین چل نہ سکین ـ بڑا پتھر ـ
رَجُلٌ ثَبْتُ الغَدَرِ مرد لڑائی
وغیرہ مین ثابت قدم اور کہا گیا
کہ یہہ واسطے گھوڑے کے ہی اور
انسان کے لیے جبکہ اسکی زبان قائم
رہے ـ جس چیز کو پیچھے چھوڑین ـ
غدر (فف) (س) مینھہ کا پانی جمع ہونا ـ
رات کا تاریک ہوجانا ـ اونٹنی وغیرہ کا
گلہ سے پیچھے رہجانا ـ اور
صلہ عن ہے ـ زمین کا کنکریلی
ہو جانا ـ بکریون کا گھاس سے
چراگاہ مین سیر ہو جانا ـ صلہ فی ہے

عمدہ مال ایک مرتبہ دیدینا - واقعہ
اور حادثہ دشوار کو پہنچ جاتا -
غذم (فف) غذوم (ضفس
رس) ایک چیز کو سختی اور دشواری
سے کھاتا یا بحرص تمام کھاتا -
غذم (فف) ایک گھاس ہے -
غذم (ضفت) ایک قسم کی ترش گھاس
غذمۃ (فسفت) سخن حادثہ سخت -
غذمۃ (ضسف) نہایت تیرگی
کچھ تھوڑے سے اونٹ بہت موٹے
اور غذمۃ (ففف) بھی آتا ہے غذم (فف) جمع
غذمرۃ (فسف) خشم و فریاد اور
اضطراب آواز بوقت خصومت
سخن و آواز کی آمیزش - غذامیر
(ففسکس) جمع - کلام کو فخر یا
خوف کے سبب پوشیدہ رکھنا -
غصہ پے در پے غصہ کرنا ایک
چیز کو جدا کرنا - بعض چیز کو بعض کے
ساتھ آمیختہ کرنا - ایک چیز کو
دوسرے میں خلط ملط کرنا - آواز کی
الکل سے کام کرنا تخمینا ایک چیز کو پہنچانا
غذمرۃ (ضفکف) ملی ہوئی گھاس
غذاۃ غذوا خورش ہوئی اسکو -

غذا البول پیشاب منقطع ہو گیا -
وغذا الماء پانی جاری ہو گیا -
و نیز غذو (فس) سرعت اور
شتابی کرنی - خون رگ سے
جاری ہونا - پرورش کرنا -
غذوان (ففقس) تیز رو گھوڑا
شادمان - مرد و زشت - زبان دراز
نافرمان تیز رو - غذوانۃ (ففسفف) مؤنث
غذی (فف) اونٹ کا پیشاب -
غذی (فس) (ض) پرورش کرنی
غذی (فکت) بمعنی غذوی
(فکت) یعنی پیٹ میں کا بچہ خواہ
آدمی کا یا گائے یا بھینس یا بکری
وغیرہ کا یا خاص یا گوسفند - بھیڑ کا
بچہ - غذاء (کفس) جمع -
غذی المال اونٹ کے
بچے یا چھوٹے اونٹ -
غذیذۃ (فکسف) پیپ زخم کا
خون - زخم کا مردار گوشت -
غذیرۃ (فکسف) آٹا جس میں میدہ
ملا کر چلتے ہوئے ٹھیکرے پر سینکیں
غذیمۃ (فکسف) ایک زمین جو
غذم گھاس اگاوے -

غذم
غذمر
غذو
غذی
غذو
غذی
ثلاثی
ثا غذر
ثا غذم
۱۲

غُدُو (فس) غُدُو (ضفت) غُدْوَۃ (فسف) (ن) کسی کے پاس صبح کو آنا —
غُدْوَۃ (ضسف) صبح یا طلوع فجر اور طلوع شمس کا درمیان —
غُدُوِّی (فسفکت) تیز رو —
غُدُور (فعس) سے وفا — مذکر و مونث برابر ہی —
غُدورۃ (فقسف) پیچھے رہی ہوئی اونٹنی
غَدَوِی (فکت) پیٹ کا بچہ جنین یا خاص بکری کے پیٹ کا بچہ —
غَدِی (فکت) غَدَوِی (فکت) منسوب ہی غد کی طرف —
غَدِی (فکف) (س) چاشت کا کھانا کھایا ماضی کا صیغہ ہی —
غَدَیاء (فسفسم) غَدِیّ (فسف) مونث غَدیان (فسفکس)
غَدیان (فسفس) چاشت کا کھانیوالا
غَدِیر (فکس) تالاب — پانی جسے رو پیچھے چھوڑ آوے —
غُدُر (ضفت) غُدران (ضسفس) جمع تالاب
غُدیر (کتکس) بیوفا مرد —
غَدیرۃ (فکسف) تھوڑی سی گھاس — غَدران (فسفس) جمع اور

زلف گندھی ہوئی مینڈھی — غَدائر (ففسک) جمع — اونٹ اور بکری پیچھے رہی ہوئی — ایک قسم کا کھانا جو دودھ اور آٹے کا بناتے ہیں اونٹنی جسے چرواہے نے پیچھے چھوڑ دیا ہو —
غَدَر (فت) غَذو (فسفس) (ن) کم کر دینا —
غَذْر (فت) (ن ض) زخم سے پیپ کا روان ہونا — یا سوج جانا اور بڑھ جانا —
غِذاء (کفسم) خوراک اور پرورش کہ جس سے جسم کی بالیدگی اور آراستگی ہی —
غُذارم (ضفسک) بہت پانی — تخمینی پیمانہ —
غُذامۃ (ضتفسف) ایک قسم کی کھاری گھاس — غُذام (ضسف) جمع
غُذام (ضفسک) بہت پانی —
غُذائم (ففسک) ہر چیز تہ بتہ اوپر تلے جمی ہوئی —
غَذْمَرۃ (فسفف) تخمیناً ایک چیز کو خرید لینا — کلام کو آمیختہ کرنا —
غَذْ غَذَۃ (فسفف) کم کرنا —
غَذَم (فس) (ض) کسی کو

ہرنیا جنا ہوا العربعنی غروی (فسف)

غراو (فف س) ایک قسم کی کھنبی —

غرادہ (ففسف) ایک قسم کی کھنبی —

غراد (کفس) تیر اور نیزے اور تلوار کی باڑ — خضاب وغیرہ تھوڑی سی — قالب کہ جسمین پیکان ڈہالین تاکہ درست ہو جاوے — روش جیسے

رمیت ثلثۃ اسھم علی غرار واحد

یعنی پھینکے مین تین تیر ایک روش پر — شتابی جیسے اتاہ علی غرار آیا

اسکو جلد — مقدار — بچہ کو چونگا دینا بہرانا — اونٹنی کا دودہ سوکھکر کم ہونا

غرارۃ (ففسف) کام کی ناآزمودگی ناتجربہ کاری — کام کی ابتداء یعنی ابتداء کام مین آدمی دہوکا کھاتا ہے اور غفلت اور بیخبری —

غرادہ (کفسف) گون غرائر (ففسک) جمع

غراس (کفس) پودہ لگانے کا وقت — پودہ لگایا ہوا —

غراف (کفس) ایک بزرگ پیمانہ

غراف (ففس) بہت پانی والی نہر — گھوڑا فراخ گام کشادہ رو —

غرام (ففس) شیفتگی مشتاقی — آرزومندی — بدی جو متصل و پیوستہ ہو — ہلاک عذاب —

غرامۃ (ففسف) قرض — جسن چیز کا ادا لازم ہو — تاوان —

غران (ففس) پانی کے بلبلے — حباب

غرانق (ضفسک) پوری پیدایش کا جوان نازک اندام اور عورت کی صفت مین واقع ہوتی ہے جیسے امراۃ غرانق —

غرانقۃ (ضفسک) پر گوشت عورت جوان لمۃ غرانقۃ کان تک لٹکے ہوے بال ہوا سے ہلتے ہوئے —

غرائی (ضفسف) سنگ بزرگ یا بلائی — غرائی (ففسف) جمع —

غرب (فس) آفتاب کے غروب ہونے کی جگہ — ہر چیز کا شروع ہر چیز کی حد — تلوار کی تیزی — زبان کی تیزی — ہر ایک چیز کی تیزی گھوڑے کی رفتار کی تیزی — اول رفتار — تیز رو گھوڑا — پانی کی مشک یا پانی ڈہونے والا چوپایہ — بڑا ڈول — آنکھ کی رگ کہ جس سے ہمیشہ آنسو بہا کریں جیسے ناسور —

غرو — غرد — غرب

۵ غرو ۶ غرب ۱۲

۵ غرر

کشادہ کردن - انداز کردن -
غر (فت) کپڑے کی شکن - پوست
کی لپیٹ - غرور (ضفس) جمع -
غر (کنک) خوبصورت مرد -
غر (کت) وہ شخص کہ جسے فریب
دیویں - فریب کھا جاوے یعنی
بھولا بھالا - ناآزمودہ کار جوان -
مذکر و مونث برابر ہے - غرۃ (کتف)
مونث بھی ہے - اغرار (فسفس) جمع
غر (ضت) جو چیز کہ پرندہ چونچ سے
کھانے کے لئے دیوے -
زمین کی دراڑ - چشمہ تاریک و تنگ -
کپڑے کی شکن - پوست کی لپیٹ -
تلوار کی باڑ - ایک آبی پرندہ ہے -
غر (فت) غرور (ضفس) غرۃ
(کتف) (رن) فریب دینا کسی کو
بیہودہ و باطل امید وار کرنا - ٹھونگو
چراتا - پانی کا زمین میں گھس جانا
غرغرہ کرنا - پرندہ کا چوزہ کو چوگا دینا
غرا (فف) سریش - یا وہ چیز
کہ جس سے کسی چیز کو چپکاویں -
ایک چیز ہے جو مچھلی میں سے
سریش کی مانند نکلتی ہے - گائے کا

بچہ - ہر نیا جنا ہوا - لاغر - اغراء
(فسفسم) جمع خوبصورتی -
غراء (فقسم) ہر گائے زرد مشتاقی
غراء (کفسم) فرد خسک پاس چوپایہ ہو
غراء (فتفسم) غرۃ دار گھوڑی -
سخت گرم - مدینہ منورہ - ایک
خوشبودار گھاس ہے - یا وہ غریر اور (ضففسم)
ہے - ایک سپید سر کا پرندہ ہے -
مذکر و مونث برابر -

۵ غرب

غراب (ضفس) کوا - اغرب (فسفس)
اغربۃ (فسکف) غربان (کسفس)
غرب (ضس) جمع - ہر ایک چیز کی حد
تیر کی تیزی - ہر ایک چیز کی تیزی
اولا - برف - پس سر - گدھی - پیلو
کے پھل کا پہلا خوشہ - سرین کی
جانب اسفل کا ابھار ران کی
جانب اعلا کے متصل - یا باریک
ہڈی استخوان تہیگاہ کے پیچھے -
غربان (کسفس) جمع -
غرابۃ (ضفسف) ہر ایک چیز کا
شروع - ہر چیز کی تیزی
غرابی (ضفسکت) ایک قسم کا خرما -
غراۃ (فففس) ہا گائے کا بچہ -

تاکید مقدم ہوتی ہے بعد بیان تاکید واقع ہے
غرنیل (کسکس) چھلنی - دوپہری
سخن چین مرد -
غرّۃ (کتف) کام کی ناآزمودگی -
غفلت اور بے خبری -
غرّۃ (کف) وعدہ -
غرّۃ (ضتف) پیشانی اسپ کی
سپیدی - ایک درم سے بڑی کیونکہ
یہ وصف ہے اور کم کو ستارہ پیشانی
کہتے ہیں اور برا سمجھتے ہیں - غلام
لونڈی - دل - چاندرات - نیا چاند
دانتون کی سپیدی اور انکی چمک -
چنی ہوئی چیز - قوم کا سردار اور
شریف - چاند کی پہلی رات - غرر
(ضفت) جمع - مرد کا چہرہ - انگور کی
پھیلاوٹ کی جلدی -
غرث (فف) (س) بھوکھا ہونا
غرثان (فسفس) بھوکھا - غرثی
(فسف) غراثی (ففسف) غراث
(کفس) جمع - اور غرثی (فسف)
مونث بھی ہے جسکی جمع غرثات (کفس) ہے
غرثی الوشاح باریک کمر کی عورت
غرد (فس) بالنس نے وغیرہ کا

گھر - گھر جسکی چھت کڑیونکی ہو -
ایک قسم کی کھمبی -
غرد (کس) بلند آواز و خوش آواز
مرغ - آواز بلند و خوش - ایک قسم
کی کھمبی - غردۃ (کسسف) اغراد (فسف) جمع
غرد (فف) (س) پرندہ کا بلند
آواز سے چہکنا - ایک قسم کی کھمبی
غرد (فک) غرید (کتکس) بلند
آواز اور خوش آواز مرغ -
غردۃ (کسف) ایک قسم کی کھمبی -
غردقۃ (فسفف) گرد کا آدمیونکو
ڈہانک لینا - شب کا ہر چیز کو ڈہانک لینا
پردہ وغیرہ کو لٹکانا -
غرر المشہر شروع چاند کی تین راتیں
غرر (فف) ہلاکت - خطر - ایک
قسم کی بیع یعنی شئ کو بے ہاتھ
مین آئے بیچین جیسے کہ مچھلی کو
پانی مین اور پرندہ کو ہوا مین -
غرر (فف) غرّۃ (ضتف) غرارۃ
(ففسف) (س) چہرہ کا چمک
دار ہونا اور سپید ہونا - ناآزمودہ
کار ہو جانا - مفتون ہونا - بعد
آزمائش و امتحان کے میل کرنا

مادہ
غرغ
غرد
غرد
غرن
غرز
غرب
۴۵۱
[illegible]
۱۲

غرب ـ غربول ـ غرب ـ غربال ـ غرب ـ ۱۲

آنسو بہنے کی جگہہ آنسو گرنے
کی جگہہ ۔ دانتوں کی تیزی اور انکی
آبداری ۔ غروب (ضعنس) جمع ۔
اشک جو آنکھہ مین سے نکلے ۔ آب
دہن کے اکٹھے ہونے کی جگہہ ۔
پانی کھینچنے کا دن ۔ آنکھہ کا کویا
اور دنبالہ یعنی آنکھہ کی پچھاڑی ۔
آنکھہ کا ایک آبلہ ریزہ جیسے چھلی
ناخنہ ۔ دنبالہ چشم کا ورم ۔ شراب
اور اشک کی روانی ۔ آب دہن کی
کثرت تھوک اور اسکی رطوبت ۔
دوری ۔
اصابہ سہم غرب یعنی اسکو
ایک انگریس تیر آ لگا یعنی جسکا
پھینکنے والا معلوم نہین ۔
غرب (ضس) (ن) چھپ جانا
غائب ہونا ۔ دور دور ہونا چلا جانا
ایکسو ہونا ۔ شادمانی کرتی ٹہول
ڈہال کرنی ۔ آنسو نکالنا بہنا ۔
غرب (ضس) اپنی جگہہ اور اپنے راہ
وطن سے دوری ۔
غرب (فف) ایک درخت کا نام ہے
کہ ہرگز پھل نہین کہتا ۔ شراب ۔

چاندی ۔ یا چاندی کا پیالہ کاسہ ہے
بکری کی ایک بیماری ہے ۔ سونا ۔ یا پانی
جو ڈول سے حوض اور کوئین مین
ٹپکے اور اسکی بو متغیر ہوے ۔
کیچڑ کی بو ۔ گھوڑے کی آنکھہ کی نیلاہٹ
غرب (ضض) مسافر ۔ نادر ۔
غرب (فف) (س) نہایت سیاہ کالا ہونا ۔
غربال (کسفس) چھلنی ۔
غربة (ضسف) دوری ۔
غربة (ضسف) باریک ہو جانا نہان
ہو جانا اپنی جگہہ سے دوری ۔
مسافرت ۔ دور ہونا ۔
غربلة (فسفف) چھاننا ۔ قطع کرنا ۔
قتل کر ڈالنا ۔ اوجہیں ڈالنا ۔
غربی (فسکت) کچے انگور کی
شراب ۔ درخت جسپر آفتاب کے
ڈوبنے کے وقت گرمی سے نہ پہنچے ۔ ایک
قسم کی کھجور ۔ ایک سرخ رنگ ہے ۔
غربیب (کسکس) ایک قسم کے
عمدہ انگور ۔ بڈہا جو بالون کو خضاب
سے سیاہ رکھے ۔ اسود غربیب
یعنی نہایت سیاہ ۔ اور غرابیب سود
مین سود بدل ہو گیا کہ الالوان کی

بچے کا دودھ وقت سے پہلے چھڑا دیا۔
غرض الشیء ایک چیز کو تر و تازہ توڑا - یا ایک چیز کو تر و تازہ قطع کیا
غرض (فف) تیر کا نشانہ اغراض (سفس) جمع مقصد ۔ قصد و ارادہ۔ تمنا کی شوق۔
غرض (فف) (س) عاجز آنا۔ آرزو مند ہو جانا ڈرنا۔
غرض (فک) (ک) تازہ ہو جانا۔
غرضۃ (ضسف) اونٹ کا تنگ بند
غرض (ضفس) جمع۔
غضروف (ضسفس) جس کو ہندی میں ... جسے کھاتے ہیں غضاریف
غضروفان (ضسفس) دو لکڑیاں جو پالان کے بیچ کی اور پچھاڑی کے لکڑی کے دائیں بائیں پاتے ہیں - غرافیف (فسکس) جمع
غرطانی (ضسفسکت) خوبصورت جوان
غرغر (کسک) ایک گھاس ہے۔ حبشی مرغی غرغرۃ (کسکف) ایک
غرغرۃ (ضسفف) گھوڑے کی پیشانی کی سپیدی - شریف مرد بزرگ مرتبے کا۔

غرغر بالسنان غرغرۃ حلق میں نیزہ مارا
غرغر اللحم گوشت کے بھوننے کے وقت آواز نکلے - و نیز غرغر غرارہ کرنا - استخوان بینی کو توڑنا - اور سر شیشہ پیدا ہے کی آواز کی نقل - مرگ کے نزدیک ہونا - گلا کا بٹنا - آواز کا گلے میں اور جانکا حلق میں آ جانا - گلے پڑے ہوئے کی آواز - دیگ کے جوش کے وقت کی آواز - جانور کا پوٹا -
غرغری (ضسفتف) ایک کلمہ ہے جس سے بکری کو دودھ دینے کے لیے بلاتے ہیں
غرغریات (ضسفکتفس) اچھے اصیل نجیب اونٹ -
غرف (سں) ایک درخت ہے جس سے چمڑے کو دباغت دیتے ہیں
غرف (فس) (ن) درخت غرف کو قطع کرنا - پیشانی کے بالوں کو کاٹنا - پانی کو چلو سے لینا - چمڑے کو غرف سے سنوارنا - اونٹ کا غرف کھانے سے بیمار ہونا
غرف (فف) ... گھاس یا نیز

غرض
غرضیف
غرغر
غرف
٤٥٣
بکری ... اور ... وغیرہ کو بلانے میں اور ایک لفظ کو کھینچ کر آواز نکالی جاتی ہے

غرز
غرزل
غرس
غرش
غرض
۱۲
۵۳

کام کانا آزمودہ پن -

غُرز (فس) چمڑے کی رکاب جو پالان پر لگاوین - شاخ کا شاخ مین پیوند لگانا - گاڑنا چبھونا -

اَلزِم غَرزَ فُلَان یعنی اُسکے امر و نہی کو مان - اَشدُدُ بِغَرزِہٖ یعنی اُسکا دامن مت چھوڑ -

[illegible] (غرز) رکاب مین پانون ڈالنا -

غَرز (فت) ایک قسم کی ترگھاس یا ایک گھاس ہے کوم کی مانند کہ بدترین چراگاہ ہے -

غَرز (فکف) (س) نافرمانی کے بعد سلطان کی اطاعت کی باتی کا صیغہ ہے

غرز (فس) غِراز (کفس) (من) اونٹنی کا کم شیر ہونا -

غُرزُجلۃ (کسقسف) ہاتھ کی [illegible]

غَرس (فس) جما ہوا درخت اغراس (فسفس) غِراس (کفس جمع)

غَرس (فس) (من) زمین مین درخت جمانا بوتا -

غِرس (کس) پانی وغیرہ جو بعد زخم مین سے بچہ کے ساتھ باہر نکلتا ہے - پوست جو جنین کے منھ پر ہوتا ہے اگر اُس پوست کو بچہ کے منھ پر جننے کے بعد چھوڑ دین تو فوراً بچہ مرجاوے - اغراس (فسقس) جمع - کالا کوّا -

غُرش (فس) ایک درخت کا پھل ہے -

غَرض (فس) اونٹ کا پیش بند جیسا زین کا تنگ - غُروض (ضض) اغراض (فسفس جمع) ہر زمین سے نکلی ہوئی گول یا رجیہ - غرضان (کسفس ضسفس) جمع - کیڑے کی شکن - موٹے آدمی کے بدن کی جھرّیان کہ بعد دبلے ہونے کے پیدا ہوتی ہیں

غَرض (فس) (ن) اونٹنی کو غرضہ سے باندھنا - باز رکھنا - ایک چیز مین اُسکے وقت سے پہلے جلدی کرنی - دُھرا ہونا لاغری کے سبب موٹاپے کے بعد بدن کا جھرّی دار ہوجانا -

غَرَضَ اَلاِنَاء (من) برتن کو بھرا یا نہ بھرا - لغات اضداد سے ہے -

غَرَضَ اَلقَوم وہی جما کر اُسمین سے مسکہ نکالا اور لوگون کو بھی کھلایا -

غَرَضَ اَلسّحل بھیڑیے کے

غرلتہ (ضسف) لڑکے کی چھنپو کا غلاف جسکو ختنہ میں کاٹتے ہیں -

غرم الدیہ خسپیر تاوان لازم ہوا -

غرم (فس) جس چیز کا ادا لازم ہو قرض تاوان -

غرمول (ضسفس) ذکر یا موٹا اور نرم ذکر لٹکا ہوا ختنہ نکیا ہوا -

غرمی (فسف) بھاری جسم کی عورت لتصہ تیچھے اور معرفۃ ایسا کلمہ ہے سوگند کے لیئے جیسے اما

غرن (فف) ایک پرند جانور ہے یا عقاب یا ایک پرند جانور عقاب کے مشابہ - اغران (فسفس) جمع - کیکڑا

غرن (فک) سست -

غرلف (کسک) یاسمین -

غرنقہ (فسفف) آنکھ میں ایک غدہ سا ہے

غرنوق (ضسفس) ایک آبی جانور ہے سیاہ یعنی گردن کا اور بعض کہتے ہیں کہ وہ سپید ہوتا ہے غرانیق (فضسکس) غرانقہ (فضسکف) غرانق (فضسک) جمع - سیٹے ہوئے بالوں کی لٹ - ایک درخت ہے - غرانق (فضسک) جمع - یا نرم گھاس جو عوسج کی جڑ میں اگے یا ہر گھاس نازک جیسی ہوئی -

غرنیق (ضسفس) کلنگ یا ایک جانور کلنگ کے مشابہ -

غرو (فس) تعجب -

غرو (فس) ران چربی کا ولیر چھپانا - پوست کو سریش سے چپٹانا چپکا جانا -

غروب (ضفس) چاند وغیرہ کا ڈوب جانا

غرور (فضس) دنیا جس چیز سے کہ غرہ کریں اور یہ وغیرہ سے فریب دینے والا شیطان -

غروف (فضس) کوان کہ جسکے پانی تک ہاتھ پہنچے - بڑا ڈول یا ڈول بہت پانی لینے والا -

غروی (فسف) تعجب - دشمنی کی تحریص دلانی - اسم ہے اغراء کا -

غری (فکت) آدمی وغیرہ اچھا خوبصورت

غری بہ غرا اور غراء الغسم (رس) مشتاق ہونا -

غری الغد چشمے کا پانی سرد ہو گیا

غری (ضتف) قوم کی سردار عورت

غریاق (کسفس) ایک پرند جانور ہے

غریب (فکس) ہر چیز نادر اور نئی

مادہ

غرر

غرم

غرل

غرن

غرو

۴۵۵

۹ غرب

۱۰ غزر

۱۱ غرف

۱۲ غزو

۱۳ غرق

۱۴ غرب

۱۲

گھاس تر ـ یا ہر درخت کہ ہمیشہ سبز ہو
شثت ـ طباق ـ تنشم ـ غفار جمع
شدن تحتمل ـ ہتیشر ـ بزم ـ ان
سب درختوں کو غرق کہتے ہیں
درخت کا پتا ـ
غرفۃ (ضسف) ایکبار قطع کرنا
بالونکو کاٹنا ـ پانی کی ایکمرتبہ چلو بھرنی
غرفۃ (کسف) پانی کو ہاتھ
مین لینے کی ہیات ـ
غرفۃ (ضسف) ایک چلو پانی ـ
غراف (کفس) جمع ـ بالاخانہ ـ
غرفات (ضفس) غرفۃ (ضفس جمع)
بالون کی لٹ ـ اونٹ کے گلے
کی رسی کہ سہل گرہ سے باندہی
گئی ہو ـ ساتوان آسمان ـ
غرفی (فسکت) مشک جو غرفۃ
سے سنواری ہوئی ہو ـ
غرقت من اللبن غرقا
(س) لیا مین نے دودہ سے بقدر
ایک دفعہ دوہنے کے ـ غرق ہونا
